# اوّل تواریخ

### آدم سے نوح تک خاندانی تاریخ

**۱** ۱-۳آدم، شیت، انوش، قینان، مہلل ایل، یارِد، حنوک، متوسلح، لمک، نوح۔
۴نوح کے بیٹے سم، حام اور یافت تھے۔

### یافت کی نسل

۵یافت کے بیٹے: جمر، ماجوج، مادی، یاوان، توبل، مسک اور تیراس تھے۔
۶جمر، کے بیٹے: اشکناز، ریفت، تجرمہ تھے۔
۷یاوان کے بیٹے: الیہ، ترسیس، کتی، اور دوانی تھے۔

### حام کی نسل

۸حام کے بیٹے کوش (اتھوپیا) مصریم (مصر) فوط اور کنعان تھے۔
۹کوش کے بیٹے سبا، حویلہ، سبتہ، رعماہ اور سبتکہ تھے۔ رعماہ کے بیٹے سباہ اور دوان تھے۔
۱۰کوش نمرود کا باپ تھا جو کہ روئے زمین پر پہلا طاقتور اور بہادر آدمی ہوئے۔
۱۱اور مصریم لودی، عنامی، لیہابی، نفتوہی، ۱۲فتروسی، کسلومی، (جن سے فلسطینی آئے) اور کفتوری کے باپ تھے۔
۱۳کنعان اپنے پہلوٹھے بیٹے صیدون اور حتّی، ۱۴یبوسی، اموارت، جرجاسی، ۱۵حوتی، عرقی، سینانی، ۱۶اروادئیت، زیمرائیت اور حمات کا باپ تھا۔

### سم کی نسل

۱۷سم کے بیٹے ایلام، اسور، ارفکسد، لود اور ارام تھے۔ ارام کے بیٹے عوض، حول، جبتر اور مسک تھے۔
۱۸ارفکسد سلح کا باپ تھا۔ سلح عِبر کا باپ تھا۔
۱۹عِبر کے دو بیٹے تھے۔ ایک بیٹے کا نام فلج تھا کیوں کہ زمین کے لوگ اس کی زندگی میں مختلف زبانوں میں بٹے ہوئے اور پھیلے ہوئے تھے فلج کے بھائی کا نام یقطان تھا۔ ۲۰یقطان، الموداد، سلف، حصرماوت، اراح، ۲۱ہدورم، اوزال، دقلہ، ۲۲عیبال، ابی ما ایل، شبا، ۲۳اوفیر، حویلاہ اور یوباب کا باپ تھا۔ (یہ تمام یقطان کے بیٹے تھے)

### ابراہیم کا خاندان

۲۴سِم کی نسل میں ارفکسد، سلح، ۲۵عِبر، فلج، رعو، ۲۶سروج، ناحور، تارح، ۲۷اور ابرام۔ (ابرام کو ابراہیم بھی کہتے ہیں۔)
۲۸ابراہیم کے بیٹے اسحاق اور اسمٰعیل تھے۔ ۲۹یہ سب انکی نسلیں ہیں۔

### ہاجرہ کی نسل

اسمٰعیل کا پہلا بیٹا نبایوت تھا، اُسکے دوسرے بیٹے قیدار، ادبئیل، مبسام، ۳۰مشمہ، دوماہ، ماساء، حداد، تیمہ، ۳۱یوطور نفیس اورقدمہ تھے۔ یہ سب اسمٰعیل کے بیٹے تھے۔

### قطورہ کی نسل

۳۲ابراہیم کی داشتہ قطورہ کی نسلیں: اُس سے زمران، یقسان، مدان، مدیان، اسباق، اور سوآخ پیدا ہوئے۔
یقسان کے بیٹے شبا اور ددان تھے۔
۳۳مدیان کے بیٹے ایفاہ، ایفر، حنوک، عابدہ اور ایلداہ تھے۔
یہ سب قطورہ کی نسلیں تھیں۔

### سارہ کے بیٹے

۳۴ابراہیم اسحاق کا باپ ہوا۔ اسحاق کے بیٹے عیساؤ اور اِسرائیل تھے۔
۳۵عیساؤ کے بیٹے ایلیفاز، روئیل، یعوس، یعلام اور قورح تھے۔
۳۶ایلیفاز کے بیٹے تیمان، اومر، صفی، جعتام اور رقناز تھے۔ ایلفاز اور اسکی داشتہ تمنع کا ایک بیٹا تھا جس کا نام عمالیق تھا۔
۳۷روئیل کے بیٹے ناہت، زارح، شماہ اور مزّاح تھے۔

### شعیر کے ادومی

۳۸شعیر کے بیٹے لوطان، شوبل، صبعون، عنہ، دشوان، ایزر اور دسیان تھے۔

۳۹ لوطان کے بیٹے حوری اور ہومام تھے اور لوطان کی ایک بہن تِمنع
تھی۔
۴۰ شوبل کے بیٹے علیان، مناہت، عیبال، سیفی، اور اونام تھے۔
صبعون کے بیٹے ایّہ اور عنہ تھے۔
۴۱ عنہ کا بیٹا دیسوان تھا۔
دیسوان کے بیٹے حمران، اشبان، ایتران اور کران تھے۔
۴۲ ایزر کے بیٹے بلہان، زاوان اور یعقان تھے۔
دشان کے بیٹے عوض اور اران تھے۔

### ادوم کے بادشاہ

۴۳ اِسرائیل میں ایک بادشاہ کی حکومت کرنے سے پہلے یہ سب
بادشاہ تھے جنہوں نے ادوم میں حکومت کئے۔
بعصور کا بیٹا بالع اور اسکے شہر کا نام دنہابا تھا۔
۴۴ بالع کی موت کے بعد بصرا کے زارح کا بیٹا یوباب اگلا بادشاہ ہوا۔
۴۵ جب یوباب مر گیا تو تمینی لوگوں کے ملک کا ہشام اگلا بادشاہ ہوا۔
۴۶ جب ہشام مر گیا بدد کا بیٹا حداد اگلا بادشاہ ہوا۔ حداد نے مدیان کو
موآب کے ملک میں شکست دی۔ حداد کے شہر کا نام عویت تھا۔
۴۷ جب حداد مر گیا تو مسرقہ کا رہنے والا سملہ اگلا بادشاہ ہوا۔
۴۸ سملہ مر گیا تو دریائے فرات کے کنارے رحوبوت کا رہنے والا
شاؤل اگلا بادشاہ ہوا۔
۴۹ جب شاؤل مر گیا تو بعل حنان جو عکبور کا بیٹا تھا اگلا بادشاہ ہوا۔
۵۰ جب بعل حنان مر گیا تو حداد اگلا بادشاہ ہوا۔ حداد کے شہر کا نام
فاعی تھا اور اس کی بیوی کا نام مہطبیل تھا۔ مہطبیل مطرد کی بیٹی تھی
اور مطرد میزاہاب کی بیٹی تھی۔ ۵۱ تب حداد مر گیا۔
ادوم کے سردار تمنع، علیاہ، یتیت، ۵۲ اہلیبامہ، ایلاہ، فینون،
۵۳ قناز، تیمان، مبصار، ۵۴ مجدایل اور عرام تھے۔ یہ ادوم
کے سردار تھے۔

### اِسرائیل کے بیٹے

۲ اِسرائیل کے بیٹے، رُوبن، شمعون، لاوی، یہوداہ، اشکار، زبولون،
۲ دان، یوسف، بنیمین، نفتالی، جاد اور آشر تھے۔

### یہوداہ کے بیٹے

۳ یہوداہ کے بیٹے عیر، اونان اور سیلاہ تھے۔ یہ تینوں اُسکو کنعانی بتشوع
سے پیدا ہوئے تھے۔ خداوند نے یہوداہ کے پہلوٹھے عر کو بُرا سمجھا تھا اسلئے
اُسنے اُسے مار ڈالا۔ ۴ یہودا کی بہو تمر سے اسکو فارض اور زارح پیدا ہوئے اس
طرح کل ملا کر یہوداہ کے پانچ بیٹے تھے۔
۵ فارص کے بیٹے حصرون اور حمول تھے۔
۶ زارح کے بیٹے تھے: زمری، ایتان، ہیمان، کلکول اور دارع۔ کل ملا کر
پانچ بیٹے تھے۔
۷ زمری کا بیٹا کرمی تھا۔ کرمی کا بیٹا عکر تھا۔ عکر وہ تھا جسنے کچھ مال
غنیمت جو کہ خدا کو دینا تھا اپنے پاس رکھ لیا تھا جسکی وجہ سے اسرائیل پر
مصیبت آئی۔
۸ ایتان کا بیٹا عزریاہ تھا۔
۹ حصرون کے بیٹے یرحمیل، رام اور کالب تھے۔

### رام کی نسل

۱۰ رام عمّیناداب کا باپ تھا اور عمّیناداب نحسون کا باپ تھا اور
نحسون یہوداہ کے لوگوں کا قائد تھا۔ ۱۱ نحسون سلما کا باپ تھا۔ سلما بوعز
کا باپ تھا۔ ۱۲ بوعز عوبید کا باپ تھا۔ عوبید یسّی کا باپ تھا۔
۱۳ یسّی ایلیاب کا جو کہ اسکا پہلوٹھا بیٹا تھا۔ ایلیاب کا دُوسرا بیٹا
ابینداب تھا اُس کا تیسرا بیٹا سمع تھا۔ ۱۴ نتنی ایل اسکا چوتھا بیٹا
تھا، پانچواں بیٹا ردائی تھا۔ ۱۵ اوضم اسکا چھٹا بیٹا تھا اور داؤد اُس کا
ساتواں بیٹا تھا۔ ۱۶ اُن کی بہنیں، زیرویا اور ابیجیل تھیں۔ زیرویا کے
تین بیٹے ابیشائی، یوآب اور عساہیل تھے۔ ۱۷ ابیجیل اماساء کو جنم دی۔
اماساء کا باپ ایتھر تھا۔ ایتھر اسمٰعیلی لوگوں میں سے تھا۔

### کالب کی نسل

۱۸ حصرون کا بیٹا کالب کو اسکی بیوی عزوبہ سے یریعوت نام کا
ایک بیٹا تھا۔ عزوبہ کے دوسرے بیٹے تھے: یشیر، شوباب اور آردن۔
۱۹ جب عزوبہ مر گئی کالب نے افرات سے شادی کی اسنے اسکے لئے حور
کو جنم دیا۔ ۲۰ حُور اوری کا باپ تھا۔ اوری بضلیل کا باپ تھا۔
۲۱ بعد میں حصرون مکیر کی بیٹی کے ساتھ جنسی تعلقات قائم کیا۔
مکیر جلعاد کا باپ تھا ( اسنے اسکے ساتھ اس وقت شادی کی جب اسکی عمر
۶۰ سال تھی) اور اسنے اسکے لئے شجوب کو جنم دیا۔ ۲۲ شجوب یائیر کا
باپ تھا۔ یائیر کے ملک جِلعاد میں ۲۳ شہر تھے۔ ۲۳ لیکن جسور اور ارام
نے یائیر کے گاؤں پر قبضہ کرلیا اُن کے درمیان قنات اور اسکے
چاروں طرف چھوٹے چھوٹے قصبے تھے۔ اِس طرح کل ۶۰ چھوٹے
قصبے تھے۔ یہ تمام قصبے مکیر کے بیٹوں کے تھے، جوجلعاد کا باپ تھا۔

۲۴ حصرون افرات کے کالب شہر میں مر گیا اُس کی موت کے بعد
اُس کی بیوی ابیاہ اشور کو جنم دیا۔ اشور تقوع کا باپ تھا۔

## یرحمیل کی نسل

۲۵ یرحمیل حصرون کا سب سے بڑا بیٹا تھا۔ یرحمیل کے بیٹے رام
سب سے بڑا بیٹا، بونہ، اورن، اوضم اور اخیاہ تھے۔ ۲۶ یرحمیل کی
دُوسری بیوی تھی اسکا نام عطارہ تھا۔اوروہ اونام کی ماں تھی۔
۲۷ یرحمیل کےسب سے بڑے بیٹے رام کے بیٹے یہ ہیں : معض
یمین اور عقیر۔
۲۸ اونام کے بیٹے سمی، یدع تھے۔ سمی کے بیٹے ناداب اور ابیشور
تھے۔
۲۹ ابیشور کی بیوی کا نام ابیخیل تھا۔اسنے اسکے لئے اخبان اور
مولد کو جنم دیا۔
۳۰ ناداب کے بیٹے سلد اور افائم تھے۔ سلد لاولد مر گیا۔
۳۱ افائم کا بیٹا یسعی تھا۔ یسعی کا بیٹا شیشان تھا۔شیشان کا بیٹا اخلی
تھا۔
۳۲ سمی کا بھائی یدع کے بیٹے ایتر اور یُونتن تھے۔ ایتر لاولد مر گیا۔
۳۳ یونتن کے بیٹے فلت اور زازا تھے۔ یہ فہرست یرحمیل کے بچّوں
کی تھی۔
۳۴ شیشان کے بیٹے نہیں تھے اُس کی صرف لڑکیاں تھیں۔شیشان
کے پاس مصر کا یرخع نام کا ایک خادم تھا۔ ۳۵ شیشان نے اپنی بیٹی کی
شادی اپنے نوکر یرخع سے کرادی اور اسنے اسکے لئے عتی کو جنم دیا۔
۳۶ عتی ناتن کا باپ تھا۔اور ناتن زاباد کا باپ تھا۔ ۳۷ زاباد افلال
کا باپ تھا۔ افلال عوبید کا باپ تھا۔ ۳۸ عوبید یاہو کا باپ تھا۔ یاہو
عزریاہ کا باپ تھا۔ ۳۹ عزریاہ خلص کا باپ تھا۔ خلص العاسہ کا باپ تھا۔
۴۰ العاسہ سسمی کا باپ تھا سسمی شلوم کا باپ تھا۔ ۴۱ شلوم یقمیاہ کا
باپ تھا اور یقمیاہ الیسمع کا باپ تھا۔

## کالب کا خاندان

۴۲ یرحمیل کے بھائی، کالب کے بیٹے: کالب کے سب سے
بڑے بیٹے کا نام میشا تھا جو زیف کا باپ تھا اور مریسہ جو حبرون کا باپ تھا۔
۴۳ حبرون کے بیٹے قورح، تفوح، رقم اور سمع تھے۔ ۴۴ سمع راہم
کا باپ تھا۔ جو یرقعام کا باپ تھا۔ رقم سمی کا باپ تھا۔ ۴۵ سمی کا
بیٹا معون تھا اور معون بیت صور کا باپ تھا۔

۴۶ کالب کی داشتہ عیفہ حاران، موضا اور جازز کو جنم دیا۔ حاران جازز
کا باپ تھا۔
۴۷ یہدئی کے بیٹے رجم، یوتام، جسام، فلط، عیفہ اور شعف تھے۔
۴۸ معکہ کالب کی ایک دُوسری عورت خادمہ تھی۔ معکہ شبر اور
ترحناہ کی ماں تھی۔ ۴۹ معکہ شعف اور سوا کی بھی ماں تھی۔ شعف مدمنّاہ کا
باپ تھا۔ سوا مدمنّاہ اور رجبع کا باپ تھا۔ کالب کی بیٹی عکسہ تھی۔
۵۰ یہ سب کالب کی نسل تھی۔ افراتہ کا سب سے بڑا بیٹا
حور کے بیٹے تھے: سوبل جو قریت یعریم کا بانی تھا، ۵۱ سلما بیت اللحم کا
بانی اور خارف بیت جادر کا بانی۔
۵۲ سوبل جو قریت یعریم کے بانی تھے کے نسل یہ تھے: ہرائی،
آدھے منوخوتی، ۵۳ اور قریت یعریم کے قبیلہ کے لوگ۔ یہ اتری کے
لوگ، فوتی کے لوگ، شماتی کے لوگ اور مشراعی کے لوگ۔ صراعاتی اور
استاولی کے لوگ مشراعی لوگوں سے نکلے۔ ۵۴ سلما کی یہ نسلیں تھیں:
بیت اللحم کے لوگ، نطوفاتی، عطرات، بیت یوآب، منوخوتیوں کےآدھے
لوگ، صرعی کےلوگ ، ۵۵ یعبیض میں رہنے والے منشیوں کے قبیلے:
ترعاتی، سمعاتی اور سوکاتی۔ یہ منشی لوگ ان قینی لوگوں سے تھے۔ جو حمات
کی نسل سے تھے۔ حمات بیت رِکاب کا بانی تھا۔

## داؤد کے بیٹے

۳ یہ داؤد کے بیٹے ہیں جواسے حبرون میں پیدا ہوئے تھے: سب
سے بڑا بیٹا امنون تھا، اسکی ماں اخینوعم یزریلی تھی۔
دُوسرا بیٹا دانی ایل تھا اُس کی ماں ابیجیل یہوداہ کے کرمل سے تھی۔
۲ تیسرا ابی سلوم تھا، جو کہ جسور کے بادشاہ تلمائی کی بیٹی معکہ کا
بیٹا تھا۔
چوتھا ادونیاہ تھا، جو حجّیت کا بیٹا تھا۔
۳ پانچواں بیٹا سفطیاہ تھا جو ابی طال کا بیٹا تھا۔
چھٹا اترعام تھا جو داؤد کی بیوی عجلہ کا بیٹا تھا۔ ۴ یہ داؤد کے چھ بیٹے
حبرون میں پیدا ہوئے تھے۔
داؤد وہاں سات سال اور چھ مہینے حکومت کیا۔ داؤد یروشلم میں
اور ۳۳ سال تک حکومت کیا۔
۵ اور انکے یہ بیٹے یروشلم میں پیدا ہوئے تھے:
سمعا، سوباب، ناتن اور سلیمان - یہ عمی ایل کی بیٹی بتشبع کے چار
بیٹے تھے۔ ۶ -۸ دوسرے بیٹے تھے: ابحار، الیسع، الفط، نوجہ، نفع، یفیعہ،
الیسع، الیدع اور الیفط جو کل ملا کر نو بیٹے تھے۔ ۹ وہ تمام داؤد کے لڑکے
تھے۔ اسکی داشتہ کے بیٹوں کے علاوہ ، اور تمر انلوگوں کی بہن تھی۔

### داوٗد کے بعد یہوداہ کے بادشاہ

**۱۰** سُلیمان کا بیٹا رحُبعام تھا اور رحُبعام کا بیٹا ابیاہ تھا- ابیاہ کا بیٹا آساء تھا- آساء کا بیٹا یہوسفط تھا- **۱۱** یہوسفط کا بیٹا یہورام تھا- یہورام کا بیٹا اخزیاہ تھا- اخزیاہ کا بیٹا یوآس تھا- **۱۲** یوآس کا بیٹا امصیاہ تھا- امصیاہ کا بیٹا عزریاہ تھا- اور عزریاہ کا بیٹا یوتام تھا- **۱۳** یوتام کا بیٹا آخز تھا- آخز کا بیٹا حزقیاہ تھا- حزقیاہ کا بیٹا منّسی تھا- **۱۴** منّسی کا بیٹا امون تھا- امون کا بیٹا یوسیاہ تھا-

**۱۵** یوسیاہ کے بیٹے تھے: سب سے بڑا بیٹا یوحنان ، دوسرا بیٹا یہویقیم تھا- تیسرا بیٹا صدقیاہ تھا چوتھا بیٹا سلوم تھا-

**۱۶** یہویقیم کے بیٹے تھے: یہویاکین اور صدقیاہ-

### بابل کی قید کے بعد داوٗد کی نسل

**۱۷** قیدی یہویاکین کے بیٹے تھے: سیالتی ایل، **۱۸** ملکرام، فدایاہ سیناضر، یقمیاہ، ہوسمع اور ندبیاہ،

**۱۹** فدایاہ کے بیٹے : زربّابل اور سمعی تھے- زر بّابل کے بیٹے: مسلام اور حنانیاہ تھے- شلومت اُن کی بہن تھی- **۲۰** زر بّابل کے دُوسرے پانچ بیٹے تھے: حسوبہ، اوہل، برکیاہ، حسدیاہ اور یوشب حسد-

**۲۱** حنانیاہ کا بیٹا فلطیاہ اور ایسعیاہ تھا- اور ایسعیاہ کا بیٹا رفایاہ تھا اور اُس کا بیٹا ارنان اور اُس کا بیٹا عیدیاہ اور اُسکا بیٹا سکنیاہ تھا-

**۲۲** سکنیاہ کا بیٹا سمعیاہ تھا- سمعیاہ کے چھ بیٹے یہ تھے: سمعیاہ، حطوش، اجال، بریح، نعریاہ اور سافط تھے-

**۲۳** نعریاہ کے تین بیٹے تھے الیوعینی، حزقیاہ اور عزریقام جو کل ملا کر تین تھے-

**۲۴** الیوعینی کے بیٹے تھے: ہوداویہ، الیاسب، فلایاہ، عقوب، یوحنان، دلایا اور عنانی جو کل ملا کر سات تھے-

### یہوداہ کے دُوسرے خاندانی گروہ

**۴** یہوداہ کے بیٹے تھے: فارض، حصرون، کرمی، حصور اور سوبل- **۲** سوبل کا بیٹا ریایاہ یحت کا باپ تھا- یحت حومی اور لاہد کا باپ تھا- یہ لوگ صروتی لوگوں کا خاندانی گروہ ہے-

**۳** عطیام کے بیٹے: یزرعیل، اِشامہ اور ادباش تھے اور اُن کی بہن کا نام ہضلل الفونی تھا-

**۴** فنوئیل جدور کا باپ تھا اور عزر حوسہ کا باپ تھا-

یہ سب حُور کے بیٹے تھے- حُور افراتہ کا سب سے بڑا بیٹا تھا اور افراتہ بیت اللحم کا بانی تھا-

**۵** تقوع کا بانی اشور تھا- اشور کی دو بیویاں تھیں- اُن کے نام حیلا اور نعراہ تھے- **۶** نعراہ نے اسکے لئے اخوسام، حیفر، تمینی اور اخشطار کو جنم دیا- یہ سب نعراہ کے بیٹے تھے- **۷** حیلا کے بیٹے: ضرت، صوحر، اتنان اور قوض تھے- **۸** قوض عنوب اور ضوبیہ کا باپ تھا- قوض ہاروم کے بیٹے اخرحیل کے قبیلوں کا باپ تھا-

**۹** یعبیض اپنے بھائیوں سے زیادہ معزّز تھا- اُسکی ماں نے کہا، "میں نے اُس کا نام یعبیض اسلئے رکھا کیوں کہ اُس وقت میں بڑی تکلیف میں تھی جب میں اسکو جنم دے رہی تھی-" **۱۰** یعبیض نے اِسرائیل کے خُدا سے دُعا کی، " تو مجھے حقیقی فضل دے- اور میری زمین بڑھادے تو میرے نزدیک رہ اور مجھے بُرائی سے بچاتا کہ میں کوئی تکلیف نہ جھیلوں اور خدا نے اسکی دعاء کا اجر دیا-"

**۱۱** سوخہ کا بھائی کلوب محیر کا باپ تھا- جو کہ استون کا باپ تھا- **۱۲** استون بیت رافا، فاسح اور تحنّہ کا باپ تھا- تحنّہ عرنحس کا باپ تھا یہ سب آدمی ریکہ کے تھے- **۱۳** قناز کے بیٹے غتنیل اور شرایاہ تھے، غتنیل کے بیٹے حتت اور معوناتی تھے- **۱۴** معوناتی عفرہ کا باپ تھا اور شرایاہ یوآب کا باپ تھا- یوآب جی خراسیم کا بانی تھا- وہ لوگ اِس نام کو استعمال کئے کیوں کہ وہ فنی کاریگر تھے-

**۱۵** یفنّہ کا بیٹا، کالب کے بیٹے: عیرو، ایلہ، اور نعم تھے- ایلہ کا بیٹا قناز تھا-

**۱۶** یہلل ایل کے بیٹے زیف، زیفہ، تیریا اور اسری ایل تھے-

**۱۷-۱۸** عزرا کے بیٹے ایتر، میرد، عفر اور علون تھے- فرعون کی بیٹی بتیاہ جسے میرد نے شادی کی تھی کے بیٹے: وہ حاملہ ہوئی اور مریم، سمعی اور اسباح کو جنم دیا- اسباح استموع کا باپ تھا- میرد کی ایک یہودی بیوی نے یرد، حبر اور یقوتی ایل کو جنم دیا- یرد جدور کا باپ تھا، حبر، سوکو کا باپ تھا اور یقوتی ایل زنوح کا باپ تھا-

**۱۹** نحم کی بہن ، ہودیاہ کی بیوی کے بیٹے تھے: جرمی قعیلہ کا باپ اور معکاتی استموع- **۲۰** شیمون کے بیٹے: امنون، رِناہ، بن حنان اور تیلون تھے-

یشعی بیٹے زوحت اور بن زوحت تھے-

**۲۱-۲۲** یہوداہ کا بیٹا، شیلہ کے بیٹے تھے: عر، لعدہ، یوکم- یہ لوگ کوزبیا، یوآس اور سراف سے تھے- عر لکہ کا باپ تھا- لعدہ مریسہ کا باپ تھا اور بیت اسبح میں کتانی کاریگروں کا قبیلہ- یوآس اور سراف نے موآبیوں سے شادی کی اور بیت اللحم واپس گئے- یہ دستاویز بہت پُرانی ہیں- **۲۳** وہ جو نیتاعم اور گدیرا میں رہتے تھے کمہار تھے- وہ وہاں بادشاہ کی خدمت میں رہتے تھے-

## شمعون کی اولاد

۲۴ شمعون کے بیٹے نموایل، یمین، یریب، زارح اور شاؤل تھے۔

۲۵ شاؤل کا بیٹا سلوم تھا۔ سلوم کا بیٹا مبسام تھا اور مبسام کا بیٹا مسماع۔

۲۶ مسماع کا بیٹا حموایل تھا۔ حموایل کا بیٹا زکور تھا اور زکور کا بیٹا شمعی تھا۔ ۲۷ شمعی کے ۱۶ لڑکے اور ۶ لڑکیاں تھیں۔ لیکن شمعی کے بھائیوں کے زیادہ بچّے نہیں تھے۔ انلوگوں کا پورا قبیلہ اتنا بڑا نہیں تھا جتنا کہ یہوداہ کے لوگوں کا۔

۲۸ وہ لوگ بیر سبع، مولادہ، حضر سوعال، ۲۹ بلہاہ، عضم، تولاد، ۳۰ بتوایل، حرمہ، صقلاج، ۳۱ بیت مرکبوت، حضر سوسم، بیت برائی اور شعریم میں رہتے تھے۔ وہ لوگ اُنکے شہروں میں داؤد کے بادشاہ ہونے تک رہے۔ ۳۲ انلوگوں کی سکونت گاہ عطام، عین، رمون، توکن اور عسن میں بھی تھے کل ملا کر پانچ شہر تھے۔ ۳۳ اور ساری سکونت گاہ جوان شہروں کے آس پاس اور بعلت تک تھے یہ اُنکی سکونت گاہ تھی۔ وہ لوگ خاندانی دستاویز برقرار رکھا تھا۔

۳۴-۳۸ میشوباب، یملیک، امصیاہ کا بیٹا یوشہ، یوایل، عسی ئیل کا بیٹا شرایاہ، شرایاہ کا بیٹا یوسیبیا، یوسیبیا کا بیٹا یاہو، الیوعینی، یعقوبہ، یشوخایا، عسایاہ، عدایل، یسمی ئیل، بنائیا، سمعیاہ کا بیٹا شیمری، شیمری کا بیٹا یدائیا، یدائیا کا بیٹا الون، الون کا بیٹا شیفی، شیفی کا بیٹا زیزہ۔ یہ سب آدمی انکے خاندانی گروہ کے قائدین تھے۔

انکے خاندان بہت زیادہ بڑھے۔ ۳۹ وہ جدور شہر کے باہر وادی کے مشرقی جانب اپنی بھیڑوں اور مویشیوں کے لئے چراگاہ کی تلاش میں گئے۔ ۴۰ اُنہیں بہت عمدہ اور زیادہ گھاس والے چراگاہ ملے۔ زمین کشادہ، پُرسکون اور پُرامن والی تھی پہلے وہاں حام کی نسلیں رہتی تھی۔ ۴۱ لیکن وہ جنکی ناموں کی فہرست بنائی گئی تھی یہوداہ کے بادشاہ حزقیاہ کے زمانے میں جدور آئے۔ وہ حامی لوگوں (ساتھ ہی ساتھ معونی لوگوں) کی سکونت گاہ پر حملہ کیا اور انہیں نیست ونابود کیا جو کہ آج تک ظاہر ہے۔ اور وہ لوگ انکی جگہ میں رہے کیونکہ وہاں انکے مویشیوں کے جھنڈ کے لئے چراگاہیں تھے۔

۴۲ کچھ پانچ سو شمعونی لوگ شعیر کے پہاڑی ملکوں میں گئے۔ نعریاہ، رفایا اور یسعی کے بیٹے عزی ایل نے انلوگوں کی رہنمائی کی۔ شمعونی لوگ وہاں رہنے والے لوگوں کے خلاف لڑے۔ ۴۳ وہ لوگ باقی بچے عمالیقی لوگوں کو جو کہ بچ گئے تھے ہرا دیا اور وہ لوگ اب تک وہاں رہتے ہیں۔

## رُوبن کی نسلیں



۱-۳ رُوبن اسرائیل کا سب سے بڑا بیٹا تھا۔ حالانکہ وہ سب سے بڑا بیٹا تھا لیکن پہلوٹھا ہونے کا حق یوسف کے بیٹوں کو دیا گیا تھا، جو اسرائیل کا بیٹا تھا، کیونکہ روبن اپنے باپ کی داشتہ کے ساتھ سویا تھا۔ بہرحال یوسف کو خاندانی تاریخ کی فہرست میں پہلوٹھے کے طور پر شامل نہیں کیا گیا حالانکہ یہوداہ اپنے بھائیوں میں اہم تھا اور اُس کے خاندان سے حکمراں آئے، یہ یوسف تھا جسے پیدائشی حق ملا۔ اسرائیل کا سب سے بڑا بیٹا روبن کے بیٹے تھے: حنوک، فلو، حصرون اور کرمی۔

۴ سمعیاہ یوایل کا بیٹا تھا۔ جوج سمعیاہ کا بیٹا تھا۔ شیمی جوج کا بیٹا تھا۔ ۵ میکاہ شیمی کا بیٹا تھا۔ ریایاہ میکاہ کا بیٹا تھا بعل ریایاہ کا بیٹا تھا۔ ۶ بیرہ بعل کا بیٹا تھا جسے اسُور کا بادشاہ تِگلات پلناصر نے جلاوطن کردیا تھا۔ وہ روبنیوں کا قائد تھا۔

۷ اسکے بھائی قبیلہ کے مطابق جیسا کہ خاندانی دستاویز میں درج کیا گیا ہے: قائد یعی ایل اور زکریہ، ۸ بالع عزاز کا بیٹا، عزاز سمع کا بیٹا، سمع یوایل کا بیٹا جو عروعیر سے لے کر نبو اور بعل معون تک، ۹ اور مشرق میں ریگستان کے شروع تک جو کہ فرات ندی تک جاتی ہے، کیونکہ جلعاد کے سرزمین میں انکے مال مویشی میں اضافہ ہو گیا تھا۔ ۱۰ جب ساؤل بادشاہ تھا تب انلوگوں نے ہاجری لوگوں کے خلاف لڑائی لڑے۔ وہ لوگ ہاجری لوگوں کو شکست دیئے۔ وہ لوگ پورے علاقے میں جلعاد کے مشرق تک انلوگوں کی سکونت گاہ میں رہے۔

## جاد کی نسلیں

۱۱ جاد کے بیٹے (روبنیوں کے آگے): وہ لوگ بسن کے علاقہ میں سلکہ شہر تک رہے۔ ۱۲ یوایل قائد تھا، سافم درجہ میں دوسرا تھا اور جنائی اور سافط بسن میں قاضی تھے۔ ۱۳ اُن کے خاندانوں کے مطابق انکے رشتے دار: میکایل، مسلام، سبعہ، یوری، یعکان زیع اور عبر تھے، کل ملا کر وہ سات تھے۔ ۱۴ یہ سب ابیخیل کے بیٹے تھے۔ ابیخیل حوری کا بیٹا تھا۔ حوری یاروآح کا بیٹا تھا۔ یاروآح جلعاد کا بیٹا تھا۔ جلعاد، میکایل کا بیٹا تھا۔ میکایل یشیشائی کا بیٹا تھا۔ یشیشائی یحدو کا بیٹا تھا۔ یحدو بوز کا بیٹا تھا۔ ۱۵ اخی عبدیل کا بیٹا تھا۔ عبدیل جونی کا بیٹا تھا۔ اخی اُن کے خاندان کا قائد تھا۔

۱۶ وہ جلعاد میں، بسن میں اور انکی سکونت گاہ میں، اور شارون کے چراگاہوں میں ٹھیک سرحد تک رہے۔

۱۷ ان لوگوں کی خاندانی تاریخ یہوداہ کے بادشاہ یوتام اور اسرائیل کے بادشاہ یربعام کے زمانے میں لکھے گئے تھے۔

۱۸ روبینی، جادیوں اور منسّی قبیلہ کے آدھے لوگوں کے پاس ۴۴۷۶۰ آدمیوں کی فوجیں تھی جو تلوار اور ڈھال ساتھ لے جاتے اور وہ تیر اندازی میں ماہر تھے انلوگوں کو جنگ کے لئے تربیت دی گئی تھی۔

۱۹ اُنہوں نے ہاجری لوگوں، اور بطور، نفیس اور نودب کے لوگوں
کے خلاف بھی جنگ لڑے۔ ۲۰ اور انلوگوں کی خدانے مدد کی
جنہوں نے ہاجری لوگوں اوران سارے لوگوں کو جو کہ انکے طرف تھے
انلوگوں کے حوالے کیا۔ کیونکہ انلوگوں نے خدا کو پکارا اور اسنے اسکا جواب
دیا کیونکہ وہ لوگ اس پر بھروسہ رکھتے تھے۔ ۲۱ انہوں نے انلوگوں کے
مال مویشیوں(۵۰،۰۰۰ اونٹ، ۲۵۰،۰۰۰ بھیڑ، ۲،۰۰۰
گدھے) کو ضبط کرلیا اور ۱۰۰،۰۰۰ لوگوں کو قیدی بنایا۔ ۲۲ کئی
ہاجری جنگ میں مارے گئے تھے کیونکہ فتح خدا کی طرف سے تھی۔ اور وہ جلا
وطن تک ان لوگوں کی جگہ میں رہے۔
۲۳ منسّی کے قبیلہ کے آدھے لوگ بسن کے علاقے سے بعل حرمون،
سنیر اور حرمون کی پہاڑی تک رہتے تھے۔ وہ لوگ تعداد میں زیادہ تھے۔
۲۴ یہ سب انلوگوں کے خاندانوں کے قائدین تھے: عیفر، یسعی، الی
ایل، عزرائیل، یرمیاہ، ہوداویاہ اور یحدائیل۔ وہ سب طاقتور اور مشہور آدمی
تھے اور اُن کے خاندانوں کے قائدین تھے۔ ۲۵ لیکن اپنے آباء واجداد کے
خدا کے تئیں وفادار نہیں تھے اور وہ انلوگوں کے خداؤں کے سامنے جھکے جو اُس
زمین پر رہا کرتے تھے جسے خدا نے اسرائیلیوں کا اس زمین پر آنے سے پہلے
تباہ کردیا تھا۔
۲۶ اسرائیل کے خُدا نے پُول یعنی تگلت پلناصر جو اسُور کا بادشاہ
تھا کے (لڑائی کے) جذبات کو ابھارا اسنے روبن جاد اور منسّی کے آدھے خاندانی
گروہوں کو جلاوطن کردیا اور انہیں خلح، خابور، ہارا اور دریائے جوزان لایا۔
جہاں وہ آج تک ہے۔

## لاوی کی نسلیں

۶ لاوی کے بیٹے تھے: جیرشون، قہات، اور مراری۔
۲ قہات کے بیٹے تھے: عمرام، اظہار، حبرون اور عزی ایل۔
۳ عمرام کی نسلیں تھے: ہارون، موسیٰ اور مریم۔
ہارون کے بیٹے تھے: ناداب، ابیہو، الیعزر، اور اتمر۔ ۴ الیعزر فینحاس
کا باپ تھا۔ فینحاس ابیسوع کا باپ تھا۔ ۵ ابیسوع بقی کا باپ تھا۔ بقی
عُزی کا باپ تھا۔ ۶ عُزی زراخیاہ کا باپ تھا۔ زراخیاہ مرایوت کا باپ
تھا۔ ۷ مرایوت امریاہ کا باپ تھا۔ امریاہ اخیطوب کا باپ تھا۔
۸ اخیطوب صدوق کا باپ تھا۔ صدوق اخیمعض کا باپ تھا۔ ۹ اخیمعض
عزریاہ کا باپ تھا عزریاہ یوحنان کا باپ تھا۔ ۱۰ یوحنان عزریاہ کا باپ
تھا۔ (عزریاہ وہ شخص تھا جس نے اس ہیکل میں کاہن کی طرح خدمت کی
جسکو یروشلم میں سُلیمان نے بنایا۔) ۱۱ عزریاہ امریاہ کا باپ تھا۔
امریاہ اخیطوب کا باپ تھا۔ ۱۲ اخیطوب صدوق کا باپ تھا۔ صدوق
سلُوم کا باپ تھا۔ ۱۳ سلوم خلقیاہ کا باپ تھا۔ خلقیاہ عزریاہ کا باپ تھا۔
۱۴ عزریاہ سیرایا کا باپ تھا۔ سرایا یہوصدق کا باپ تھا۔
۱۵ یہوصدق جلاوطن میں چلے گئے۔ جب خُداوند نے یہوداہ اور
یروشلم نبوکدنضر کے ذریعہ جلاوطن کردیا۔

## لاوی کی اور نسلیں

۱۶ لاوی کے بیٹے تھے: جیرشون، قہات اور مراری۔
۱۷ جیرشون کے بیٹوں کے نام یہ ہیں: لبنی اور شمعی۔
۱۸ قہات کے بیٹے تھے: عمرام، اظہار، حبرون اور عزی ایل۔
۱۹ مراری کے بیٹے تھے: محلی اور موشی۔ یہ سب لاوی کے قبیلے
انکے خاندانوں کے مطابق ہیں۔
۲۰ یہ جیرشون کی نسلیں: لبنی جیرشون کا بیٹا تھا۔ یحت لبنی کا بیٹا
تھا۔ زمہ یحت کا بیٹا تھا۔ ۲۱ یوآخ زمہ کا بیٹا تھا۔ عیدو یوآخ کا بیٹا تھا۔
زارح عیدو کا بیٹا تھا۔ سیتری زارح کا بیٹا تھا۔
۲۲ یہ قہات کی نسلیں ہیں: عمّینداب قہات کا بیٹا تھا۔ قورح
عمّینداب کا بیٹا، اسیر قورح کا بیٹا ۲۳ القانہ اسیر کا بیٹا تھا۔ ابی آسف
القانہ کا بیٹا، اسیر ابی آسف کا بیٹا تھا۔ ۲۴ تحت اسیر کا بیٹا تھا۔ اوری
ایل تحت کا بیٹا تھا۔ عزیا اوریل کا بیٹا۔ شاؤل عزیا کا بیٹا تھا۔
۲۵ القانہ کے بیٹے عماسی اور اخیموت تھے۔ ۲۶ القانہ کے
بیٹے عماسی اور اخیموت تھے۔ اسکا بیٹا القانہ تھا اسکا بیٹا صوفائی تھا اسکا بیٹا
نحت تھا۔ ۲۷ اسکا بیٹا الیاب تھا اسکا بیٹا یروحام تھا اسکا بیٹا القانہ
اور اسکا بیٹا سموئیل تھا۔
۲۸ سموئیل کے بیٹے تھے: اُسکا بڑا بیٹا یوایل اور ابی دوسرا بیٹا ابیاہ۔
۲۹ مراری کی نسلیں تھے: محلی، اسکا بیٹا لبنی، اور اسکا بیٹا شمعی، اسکا
بیٹا عزّہ تھا۔ ۳۰ سمعا عزّہ کا بیٹا تھا۔ حجیاہ سمعا کا بیٹا تھا۔ عسایاہ حجیاہ کا
بیٹا تھا۔

## ہیکل کے موسیقیکار

۳۱ یہ وہ لوگ ہیں جنہیں داؤد نے خُداوند کے گھر میں یروشلم میں
معاہدہ کے صندوق رکھے جانے کے بعد گانے کے لئے چُنا۔ ۳۲ یہ لوگ
مقدس خیمہ جو کہ خیمۂ اجتماع ہے میں سلیمان کا یروشلم میں خداوند کا
گھر بنانے تک موسیقی گا کر خدمت کیا کرتے تھے۔ انہوں نے انکی خدمت
کے لئے دیئے گئے اصولوں کے مطابق خدمت کئے۔
۳۳ یہ وہ ہیں جو انکے بیٹوں کے ساتھ خدمت کئے:
قہات کے لوگوں سے: گلوکار ہیمان، ہیمان یوایل کا بیٹا تھا۔ یوایل

سموئیل کا بیٹا تھا۔ ۳۴سموئیل القانہ کا بیٹا تھا۔ القانہ یروحام کا بیٹا
تھا۔ یروحام ابی ایل کا بیٹا تھا۔ ابی ایل توح کا بیٹا تھا۔ ۳۵توح صوف کا
بیٹا تھا۔ صوف القانہ کا بیٹا تھا۔ القانہ محت کا بیٹا تھا۔ محت عماسی کا بیٹا
تھا۔ ۳۶عماسی القانہ کا بیٹا تھا۔ القانہ یوایل کا بیٹا، یوایل عزریاہ کا بیٹا
تھا۔ عزریاہ سفنایاہ کا بیٹا تھا۔ ۳۷سفنایاہ تحت کا بیٹا تھا۔ تحت اسیر کا
بیٹا تھا۔ اسیر ابی آسف کا بیٹا تھا۔ ابی آسف قورح کا بیٹا تھا۔ ۳۸قورح
اظہار کا بیٹا تھا۔ اظہار قہات کا بیٹا تھا۔ قہات لاوی کا بیٹا تھا۔ لاوی
اسرائیل کا بیٹا تھا۔

۳۹ہیمان کی داہنی جانب اسکا رشتہ دار شمعا کا بیٹا برکیاہ، برکیاہ کا
بیٹا آسف کھڑا ہوا۔ ۴۰شمعا میکائیل کا بیٹا تھا۔ میکائیل بعسیاہ کا بیٹا تھا۔
بعسیاہ ملکیاہ کا بیٹا تھا۔ ۴۱ملکیاہ اتنی کا بیٹا تھا۔ اتنی زارح بیٹا تھا زارح
کا عدایاہ کا بیٹا تھا۔ ۴۲عدایاہ ایتان کا بیٹا تھا۔ ایتان زمہ کا بیٹا تھا۔ زمہ
شیمی کا بیٹا تھا۔ ۴۳شیمی یحت کا بیٹا تھا۔ یحت جیرشون کا بیٹا تھا۔
جیرشون لاوی کا بیٹا تھا۔ ۴۴انکے بائیں جانب انکے رشتے دار مراری کی
نسلیں: ملوک کا بیٹا عبدی، عبدی کا بیٹا قیسی، قیسی کا بیٹا ایتان کھڑا ہوا۔
۴۵ملوک حسبیاہ کا بیٹا تھا۔ حسبیاہ امصیاہ کا بیٹا تھا۔ امصیاہ خلقیاہ کا بیٹا
تھا۔ ۴۶خلقیاہ امصی کا بیٹا تھا۔ امصی بانی کا بیٹا تھا۔ بانی سامر کا بیٹا
تھا۔ ۴۷سامر، محلی کا بیٹا تھا۔ محلی موشی کا بیٹا تھا۔ موشی، مراری کا بیٹا
تھا۔ مراری لاوی کا بیٹا تھا۔

۴۸انکے رشتے دار کے علاوہ لاوی لوگ کو خدا کا گھر مقدس خیمہ
میں سبھی کام کے لئے سونپے گئے تھے۔ ۴۹لیکن صرف ہارون کی نسلوں
کو ہی جلانے کے نذرانے کی قربان گاہ اور بخور کی قربان گاہ پر بخور جلانے
کی اجازت دی گئی تھی۔ خدا کے خادم موسیٰ کے حکموں کے مطابق سب
سے مقدس جگہ کے سارے کاموں کی دیکھ بھال ہارون کی نسلیں کیا کرتے
تھے۔ اور اسرائیلیوں کے گناہوں کے تلافی کے لئے رسموں کو ادا کئے۔

## ہارون کی نسلیں

۵۰یہ ہارون کے بیٹے تھے: الیعزر ، الیعزر کا بیٹا فینحاس، اور اسکا
بیٹا ابیسوع۔ ۵۱بقی ابیسوع کا بیٹا تھا۔ عزی بقی کا بیٹا تھا۔ زراخیاہ عزی
کا بیٹا تھا۔ ۵۲مرایوت، زراخیاہ کا بیٹا تھا۔ امریاہ، مرایوت کا بیٹا تھا۔
اخیطوب، امریاہ کا بیٹا تھا۔ ۵۳صدوق اخیطوب کا بیٹا تھا۔ اخیمیض
صدوق کا بیٹا تھا۔

## لاوی خاندانوں کے مکانات

۵۴یہ انکی سکونت گاہیں انکی سر زمین میں انکے چھاؤنیوں کے
حساب سے ہیں: قہاتی قبیلوں سے ہارون کی نسلیں (پہلا قرعہ انلوگوں کے
نام تھا) ۵۵اُنہیں حبرون شہر اور اُسکے اطراف کے چراگاہوں کے ساتھ
یہوداہ کی سر زمین میں دیئے گئے تھے۔ ۵۶لیکن شہر سے دور
کے کھیتوں اور قصبوں کے اطراف کے گاؤں کے یفنہ کے بیٹے کالب کو
دیئے گئے۔ ۵۷ہارون کی نسلوں کو اِن پناہ کے شہروں کو دیا گیا تھا:
حبرون، لبناہ اور اسکی چراگاہیں، یترا، استموع اور اسکی چراگاہیں،
۵۸حیلان اور اسکی چراگاہیں، دبیر اور اسکی چراگاہیں، ۵۹عسن اور اسکی
چراگاہیں، یوتا اور اسکی چراگاہیں، بیت شمس اور اسکی چراگاہیں۔
۶۰بنیمین کے قبیلے حاصل کئے: جبعون اور اسکی چراگاہیں، جبع اور اسکی
چراگاہیں، علمت اور اسکی چراگاہیں، عنتوت اور اسکی چراگاہیں۔
قہات قبیلوں کو اس سب میں تیرہ شہر حاصل کئے۔

۶۱باقی قہاتی لوگوں نے قرعہ اندازی کے ذریعہ سے دس شہر
افرائیم کے قبیلوں سے اور دان کے قبیلوں سے اور منسّی کے آدھے قبیلے
سے حاصل کئے۔

۶۲جیرشون کی نسلیں اپنے قبیلوں کے مطابق ۱۳ شہر اشکار،
آشر، نفتالی قبیلوں اور منسّی کے ان حصّے کے لوگوں سے جو بسن میں
رہتے ہیں حاصل کئے۔

۶۳مراری کی نسلوں نے اپنے قبیلوں کے حساب سے قرعہ اندازی
کے ذریعہ بارہ شہروں کو روبن، جاد اور زبولون کے قبیلوں سے حاصل کئے۔
۶۴اسلئے اسرائیلی لوگوں نے ان شہروں اور انکے چراگاہوں کو لاوی
لوگوں کو دے دیا۔ ۶۵اور انہوں نے انلوگوں کو وہ شہر جنکے نام قرعہ
اندازی کے ذریعہ سے طئے ہوا یہوداہ، شمعون اور بنیمین کے قبیلوں سے
دیئے۔

۶۶اور قہاتیوں کے کچھ قبیلوں کو افرائیم کے قبیلہ سے شہروں کو
انکے علاقہ کے طور پر دیا گیا تھا۔ ۶۷انہیں پناہ کے شہر دیئے گئے: سکم
اور اسکی چراگاہیں افرائیم کے پہاڑی ملک میں، جزر اور اسکی چراگاہیں،
۶۸یقمعام اور اسکی چراگاہیں، بیت حرون اور اسکی چراگاہیں۔
۶۹ایلون اور اسکی چراگاہیں، جات امون اور اسکی چراگاہیں۔ ۷۰اور
انہوں نے منسّی کے آدھے قبیلوں سے باقی قہاتیوں کو عانیر اور اسکی چراگاہ،
بلعام اور اسکی چراگاہ۔

## دُوسرے لاوی خاندان بھی مکانات لیتے ہیں

۷۱جیرشون کی نسلوں کو انلوگوں نے منسّی کے آدھے قبیلوں سے
بسن میں جولان اور اسکی چراگاہیں، عستارات اور اسکی چراگاہیں دیئے۔
۷۲-۷۳اور انلوگوں نے اشکار کے قبیلوں سے قادس اور اسکی

چراگاہیں، دبرات اور اسکی چراگاہیں، رامات اور اسکی چراگاہیں اور عانیم اور
اسکی چراگاہیں دیئے۔
۷۴-۷۵ آشیر کے قبیلوں سے انلوگوں نے انلوگوں کو مشل
اوراسکی چراگاہیں، عبدون اور اسکی چراگاہیں، حقوق اور اسکی چراگاہیں اور
رحوب اور اسکی چراگاہیں دیئے۔
۷۶ نفتالی کے قبیلوں سے انہوں نے انہیں گلیل میں قادس اور اسکی
چراگاہیں، حمّون اوراسکی چراگاہیں قریتائم اوراسکی چراگاہیں دیئے۔
۷۷ باقی بچے مراری لوگوں نے انہوں نے زبولون کے قبیلوں سے
یوکنیم اوراسکی چراگاہیں، کارت اور اسکی چراگاہیں، رمّون اوراسکی
چراگاہیں، تبور اوراسکی چراگاہیں،
۷۸-۷۹ اور یردن کے اس پار یریحو سے جو کہ یردن کے مشرق کی
طرف ہے روبن کے قبیلوں سے ریگستان میں بضر اور اسکی چراگاہیں، یہصہ
اوراسکی چراگاہیں، قدیمات اور اسکی چراگاہیں اور میفعت اور اسکی
چراگاہیں دیئے۔
۸۰-۸۱ اور انلوگوں نے جات کے قبیلوں سے انلوگوں کو جلعاد
رامات اور اسکی چراگاہیں، محنائیم اور اسکی چراگاہیں، حسبون اوراسکی
چراگاہیں اور یعزیر اوراسکی چراگاہیں دیئے۔

## اشکار کی نسلیں

۷ اشکار کے بیٹے تھے: تولع، فوہ، یاشوب اور سمرون جو کل ملا کر
چار تھے۔ ۲ تولع کے بیٹے تھے: عزی، رفایا، یرایل، یحمی، ابسام اور
سموئیل۔ یہ سبھی اپنے خاندانوں کے قائدین تھے۔ انکی خاندانی تاریخ کے
مطابق داؤد کے زمانے میں تولعیوں کے بیچ ۲۲،۶۰۰ لڑاکے آدمی تھے۔
۳ عزی کا بیٹا ازراخیاہ تھا۔ ازراخیاہ کے بیٹے: میکائیل، عبدیاہ،
یوایل اور یشیاہ کل ملا کر پانچ تھے۔ یہ سبھی اپنے خاندان کے قائدین تھے۔
۴ اُنکی خاندانی تاریخ کے مطابق اُن کے پاس ۳۶۰۰۰ سپاہی جنگ کے
لئے تیّار تھے۔ اُن کا بڑا خاندان تھا کیوں کہ اُن کی کئی بیویاں اور بچّے
تھے۔ ۵ جیسا کہ انکے رشتہ داروں کے لئے خاندانی تاریخ کے مطابق اشکار کے
تمام قبیلوں میں کل ۸۷۰۰۰ سپاہی تھے۔

## بنیمین کی نسلیں

۶ بنیمین کے بیٹے تھے: بالع، بکر اور یدیعیل جو کل ملا کر تین تھے۔
۷ بالع کے بیٹے تھے: اصبون، عزی، عزی ایل، یریموت اور عیری جو
کل ملا کر پانچ تھے۔ وہ اُن کے خاندانوں کے قائدین تھے۔ اُن کی خاندانی
تاریخ کے مطابق اُن کے پاس ۲۲،۰۳۴ سپاہی تھے۔
۸ بکر کے بیٹے تھے: زمیرہ، یوآس، الیعزر، الیوعینی، عمری، یریموت،
ابیاہ، عنتوت اور علامت یہ سب بکر کے بیٹے تھے، انکے خاندانوں کے
قائدین تھے۔ ۹ اُن کی خاندانی تاریخ بتاتی ہے کہ کون اُن کے خاندان کے
قائدین تھے۔ اور اُن کی خاندانی تاریخ یہ بھی بتاتی ہے کہ اُن کے پاس
۲۰،۲۰۰ سپاہی تھے۔
۱۰ یدیع ایل کا بیٹا بلحان تھا۔ بلحان کے بیٹے تھے: یعوس، بنیمین،
اہود، کنعانہ، ایتان، ترشیش اور اخی سیر۔ ۱۱ یدیع ایل کے یہ سب بیٹے
اُن کے خاندان کے قائدین تھے۔ اُن کے پاس ۱۷،۲۰۰ سپاہی تھے جو
ہمیشہ جنگ کے لئے تیّار رہتے تھے۔
۱۲ سفّیم اور حضّیم عر کی نسلوں سے تھے۔ حشیم احیر کا بیٹا تھا۔

## نفتالی کی نسلیں

۱۳ نفتالی کے بیٹے تھے: یحصی ایل، جونی، یصر، اور سلوم۔
وہ سب بلحان کی نسلوں سے تھے۔

## منّسی کی نسلیں

۱۴ یہ منّسی کے بیٹے تھے:
اسرائیل ارامی داشتہ کا بیٹا۔ اسنے جلعاد کا باپ مکیر کو بھی جنم دیا۔
۱۵ مکیر نے حفّیم اور سفّیم لوگوں کی ایک عورت سے شادی کیا۔ اسکی
بہن کا نام معکہ تھا۔ اسکے دوسرے بیٹا کا نام صلافحاد تھا۔ صلافحاد کو صرف
بیٹیاں تھیں۔ ۱۶ مکیر کی بیوی معکہ کو ایک بیٹا تھا۔ معکہ نے اُسکا نام
فرس رکھا۔ فرس کے بھائی کا نام شیرش تھا۔ شیرش کے بیٹے اولام اور
رقم تھے۔
۱۷ اولام کا بیٹا بدان تھا۔
یہ جلعاد کی نسلیں تھیں۔ جلعاد مکیر کا بیٹا تھا۔ مکیر منّسی کا بیٹا تھا۔
۱۸ مکیر کی بہن ہمولکت کے بیٹے تھے: اشہود، ابعیزر اور محلہ۔
۱۹ سمیدع کے بیٹے تھے: اخیان، سکم، لقحی اور انعام۔

## افرائیم کی نسلیں

۲۰-۲۱ افرائیم کا بیٹا سوتلح تھا اسکا بیٹا برد تھا، اسکا بیٹا تحت تھا،
اسکا بیٹا الیعدہ تھا، اسکا بیٹا تحت تھا، اسکا بیٹا زبد تھا
اور عزرا اور العاد کو جات میں رہنے والے لوگوں نے ماردیا، کیونکہ وہ
وہاں انکے مویشی اور بھیڑ کو چُرانے گئے تھے۔ ۲۲ انکا باپ افرائیم
انلوگوں کے لئے کئی دنوں تک ماتم کیا اوراسکا رشتہ دار اُسے دلاسہ دینے
آیا۔ ۲۳ تب پھر افرائیم نے اپنی بیوی سے مباشرت کی۔ وہ حاملہ ہوئی

اور ایک بیٹا کو جنم دیا۔ افرائیم نے اُس بیٹے کا نام بریعہ * رکھا کیوں کہ
اُس کے خاندان کے ساتھ بُرا واقعہ ہوا تھا۔ ۲۴ افرائیم کی بیٹی شراہ
تھی۔ شراہ نے نچلی اور اوپری بیت حورون اور ساتھ ہی ساتھ عزن سیرہ
بنوایا۔ ۲۵ رفح افرائیم کا بیٹا تھا۔ رسف رفح کا بیٹا تھا۔ تلاح رسف کا
بیٹا تھا۔ تحن تلاح کا بیٹا تھا۔ ۲۶ لعدان تحن کا بیٹا تھا۔ عمّیہود لعدان
کا بیٹا تھا۔ الیسمع عمّیہود کا بیٹا تھا۔ ۲۷ نون الیسمع کا بیٹا تھا۔ یہوشوع
نون کا بیٹا تھا۔

۲۸ انکی زمین اور سکونت گاہیں: بیت ایل اور اُس کے گاؤں،
مشرق میں نعران، مغرب میں جزر اور اُس کے گاؤں اور سکم اور ساتھ ہی
ساتھ عیاہ اور اسکے گاؤں۔ ۲۹ منسّی کی سرحد کے ساتھ بیت شان اور اسکے
گاؤں، مجدّو اور اسکے گاؤں، دور اور اسکے گاؤں جہاں پر اسرائیل کے بیٹا کی
نسلیں رہتے تھے ملے ہوئے تھے۔

## آشر کی نسلیں

۳۰ آشر کے بیٹے یمنیا، اسواہ، اسوی اور بریعیہ تھے۔ اُن کی بہن کا
نام سرح تھا۔
۳۱ بریعہ کے بیٹے حبر اور ملکی ایل تھے۔ ملکی ایل برزاویت کا باپ
تھا۔
۳۲ حبر یفلیط، شومر، خوتام اور ان کی بہن سوع کا باپ تھا۔
۳۳ یفلیط کے بیٹے فاساک، بمہال اور عسوات تھے۔ یہ یفلیط کے بیٹے
تھے۔
۳۴ شومر کے بیٹے اخی، رُوہجہ، یخبتہ اور ارام تھے۔
۳۵ شومر کے بھائی ہیلم کے بیٹے صوفح، امنع، سلس اور عمل تھے۔
۳۶ صوفح کے بیٹے سوح، حرنفر، سوعل، بیری، امراہ، ۳۷ بصر،
ہود، شمّا، سلسہ، اتران اور بیرا تھے۔
۳۸ یتر کے بیٹے یفنہ فسفاہ، اور آرا تھے۔
۳۹ علہ کے بیٹے ارخ، حنی ایل، رضیاہ تھے۔
۴۰ آشر کے یہ سب بیٹے اپنے خاندانوں کے قائدین، بہترین آدمی
اور نمایاں قائدین تھے۔ انکی خاندانی تاریخ کے مطابق انکے ۲۶،۰۰۰
سپاہی جنگ کے لئے تیّار تھے۔

## بادشاہ ساؤل کی خاندانی تاریخ

۸ بنیمین بالع کا باپ۔ بالع بنیمین کا سب سے بڑا بیٹا تھا۔ اشبیل
بنیمین کا دُوسرا بیٹا تھا۔ اخرخ بینمین کا تیسرا بیٹا تھا۔ ۲ نوحہ
بنیمین کا چوتھا بیٹا تھا اور رفا بنیمین کا پانچواں بیٹا تھا۔ ۳-۵ بالع کے
بیٹے ادّار، جیرا، ابیہود، ابیسوع، نعمان، اخوح، جیرا، شفوفان اور حُورام
تھے۔

۶-۷ یہ سب اہود کی نسل تھی۔ یہ لوگ اس خاندان کے قائدین
تھے جو جبع میں رہا کرتے تھے لیکن انہیں مناحت جلاوطن کر دیئے گئے تھے:
نعمان، اخیاہ، اور جیرا - جیرا نے اُنہیں اپنے گھر وں کو چھوڑنے
کے لئے مجبور کیا وہ عزا اور اخیحود کا باپ تھا۔

۸ سحریم کو اپنی بیویوں حوسیم اور بعراہ کو طلاق دینے کے بعد موآب
میں بچّے ہوئے تھے۔ ۹-۱۰ اسکی بیوی ہودس نے اسکے لئے یوباب،
ضبیہ، ملکام، یعوض، سکیاہ اور مرمہ کو جنم دیا۔ یہ سب بیٹے اپنے خاندانوں
کے قائدین تھے۔ ۱۱ حوسیم اسکے لئے ابیطوب اور الفعل کو جنم دیا۔
۱۲-۱۳ الفعل کے بیٹے عبر، مشعام، شامد بریعہ ا اور سمعہ
تھے۔ شامد نے اونو اور لُد شہروں کی تعمیر اسکے گاؤں کے ساتھ کی۔ بریعہ
اور سمعہ ایلون میں رہنے والے خاندانوں کے قائدین تھے۔ انلوگوں نے
جات میں رہنے والے لوگوں کو باہر بھگا دیا۔
۱۴ بریعہ کے بیٹے شاشق اور یریموت، ۱۵ زبدیاہ عراد، عدد
، ۱۶ میکائیل، اشفا، اور یوخا تھے۔ ۱۷ الفعل کے بیٹے زبدیاہ، مسلام،
حزقی، حبر۔ ۱۸ یسمری، یزلیاہ اور یوباب تھے۔
۱۹ سمعی کے بیٹے یقیم، زکری، زبدی۔ ۲۰ العینی، صلتی، الیل،
۲۱ عدایاہ، برایاہ اور شمرات تھے۔
۲۲ شاشق کے بیٹے تھے: اسفان، عیبر، الیل، ۲۳ عبدون، ذکری
حنان، ۲۴ حنانیاہ، عیلام، عنتوتیاہ، ۲۵ یفدیاہ اور فنوایل۔
۲۶ یروحام کے بیٹے تھے: سمسری، شحاریاہ، عتالیاہ، ۲۷ یعرسیاہ،
الیا اور ذکری۔
۲۸ یہ سب اپنے خاندانی تاریخ کے مطابق اپنے خاندان کے قائدین
تھے۔ وہ یروشلم میں رہے۔
۲۹ یائیل جبعون کا بانی تھا۔ وہ جبعون میں رہا۔ یائیل کی بیوی کا
نام معکہ تھا۔ ۳۰ اسکا سب سے بڑا بیٹا عبدون تھا۔ اسکے دُوسرے بیٹے
صور، قیس، بعل، نیر، ناداب، ۳۱ جدور، اخیو، زکر اور مقلوت تھے۔
۳۲ مقلوت شماہ کا باپ تھا۔ یہ لوگ بھی اُن کے رشتہ دار کے قریب
یروشلم میں رہے۔
۳۳ نیر قیس کا باپ تھا۔ قیس ساؤل کا باپ تھا اور ساؤل یونتن
، ملکی شوع، ابینداب اور اشبعل کا باپ تھا۔
۳۴ یونتن کا بیٹا مریبعل تھا۔ مریبعل میکاہ کا باپ تھا۔
۳۵ میکاہ کے بیٹے فیتون، ملک، تاریع اور آخز تھے۔

**بریعہ** یہ عبرانی لفظ کی طرح ہے جسکے معنی "خراب" یا "تکلیف" کے ہیں۔

۳۶آخز یہوعدہ کا باپ تھا- یہوعدہ علمت، عزماوت اور زمری کا باپ
تھا- زمری موضا کا باپ تھا- ۳۷موضا بنعہ کا باپ تھا- رافعہ اسکا بیٹا
تھا- الیعسہ رافعہ کا بیٹا تھا- اصیل الیعسہ کا بیٹا-
۳۸اصیل کے چھ بیٹے تھے اُن کے نام عزریقام، بوکرو،
اسمٰعیل، سعریاہ، عبدیاہ اور حنان تھے- یہ تمام اصیل کے بیٹے تھے-
۳۹اصیل کا بھائی عشیق کے بیٹے تھے: اولام اصیل کا سب سے بڑا
بیٹا، یعوس عشیق کا دُوسرا بیٹا اور الیفلط عشیق کا تیسرا بیٹا- ۴۰اولام
کے بیٹے سپاہی تھے جو تیراندازی میں ماہر تھا- اُن کے کئی بیٹے اور پوتے
تھے جو کل ملا کر ۱۵۰ تھے-
یہ تمام بنیمین کی نسلیں تھیں-

۹ اسلئے پورے اسرائیل کی خاندانی تاریخ درج کی گئی تھی- اور یہ
”تاریخ سلاطینِ اسرائیل“ میں لکھی گئی تھی-

## یروشلم میں لوگ

یہوداہ کے لوگ خدا کی بے وفائی کی وجہ سے بابل جلاوطن کر
دیئے گئے تھے- ۲سب سے پہلے اسرائیل میں اپنے شہروں میں اپنی
جائیداد پر واپس آنے والے کاہن، لاوی اور ہیکل میں کام کرنے والے
خدمت گذار تھے-
۳یہوداہ، بنیمین، افرائیم اور منسّی کے لوگ جو کہ یروشلم میں رہے:
۴ عوتی عمّیہود کا بیٹا تھا- عمّیہود عُمری کا بیٹا تھا- عُمری اِمری کا بیٹا
تھا- اِمری بانی کا بیٹا تھا- بانی فارص کی نسل کا تھا- فارص یہودا کا بیٹا
تھا-
۵شیلونی لوگوں میں سے: عسایاہ سب سے بڑا بیٹا اور اسکے بیٹے-
۶ زارحتی لوگوں میں سے: یعوایل اور اُن کے رشتہ دار وہ سب تمام
۶۹۰ تھے-
۷ بنیمین کے لوگوں میں سے: سلّو مسلوم کا بیٹا- مسلوم ہوداویاہ کا
بیٹا تھا- ہوداویاہ ہسینواہ کا بیٹا تھا- ۸ ابنیاہ یروحام کا بیٹا تھا- ایلہ عُزّی کا
بیٹا تھا- عُزّی مکری کا بیٹا اور مسلام سفطیاہ کا بیٹا تھا- سفطیاہ رعوایل کا بیٹا
تھا- رعوایل ابنیاہ کا بیٹا تھا- ۹ بنیمین کے خاندانی تاریخ کے مطابق
ہے کہ اُن میں سے ۹۵۶ تھے- وہ سبھی لوگ اپنے خاندانوں کے قائدین
تھے-
۱۰ کاہنوں میں سے: یدعیاہ، یہو یرب، یکین اور ۱۱ عزریاہ -
عزریاہ خلقیاہ کا بیٹا تھا- خلقیاہ مسلام کا بیٹا تھا- مسلام صدوق کا بیٹا تھا-
صدوق مرایوت کا بیٹا تھا- مرایوت اخیطوب کا بیٹا تھا- اخیطوب خُدا کے
گھر کا عہدیدار تھا- ۱۲ یروحام کا بیٹا عدایاہ تھا- یروحام فشحور کا بیٹا
تھا- فشحور ملکیاہ کا بیٹا تھا- معسی عدی ایل کا بیٹا تھا، عدی ایل یحزیرہ کا
بیٹا تھا- یحزیرہ مسلام کا بیٹا تھا- مسلام مسلمیت کا بیٹا تھا- مسلمیت امیر
کا بیٹا تھا-
۱۳ وہاں ۱۷۶۰ کاہن تھے وہ اپنے خاندانوں کے قائدین تھے، وہ
خُدا کی ہیکل میں خدمت کے کام کرنے کے قابل آدمی تھے-
۱۴ لاوی لوگوں میں سے: حسوب کا بیٹا سمعیاہ تھا- حسوب عزریقام
کا بیٹا تھا- عزریقام حسبیاہ کا بیٹا تھا- حسبیاہ مراری کی نسلوں سے تھا-
۱۵ بقبقر، حارس، جلال، متنیاہ جو کہ میکاہ کا بیٹا تھا- میکاہ ذکری کا بیٹا
تھا ذکری آسف کا بیٹا تھا- ۱۶ عوبدیاہ سمعیاہ کا بیٹا تھا- سمعیاہ جلال کا
بیٹا تھا- جلال یدوتون کا بیٹا تھا- برکیاہ آسا کا بیٹا تھا- آسا القانہ کا بیٹا
تھا- جو کہ نتوفاتی لوگوں کے گاؤں میں رہتے تھے:
۱۷ دربان تھے- سلوم، عقوب، طلمون، اخیمان اور اُن کے رشتہ
دار- سلوم اُن کا قائد تھا- ۱۸ وہ اب تک بادشاہ کے مشرقی پھاٹک پر
تعینات تھے- وہ لاوی قبیلہ سے دربان تھے- ۱۹ سلوم قور کا بیٹا تھا-
قور ابی آسف کا بیٹا تھا- ابی آسف قورح کا بیٹا تھا- اوراسکے رشتے دار
قورحی خاندان سے تھے- اُنہیں مُقدّس خیمہ کے دروازے کی حفاظت
کرنے کی ذمّہ داری تھی- یہ ٹھیک ویساہی تھا جیسا کہ انکے آباءواجداد
خداوند کے مقدس خیمہ کے دروازہ پر پہریداری کے ذمّہ دار
تھے- ۲۰ ماضی میں الیعزر کا بیٹا فنیحاس انلوگوں کا زیرنگراں تھا- خداوند
انکے ساتھ تھا- ۲۱ ذکریاہ مسلمیا کا بیٹا خیمہءاجتماع کے دروازے کا
دربان تھا-
۲۲ جُملہ دوسو بارہ آدمیوں کو چوکھٹوں پر پہرہ کے لئے چُنا گیا تھا- اُن
کے نام اُن کے خاندانی تاریخ میں اُن کے گاؤں میں لکھے گئے تھے- داؤد اور
سموئیل نبی نے اُن لوگوں کو چُنا کیوں کہ اُن پر بھروسہ کیا جاسکتا تھا-
۲۳ وہ لوگ اور اُن کی نسلوں کی ذمّہ داری تھی کہ خُداوند کے گھر مقدس
خیمہ کے دروازوں کی پہریداری کریں- ۲۴ دربان مشرق، مغرب،
شمال اور جنوب چاروں جانب تھے- ۲۵ دربانوں کے رشتہ دار اپنے اپنے
گاؤں سے تھے وقتاً فوقتاً انکے کام میں انکی مدد کے لئے آتے تھے اور ہر
بار سات دن تک انکی مدد کرتے تھے-
۲۶ لیکن چار قائد کو جنہیں دربانوں کا زیر نگراں رکھا گیا تھا وہ لاوی تھے
اور انکا کام خدا کی ہیکل کی کمروں اور خزانوں کی دیکھ بھال کرنا تھا- ۲۷ وہ
رات خُدا کی ہیکل کے آس پاس کے علاقے میں بتاتے تھے کیونکہ انکا کام
اسکا پہریداری کرنا تھا اور ہر صبح اسے کھولنے کا کام بھی انہیں لوگوں کا تھا-
۲۸ ان میں سے کچھ ہیکل کے کام کے لئے جو برتن تھے اسکا زیرنگراں
تھا- وہ اس طشتریوں کو اس وقت گنتے تھے جب وہ اسے اندر لاتے تھے اور

اس وقت بھی گنتے جب اسے باہر کئے جاتے تھے۔ ۲۹ ان میں سے کچھ
فرنیچراور دوسری پاک چیزوں، آٹے، مئے، تیل بخوراور مصالحوں کے
زیرنگراں تھے۔ ۳۰ لیکن صرف کاہن ہی مصالحوں کو ملانے کے کام کیا
کرتے تھے۔
۳۱ متتیا نام کا ایک لاوی جو سلوم قورحی کا پہلوٹھا بیٹا تھا نذرانہ
کے لئے پکائے جانے والی روٹی کا زیرنگراں تھا۔ ۳۲ کچھ قہاتی مقدس روٹی
پکانے کے زیرنگراں تھا جسے کہ سبت کے دن میز پر رکھا جاتا تھا۔
۳۳ یہ سب گلوکار تھے جو کہ لاوی خاندانوں کے قائدین تھے اور ہیکل
کے کمروں میں رہتے تھے، وہ دوسرے کاموں سے مستثنیٰ تھے کیونکہ دن اور
رات لگاتار انکا کام تھا۔
۳۴ یہ سب لاوی خاندانوں کے قائدین تھے۔ یہ اپنے خاندانی تاریخ
کے مطابق قائدین تھے۔ وہ یروشلم میں رہتے تھے۔

## بادشاہ ساؤل کی خاندانی تاریخ

۳۵ یعی ایل جبعون کا باپ تھا۔ وہ جبعون شہر میں رہتا تھا۔ اسکی
بیوی کا نام معکہ تھا۔ ۳۶ یعی ایل کا بڑا بیٹا عبدون تھا دُوسرے بیٹے
صور، قیس، بعل، نیر، ناداب، ۳۷ جدور، اخیو، ذکریا اور مقلوت تھے۔
۳۸ مقلوت، شمعام کا باپ تھا۔ وہ سب اپنے رشتہ داروں کے قریب
یروشلم میں رہتا تھا۔
۳۹ نیر قیس کا باپ تھا۔ قیس ساؤل کا باپ تھا اور ساؤل یونتن،
ملکیشوع، ابینداب، اوراشبعل کا باپ تھا۔
۴۰ یونتن کا بیٹا مریبعل تھا۔ مریبعل میکاہ کا باپ تھا۔
۴۱ میکاہ کے بیٹے: فیتون، ملک، تحریع اور آخز تھے۔ ۴۲ آخز یعدہ کا
باپ تھا یعدہ یعرہ کا باپ تھا۔ یعرہ علمت، عزماوت اور زمری کا باپ تھا۔
زمری موصنا کا باپ تھا۔ ۴۳ موصنا، بنعہ کا باپ تھا۔ رفایہ بنعہ کا بیٹا تھا۔
الیعسہ رفایہ کا بیٹا تھا۔ اور اصیل الیعسہ کا بیٹا تھا۔
۴۴ اصیل کے چھ بیٹے تھے۔ اُن کے نام: عزریقام، بوکرو،
اسماعیل، سفریاہ، عوبدیاہ اور حنان تھے۔ وہ سب اصیل کی بیٹے تھے۔

## بادشاہ ساؤل کی موت

◆ ۱۰ فلسطینی لوگ اسرائیل کے لوگوں کے خلاف لڑے۔
اسرائیل کے لوگ بھاگ گئے۔ان میں سے کئی اسرائیلی
جلبوعہ کی پہاڑی پر مارے گئے۔ ۲ فلسطینیوں نے ساؤل اور اُس کے بیٹوں
کا پیچھا کیا۔ اور انہوں نے ساؤل کے بیٹوں یونتن، ابینداب اور ملکیشوع کو
مار ڈالا۔ ۳ ساؤل کے اطراف گھماسان کی لڑائی چلی۔ تیر اندازنے تیر چلا کر
ساؤل کو زخمی کردیا۔
۴ تب ساؤل نے اپنے اسلحہ بردار سے کہا، "اپنی تلوار باہر کھینچو اور
مجھے مار ڈالو ورنہ یہ نامختون اجنبی آئینگے اور میرے ساتھ بُرا سلوک کرینگے۔"
لیکن ساؤل کا اسلحہ بردار ایسا کرنے سے انکار کیا کیونکہ وہ ڈر گیا۔
تب ساؤل نے اپنی تلوار لی اور اُس کی نوک پر گر کر مر گیا۔ ۵ جب
اسلحہ بردار نے دیکھا کہ ساؤل مر گیا تو اُس نے بھی اپنے آپ کو اسی طرح سے
مار ڈالا۔ ۶ اسطرح ساؤل اور اُس کے تینوں بیٹے مر گئے۔ اسکا پورا خاندان
ایک ساتھ مر گیا۔
۷ وہ سارے اسرائیلی جو وادی میں رہ رہے تھے نے دیکھا کہ اُن کی فوج
بھاگ گئی اور ساؤل اور انکے بیٹے مر گئے تھے۔ اِس لئے اُنہوں نے بھی شہروں
کو چھوڑے اور بھاگ گئے۔ تب فلسطینی لوگ آئے اور وہاں رہے۔
۸ دُوسرے دن فلسطینی لوگ مرے ہوئے لوگوں کی قیمتی چیزیں لینے
آئے۔ اُنہوں نے ساؤل اور اُس کے بیٹوں کو مرا ہوا جلبوعہ کی پہاڑی پر پایا۔
۹ انلوگوں نے انکے زرہ بکتر کو اتارے اور اسکے سر کو لے لئے۔ وہ اپنے
قاصدوں کو سارے ملک میں اس خوشخبری کو اپنے بتوں اور اپنے لوگوں
میں اعلان کرنے کے لئے بھیجے۔ ۱۰ فلسطینوں نے ساؤل کے زرہ بکتر کو
اُن کے جھوٹے خُداؤں کی ہیکل میں رکھا اور ساؤل کے کھوپڑی کو دجون کی
ہیکل میں ٹھونک دیا۔
۱۱ یبیس جلعاد کے رہنے والے تمام لوگوں نے وہ سبھی باتیں سُنی
جو فلسطینی لوگوں نے ساؤل کے ساتھ کی تھی۔ ۱۲ اور سبھی بہادر آدمی گئے
اور ساؤل اور اسکے بیٹوں کی لاشوں کو یبیس لے آئے۔ انہوں نے ساؤل اور
اسکے بیٹے کی ہڈیوں کو یبیس میں بلوط کے درخت کے نیچے دفنادیئے۔ تب
انہوں نے سات دنوں تک روزہ رکھے۔
۱۳ ساؤل مر گیا کیوں کہ وہ خُداوند کا وفادار نہ تھا۔اور کیونکہ ساؤل
نے خُداوند کے احکام کی تعمیل نہیں کی۔ اور عاملوں سے رابطہ کیا تھا۔
۱۴ اور اسلئے کیونکہ اسنے خداوند سے مشورہ تلاش نہیں کیا، خداوند نے اسے
مار ڈالا اور سلطنت کو یسّی کے بیٹے داؤد کے حوالے کردیا۔

## داؤد اسرائیل کا بادشاہ ہوتا ہے

۱۱ اسرائیل کے تمام لوگ حبرون شہر میں داؤد کے پاس
آئے۔ اُنہوں نے داؤد سے کہا، "ہم تُمہارے ہی گوشت
اور خون ہیں۔ ۲ یہاں تک کہ جب ساؤل بادشاہ تھا اس وقت بھی تم
اسرائیل کی جنگ میں رہنمائی کی۔ اور خداوند تمہارے خدا نے تجھ سے کہا،

"تم میرے اسرائیل کے لوگوں کے چرواہ ہوگے۔ تم میرے اسرائیل کے لوگوں کے حکمراں ہوگے۔"'"

۳ اسرائیل کے تمام بزرگ حبرون شہر میں بادشاہ کے پاس آئے۔ داؤد نے اُن کے ساتھ حبرون میں خُداوند کے سامنے ایک معاہدہ کیا۔ قائدین نے اسے اسرائیل کے بادشاہ کے طور پر مسح کیا، ٹھیک جیسا کہ خداوند نے سموئیل کے ذریعہ کہا۔

## داؤد یروشلم پر قبضہ کرتا ہے

۴ داؤد اور اِسرائیل کے تمام لوگ شہر یروشلم گئے۔ اُس وقت یروشلم کو یبوس کہا جاتا تھا۔ اور یبوسی لوگ وہاں رہتے تھے: ۵ یبوس کے شہر کے رہنے والے لوگوں نے داؤد سے کہا، "تُم ہمارے شہر کے اندر داخل نہیں ہوسکتے ہو۔" پھر بھی داؤد صیون کے قلعہ پر قبضہ کرلیا (جو کہ اب داؤد کا شہر کہلاتا ہے)۔

۶ داؤد نے کہا، "وہ شخص جو یبوسی لوگوں پر حملہ کرنے میں رہنمائی کرے گا وہ میری فوج کا سپہ سالار ہوگا۔" اور یوآب نے جو ضرویاہ کا بیٹا تھا حملہ کی اگوائی کی اور اسلئے وہ فوج کا سپہ سالار بن گیا۔

۷ تب داؤد قلعہ میں رہنے لگا اسی لئے اُس کا نام شہر داؤد ہوا تھا۔ ۸ داؤد نے قلعہ کے اطراف ملّو سے گھِرے ہوئے دیوار تک شہر بنوائے یوآب نے باقی شہر کی مرمّت کی۔ ۹ داؤد عظیم سے عظیم ہوتا گیا۔ اور خُداوند قادر مطلق اُس کے ساتھ تھا۔

## داؤد کے بہادر جانباز

۱۰ یہ فہرست قائدین کی ہے جو داؤد کے خاص سپاہیوں کے اوپر متعین تھے۔ یہ بہادر داؤد کے ساتھ اُس کی بادشاہت میں بہت طاقتور بن گئے تھے۔ اُنہوں نے اور اِسرائیل کے لوگوں نے داؤد کی مدد کی اور اُس کو بادشاہ بنایا یہ ایسے ہی ہوا جیسا خُدا نے کہا تھا۔

۱۱ یہ فہرست داؤد کے مخصوص سپاہیوں کے سرداروں کی ہے:
حکونی یسوبعام رتھ کے عہدیداروں کا سپہ سالار تھا۔ اسنے اپنے بھالے کو بیک وقت ۳۰۰ آدمیوں کو مارنے میں استعمال کیا۔

۱۲ اسکے بعد مورچہ میں اخوخ خاندان کے دودو کا بیٹا الیعزر تھا، وہ تین جانبازوں میں سے ایک تھا۔ ۱۳ الیعزر فسدمیّم میں داؤد کے ساتھ تھا۔ جس وقت کہ فلسطینی جنگ کے لئے جمع ہوئے تھے۔ اُس جگہ پر جو سے بھرا ہوا ایک کھیت تھا وہی جگہ جہاں اِسرائیلی لوگ فلسطینی لوگوں سے بھاگے تھے۔ ۱۴ لیکن وہ تین جانباز اُس کھیت کے بیچ جم کر کھڑے ہوگئے اور فسلطینیوں کو ہراتے ہوئے اسکا بچاؤ کیا۔ اور اِسطرح خُداوند نے اسرائیلیوں کے لئے بڑی فتح لائی۔ ۱۵ تیس جانبازوں میں سے بھی تین نیچے چٹانوں پر عدلام کے غار میں داؤد کے پاس گئے جب کہ فلسطینی رفائیم کے وادی میں چھاؤنی ڈالے ہوئے تھے۔

۱۶ دُوسرے وقت داؤد قلعہ میں تھا اور فلسطینی فوج کا ایک گروہ بیت اللحم میں تھا۔ ۱۷ داؤد پیاسا تھا اسلئے اُس نے کہا، "میں چاہتا ہوں کہ کوئی تھوڑا پانی بیت اللحم کے پھاٹک کے نزدیک کے کنویں سے میرے پینے کے لئے لاسکتا ہے۔"

۱۸ اسلئے تین جانبازوں نے فلسطینی چھاؤنی سے ہوتے ہوئے اپنے راستے پر لڑے اور بیت اللحم کے پھاٹک کے قریب کے کنویں سے پانی لئے اِسے داؤد کے پاس لے آئے لیکن اسنے اس پانی کو پینے سے انکار کیا۔ اسنے اس پانی کو خداوند کے لئے نذرانے کے طور پر زمین پر انڈیل دیا۔ ۱۹ داؤد نے کہا، "میں اپنے خدا کے سامنے قسم کھاتا ہوں کہ میں یہ نہیں پیونگا۔ اِن آدمیوں نے اپنی زندگیوں کو خطرے میں ڈالا اور یہ پانی لئے آئے۔ اگر میں اُس پانی کو پیتا ہوں تو یہ اِن لوگوں کے خون پینے کے برابر ہونگے۔" اس طرح کے کام تین جانبازوں کے ذریعہ لئے گئے۔

## دُوسرے بہادر سپاہی

۲۰ یوآب کا بھائی ابیشے تین جانبازوں کا قائد تھا۔ اُس نے تین سو آدمیوں کے خلاف اپنے بھالے سے لڑکر اُن کو مار ڈالا تھا۔ وہ تین جانبازوں کی طرح مشہور تھا۔ ۲۱ اسے ان تینوں جانبازوں سے دوگنا زیادہ اعزاز دیا گیا تھا اور اسلئے وہ انکا سپہ سالار بن گیا لیکن پھر بھی وہ ان تین جانبازوں میں سے نہیں تھا۔

۲۲ قبضیل کے یہویدع کا بیٹا بنایاہ ایک بہادر آدمی تھا۔ جسنے بہادری کے بہت سارے کام انجام دیئے اسنے موآب کے دو بہترین جنگجو کو ہلاک کرڈالا۔ ایک دن جب برف گِر رہی تھی تب وہ زمین کی ایک غار میں داخل ہوا اور ایک شیر کو مار ڈالا۔ ۲۳ اور اس ایک قدآور مصری کو بھی مار ڈالا۔ وہ مصری آدمی ساڑھے سات فیٹ لمبا تھا۔ اور اسکے ہاتھ میں جولاھے کے ایک بڑے ڈنڈے کی طرح ایک بھالا بھی تھا اور جبکہ بنایاہ کے پاس صرف ایک لاٹھی تھی۔ بنایاہ نے مصری کے پاس سے بھالا چھین لیا اور اسنے مصری کے بھالے کا استعمال کیا اور اُسے مار ڈالا۔ ۲۴ یہویدع کا بیٹا بنایاہ نے اسطرح کے بہادری کے کارنامے کئے۔ وہ ان تین جانبازوں کی طرح مشہور تھا۔ ۲۵ وہ تیس جانبازوں سے زیادہ مشہور ہوگیا۔ لیکن وہ تین جانبازوں میں سے ایک نہیں تھا۔ داؤد نے اسے اپنے محافظ دستوں کا زیر نگراں بنایا۔

## تیس جانباز

۲۶ تیس جنگجواس طرح سے تھے: عساہیل جو یوآب کا بھائی تھا،
بیت اللحم کے دودو کا بیٹا الحنان، ۲۷ سموت ہروری، خلس فلونی،
۲۸ تقوعی کے عقیس کا بیٹا عیرا، عنتوتی کا عزر، ۲۹ حوساتی لوگوں میں
سے سبکی، اخوخی سے عیلی، ۳۰ نطوفاتی سے مہری، نطوفاتی بعنہ کا بیٹا
حلد، ۳۱ بنیمین کے جبعہ سے ربیی کا بیٹا اتی، بنایاہ فرعاتونی،
۳۲ جعس کے نالوں سے حوری، عرباتی سے ابی ایل، ۳۳ بحرومی لوگوں
میں سے عزماوت، سعلبونی لوگوں میں سے الیحبا، ۳۴ جزونی کے لوگوں
میں سے ہشم کے بیٹے، سجی کا بیٹا یونتن، یونتن ہراری لوگوں میں سے
تھا۔ ۳۵ سکار کا بیٹا اخی آمم ہراری لوگوں میں سے سکار کا بیٹا اخی آمم، اور
کا بیٹا الفال، ۳۶ مکیراتی کے لوگوں میں سے حفر، فلونی لوگوں سے اخیاہ،
۳۷ کرملی لوگوں میں سے حصرو، ازبی کا بیٹا نفری، ۳۸ ناتن کا بھائی
یوایل، حاجری کا بیٹا مبنحار، ۳۹ عمّونی لوگوں سے صلق، بیروت کے
لوگوں سے ضرویاہ کا بیٹا یوآب کا ہتھیار لے جانے والا نحری، ۴۰ اتری
لوگوں میں سے عیرا، اتری لوگوں میں سے جرایب، ۴۱ حتّی لوگوں سے
اوریاہ، اخلی کا بیٹا زبد، ۴۲ رُوبنی شیزا کا بیٹا عدنیہ جو رُوبنیوں کا قائد تھا۔
اور وہ تیس اُسکے ساتھ تھے۔ ۴۳ معکہ کا بیٹا حنان، متنی کے لوگوں سے
یہوسفط، ۴۴ عُزیاہ عستاراتی لوگوں سے، عروعیر کے حوتام کے بیٹے
سماع اور یعی ایل، ۴۵ یدیع ایل سمری کا بیٹا اور اُس کا بھائی تیصی لوگوں
سے یوخا، ۴۶ محاوی لوگوں سے الی ایل، النعم کے بیٹے یریبائی اور
یوساویاہ، موآبی لوگوں سے یتمہ، ۴۷ مضوبائی لوگوں میں سے الی ایل،
عوبید اور یعسی ایل۔

## وہ بہادر آدمی جو داؤد کے ساتھ ہو گئے

۱۲ یہ اُن آدمیوں کی فہرست ہے جو داؤد کے پاس آئے جب
وہ سقلاج میں تھا۔ جہاں وہ قیس کے بیٹے ساؤل سے چھپ
رہا تھا۔ وہ ان جنگجوؤں میں سے تھے جنہوں نے جنگ میں داؤد کی مدد کی
تھی۔ ۲ وہ لوگ تیر انداز تھے جو کہ تیر چلا سکتے تھے اور اپنے دائیں یا بائیں ہاتھ
سے پتھّر پھینک سکتے تھے۔ وہ لوگ بادشاہ ساؤل کے آدمی تھے جو کہ بنیمین
سے قبیلہ کے تھے۔ وہ لوگ تھے:
۳ جبعاتی سماعہ کے بیٹے اخیعز جو انلوگوں کا سردار اور یوآس، عزماوت
کے بیٹے یزئیل اور فلط عنتوتی براکہ اور یاہو۔ ۴ جبعونی اسماعیہ جو تیس
جانبازوں میں سے تھا اور تیس جانبازوں کا سپہ سالار تھا۔ یرمیاہ، یحزی ایل
یوحنان اور جدورتی یوزوباد، ۵ العوزی، یریموت، بعلیاہ اور سمریاہ، حروفی
سفطیاہ، ۶ القانہ، یسیاہ، عزرایل، یوعز اور یسوبعام یہ تمام قورحی کے
خاندانی گروہ سے تھے، ۷ یوعیلہ اور زبدیاہ جو جدور شہر کے یروحام کے بیٹے
تھے۔

## جادی لوگ

۸ جاد کے خاندانی گروہ کے کچھ بہادر سپاہی جسے کہ لڑائی
کے لئے تربیت دیئے گئے تھے وہ ریگستانی قلعہ میں داؤد کے پاس گئے انہیں
ڈھال اور برچھوں سے تربیت دی گئی تھی۔ وہ شیر کی طرح خطرناک تھے اور
وہ ہرن کی طرح پہاڑوں میں دوڑ سکتے تھے۔
۹ عزر انلوگوں کا قائد تھا، عبدیاہ دوسرے درجہ کا تھا جبکہ ایلیاب
تیسرے درجہ کا تھا۔ ۱۰ مسمنّہ چوتھے، یرمیاہ پانچویں۔ ۱۱ عتّی چھٹے،
الی ایل ساتویں۔ ۱۲ یوحنا آٹھویں، ایلزباد نویں۔ ۱۳ یرمیاہ دسویں
اور مکبانی گیارہویں درجہ کا تھا۔
۱۴ وہ لوگ جادی لوگوں کے قائد تھے۔ وہ کم سے کم ایک سو کا
سپہ سالار اور زیادہ سے زیادہ ایک ہزار کا سپہ سالار ہوتا تھا۔ ۱۵ یہ سب
دریائے یردن کے پار سال کے پہلے مہینے میں گئے اس وقت گئے تھے جب یہ
اپنے کناروں سے اوپر بہہ رہا تھا۔ انہوں نے وادیوں میں رہنے والے تمام
لوگوں کو مشرق اور مغرب میں بھگا دیا۔

## دُوسرے سپاہی داؤد کے ساتھ شامل ہوتے ہیں

۱۶ بنیمین اور یہوداہ خاندان کے دُوسرے لوگ بھی داؤد کے پاس
قلعہ میں آئے۔ ۱۷ داؤد اُن سے ملنے باہر گیا۔ اور اسنے کہا، "اگر تُم لوگ
سلامتی کے ساتھ میری مدد کرنے آئے ہو تو میں تُم لوگوں کا استقبال کرتا
ہوں میرے ساتھ رہ سکتے ہو۔ لیکن اگر تم میرے دشمنوں کے لئے مجھ سے
دغا کرنے کے لئے آئے ہو جبکہ میں نے تمہارا کچھ بُرا نہیں کیا ہے۔ تو
ہمارے اجداد کا خُدا دیکھے تُم نے کیا کیا اور سزا دے۔"
۱۸ تب عماسی پر رُوح نازل ہوئی جو تیس کا قائد تھا اور کہا:

"داؤد! ہم تُمہارے لئے ہیں! یسّی کے بیٹے ہم تُمہارے ساتھ
ہیں۔ تمہارے ساتھ سلامتی ہو! جو تُمہاری مدد کریں انکے سات بھی سلامتی
ہو کیوں کہ تُمہارا خُدا تُمہاری مدد کرتا ہے۔"

تب داؤد نے اُن لوگوں کا استقبال کیا اور اُنہیں اپنی فوج کا سپہ سالار
مقرّر کیا۔
۱۹ منسّی کے خاندانی گروہ کے کُچھ آدمی گئے اور وہ داؤد کے ساتھ شامل
ہوئے۔ جب وہ فلسطینی کے ساتھ ساؤل سے لڑنے گیا۔ بہر حال

انلوگوں نے فلسطینیوں کی مدد نہیں کی۔ کیونکہ بحث و مباحثہ کے بعد
فلسطینی قائدوں نے یہ کہتے ہوئے داؤد کو واپس بھیج دیا: "اگر داؤد واپس
اپنے آقا ساؤل کے پاس جاتا ہے تو ہملوگوں کو اپنا سر کٹوانا پڑیگا!" ۲۰ یہ
منّسی کے لوگ تھے جو داؤد کے ساتھ اُس وقت شامل ہوئے جب وہ صقلاج
گئے: عدنہ، یوزباد، یدائیل، میکائیل، یوزباد، ایلیہو اور ضلتی، وہ سبھی دستہ
کے ہزاروں کے قائد تھے جو منّسی سے تعلق رکھتے تھے۔ ۲۱ انہوں نے داؤد
کی چھاپہ مار جتّھے کے خلاف لڑنے کے لئے مدد کی کیونکہ وہ سب کے سب
بہادر سپاہی اور فوجی عہدیدار تھے۔
۲۲ دن بدن زیادہ سے زیادہ لوگ داؤد کی مدد کے لئے پہنچتے رہے جب
تک کہ فوجی چھاؤنی خدا کے چھاؤنی کی طرح بڑی نہ ہو گئی۔

## حبرون میں دُوسرے لوگ داؤد کے ساتھ ملتے ہیں

۲۳ یہ فہرست لڑائی کے لئے تیار ہتھیار سے لیس انلوگوں کی ہے جو
حبرون میں داؤد کے پاس ساؤل کی بادشاہت اسکے حوالے کرنے آئے،
ٹھیک جیسا کہ خداوند نے کہا تھا۔
۲۴ یہوداہ کے خاندانی گروہ سے ۶،۸۰۰ آدمی جنگ کے لئے تیّار
تھے۔ وہ بھالے اور ڈھال لئے ہوئے تھے۔
۲۵ شمعون کے خاندانی گروہ سے ۷،۱۰۰ آدمی تھے۔ وہ بہادر
سپاہی جنگ کے لئے تیّار تھے۔
۲۶ لاوی کے خاندانی گروہ سے ۴۶۰۰ آدمی۔ ۲۷ وہ ہارون کے
خاندان کا قائد۔ یہویدع کو ملاکر اور انکے ساتھ ۷۰۰ آدمی تھے۔
۲۸ اور صدوق بھی، وہ بہادر نوجوان سپاہی تھا۔ اور اسکے ساتھ اسکے خاندان
سے بائیس عہدیدار تھے۔
۲۹ بنیمین خاندانی گروہ سے ۳۰۰۰ آدمی تھے۔ وہ ساؤل کے رشتہ
دار تھے اُس وقت تک اُن کے اکثر آدمی ساؤل خاندان کے وفادار رہے۔
۳۰ افرائیم کے خاندانی گروہ سے ۲۰،۸۰۰ آدمی تھے وہ بہادر
سپاہی تھے۔ وہ اپنے خاندانوں کے مشہور آدمی تھے۔
۳۱ منّسی کے آدھے خاندانی گروہ کے ۱۸،۰۰۰ آدمی تھے۔ انہیں
انکا نام لیکر جانے کے لئے اور داؤد کو بادشاہ بنانے کے لئے چُنا گیا تھا۔
۳۲ اشکار کے خاندان سے ۲۰۰ عقلمند قائدین تھے وہ اِسرائیل کے
لئے موزوں وقت پر ٹھیک کام کرنا جانتے تھے۔ اُن کے رشتہ دار اُن کے
ساتھ تھے اور اُن کے حکم کے تابع تھے۔
۳۳ زبولون کے خاندانی گروہ سے ۵۰،۰۰۰ تربیت یافتہ آدمی
تھے وہ ہر قسم کے ہتھیار کے استعمال میں ماہر تھے۔ جو کہ ایک رائے ہو کر
آئے تھے۔
۳۴ نفتالی کے خاندانی گروہ سے ۱۰۰۰ آدمی تھے اُن کے پاس
۳۷،۰۰۰ آدمی ڈھال اور بھالوں سے لیس تھے۔
۳۵ دان کے خاندانی گروہ سے ۲۸،۶۰۰ آدمی جنگ کے لئے تیّار
تھے۔
۳۶ آشر کے خاندانی گروہ سے ۴۰،۰۰۰ تربیت یافتہ سپاہی
جنگ کے لئے تیّار تھے۔
۳۷ دریائے یردن کے مشرقی جانب سے رُوبن، جد اور منّسی کے
آدھے خاندان سے ۱۲۰،۰۰۰ آدمی تھے جو کہ ہر قسم کے ہتھیار سے
لیس تھے۔
۳۸ وہ تمام لڑاکے آدمی جنگ کی شکل میں جمع ہوئے، وہ حبرون شہر
میں داؤد کو سارے اسرائیل کا بادشاہ بنانے کے لئے پُوری طرح تہیّہ کر کے
آئے تھے۔ اسرائیل کے دُوسرے لوگ بھی ایک رائے ہو کر داؤد کو بادشاہ
بنانے کے لئے آئے۔ ۳۹ اُن لوگوں نے داؤد کے ساتھ حبرون میں تین
دن گذارے وہ کھائے پئے کیوں کہ اُن کے رشتہ داروں نے اُن کے لئے
کھانا بنایا تھا۔ ۴۰ یہاں تک کہ انکے پڑوسی بھی جو کہ اشکار، زبولون اور
نفتالی کے تھے گدھوں پر، خچّروں پر، اونٹوں پر اور بیلوں پر کھانا لے آئے۔
وہاں بہت زیادہ آٹا، انجیر کے ٹکڑے، کشمش، مئے، تیل، مویشی اور بھیڑ
تھے اسلئے اسرائیل میں خوشی تھی۔

## معاہدہ کے صندوق کی واپسی

۱۳ داؤد نے ان سبھی عہدیداروں سے جو ہزاروں اور
سیکڑوں کے سپہ سالار تھے سے رابطہ قائم کیا۔ ۲ داؤد نے
اسرائیل کی پوری اجلاس سے کہا: "اگر تم محسوس کرتے ہو کہ یہ اچھا ہے اور
اگر یہ خداوند ہمارا خدا کی طرف سے ہے تب ہمیں اسرائیل کے ہر علاقے
میں رہنے والے ہمارے بھائیوں ساتھ ہی ساتھ کاہنوں اور انکے شہروں اور
چراگاہوں میں رہنے والے لاویوں میں قاصدوں کو بھیجنے دو۔ تا کہ وہ ہم میں
شامل ہوسکیں۔ ۳ ہمیں ہمارے خدا کے معاہدہ کے صندوق کو واپس لانے
دو۔ کیونکہ ہملوگوں کو ساؤل کے دور حکومت میں ردّ کردیا تھا۔" ۴ اور
سارے اسرائیل ایسا کرنے کے لئے راضی ہوگئے۔ کیونکہ تمام لوگوں نے
خیال کیا تھا کہ ایسا کرنا صحیح ہے۔
۵ اور اسلئے داؤد نے مصر کے سیحور دریا سے حمات کے شہر تک تمام
اسرائیل کے لوگوں کو قریت یعریم شہر سے معاہدہ کے صندوق کو لانے
کے لئے جمع کیا۔ ۶ داؤد اور سارے اسرائیلی یہوداہ کے بعلہ (قریت
یعریم) کو خدا کا صندوق، خداوند جو کروبی فرشتوں کے اوپر بیٹھتے ہیں،
واپس لانے گئے یہ یہی صندوق ہے جسے خُداوند کے نام سے پکارا جاتا ہے۔

۷اُن لوگوں نے معاہدہ کے صندوق کو ابینداب کے گھر سے ایک
نئی گاڑی میں لایا۔ عزّا اور اخیو گاڑی ہانک رہے تھے۔
۸داؤد اور اسرائیل کے تمام لوگ پورے جوش و خروش کے ساتھ
تقریب منا رہے تھے۔ وہ لوگ گا رہے تھے اور بربط، ستار، ڈھول، مجیرا اور
بگل کے ساتھ موسیقی بجا رہے تھے۔
۹وہ کیدون کے کھلیان میں آئے گاڑی کھینچنے والے بیلوں کو ٹھوکر
لگی عزّا نے معاہدے کے صندوق کو سنبھالنے کے لئے اپنے ہاتھ آگے
بڑھائے۔ ۱۰ خُداوند عزّا پر بہت غصّہ ہوا۔ خُداوند نے عزّا کو مار ڈالا
کیوں کہ اُس نے صندوق کو چھولیا۔ اس لئے وہ خُدا کے سامنے مر گیا۔
۱۱ داؤد غصّہ ہوا کیونکہ خُداوند نے اپنا غصّہ عزّا پر دکھایا۔ اسلئے اب تک
وہ جگہ "پرض عزّا" * سے جانا جاتا ہے۔
۱۲ داؤد اُس دن خُدا سے ڈر گیا۔ اور اسنے کہا، "میں معاہدہ کے صندوق
کو یہاں اپنے پاس کیسے لاسکتا ہوں؟" ۱۳ اِس لئے داؤد نے معاہدہ کے
صندوق کو اُس کے ساتھ شہر داؤد نہیں لے گیا۔ اسکے بجائے اس نے معاہدہ
کے صندوق کو عوبید ادوم کے گھر پر رکھا عوبید ادوم جاتی لوگوں میں سے
تھا۔ ۱۴ اسلئے معاہدہ کا صندوق عوبید ادوم کے خاندان کے ساتھ اُس کے
گھر میں تین مہینے رہا۔ اور خُداوند نے عوبید ادوم کے خاندان کو اور اُس کے
یہاں جو کچھ بھی تھا اسکو فضل عطا کیا۔

## داؤد کی بادشاہت میں ترقی

۱۴ حیرام، صور شہر کا بادشاہ داؤد کے پاس خبر رسانوں کو
بھیجا۔ حیرام نے بلوط کے تختے، سنگتراشوں اور بڑھئی کو
داؤد کا گھر بنانے کے لئے بھیجا۔ ۲ اسلئے داؤد کو محسوس ہوا کہ خداوند نے
اسے اسرائیل کے اوپر بادشاہ قائم کیا ہے کیونکہ اسنے اپنی سلطنت کو اپنے
لوگ، اسرائیل، کے لئے طاقتور بنایا۔
۳داؤد نے یروشلم میں بہت سی عورتوں کے ساتھ شادی کی اور اُس
کے بہت سے بیٹے اور بیٹیاں ہوئے۔ ۴ یہ داؤد کی اولاد کے نام ہیں جو
یروشلم میں پیدا ہوئے: سموع، سوباب، ناتن، سلیمان، ۵ ابحار، اسوع،
الفلط، ۶ نوجہ، نفج، یفیعہ، ۷ الیسمع، بعلیدع، الیفلط۔

## داؤد کا فلسطینیوں کو شکست دینا

۸ فلسطینی لوگوں نے سُنا کہ داؤد کو اسرائیل کا بادشاہ کے طور پر مسح
کیا گیا ہے۔ اِس لئے تمام فلسطینی لوگ داؤد کی کھوج میں گئے۔ داؤد نے اُس
بارے میں سُنا اور وہ انلوگوں کے روبرو ہونے کے لئے باہر گئے۔
۹ فلسطینیوں نے رفائیم کی وادی پر دھاوا بولا۔ ۱۰ داؤد نے خُدا سے
پوچھا، "اگر میں فلسطینی لوگوں کے خلاف جاؤں تو کیا تو مجھے اُنہیں شکست
دینے میں مدد کریگا؟"
تب خُداوند نے داؤد کو جواب دیا، "جاؤ میں تُمہیں فلسطینی لوگوں کو
شکست دینے میں مدد کرونگا۔"
۱۱ اسلئے داؤد اور اسکے آدمی بعل پراضیم * کے شہر تک گئے اور وہاں
داؤد نے فلسطینی لوگوں کو شکست دیا۔ داؤد نے کہا، "خدا نے میرے ہاتھ
سے میرے دشمنوں کو توڑ ڈالا ویسے ہی جیسے پانی ٹوٹے ہوئے باندھ
سے پھوٹ پڑتا ہے۔" اسلئے اس جگہ کا نام بعل پراضیم ہے۔ ۱۲ فلسطینی
لوگوں نے اُن کے بُتوں کو بعل پراضیم میں چھوڑا۔ داؤد نے اپنے آدمیوں
کو حکم دیا کہ وہ اُن بُتوں کو جلا دے۔

## فلسطینوں پر دُوسری فتح

۱۳ فلسطینیوں نے رفائیم کی وادی پر پھر سے دھاوا بولا۔
۱۴ اسلئے داؤد نے پھر خدا سے رہبری کی درخواست کی اور خدا نے اُسے
کہا، "ان پر سیدھا حملہ مت کرو بلکہ انکے چاروں طرف جاؤ اور اس طرف سے
انکے پاس بڑھو جہاں بلسان درخت * ہو۔ ۱۵ اور جب تمہارا پہریدار
بلسان کے درخت کے چوٹیوں سے بڑھنے کی آواز سنے گا۔ تو لڑائی میں
کودجانا۔ میں تم سے پہلے فلسطینیوں کو ہرانے جاؤں گا۔" ۱۶ داؤد نے
وہی کیا جیسا کہ خُدا نے حکم دیا اور انلوگوں نے فلسطینیوں کو جبعون سے جزر
تک شکست دیا۔ ۱۷ اس طرح سے داؤد تمام ملکوں میں مشہور ہوا۔ خداوند
نے تمام قوموں کو اس سے ڈرا دیا۔

## معاہدہ کا صندوق یروشلم میں

۱۵ داؤد نے شہر داؤد میں اپنے لئے ایک محل بنوایا اور اُس
نے معاہدہ کے صندوق کے لئے ایک جگہ بنایا۔ اور اُسکے
لئے ایک خیمہ ڈالا۔ ۲ تب داؤد نے کہا، "صرف لاوی لوگوں کو معاہدہ کے
صندوق کو لے جانے کی اجازت ہے۔ خُداوند نے اُنہیں معاہدہ کے صندوق
کو لے جانے کے لئے اور ہمیشہ خدمت کے لئے چُنا ہے۔"
۳ تب داؤد نے معاہدے کے صندوق کو اس جگہ لے جانے کے لئے

---

**پرض عزّا** اُس کا مطلب عزّہ پر پھٹ پڑنا ہے۔

**بعل پراضیم** ادبی طور پر اسکا مطلب ہے "خداوند توڑتا ہے۔"

**بلسان درخت** اس درخت کا صحیح پہچان معلوم نہیں ہے۔ کچھ لوگ سوچتے ہیں کہ یہ بلسان یا بیدا کا درخت ہے۔ لیکن عبرانی میں کبھی کبھی اسے بقائیم نامی ایک جگہ سمجھا جاتا ہے۔

جسے اسنے اسکے لئے تیار کیا تھا۔ اسرائیل کے تمام لوگوں کو یروشلم میں جمع
کیا۔ ۴داؤد نے ہارون اور لاویوں کی نسلوں کو جمع کیا۔ ۵قہات کی
نسلوں سے اوریل کے ساتھ جو کہ انکا قائد تھا ۱۲۰ لوگ تھے۔ ۶ دوسو بیس
لوگ مراری کے خاندانی گروہ سے تھے عسایاہ اُن کا قائد تھا۔ ۷ایک سو تیس
لوگ جیرشون کے خاندانی گروہ سے تھے۔ یوایل اُن کا قائد تھا۔ ۸دو سو
آدمی الیصفن کے خاندانی گروہ سے تھے۔ سمعیاہ ان کا قائد تھا۔ ۹اسّی لوگ
جیرشون کے خاندانی گروہ سے تھے الی ایل ان کا قائد تھا۔ ۱۰ ایک سو
بارہ لوگ عزی ایل کے خاندانی گروہ سے تھے عمّینداب ان کا قائد تھا۔

## لاویوں اور کاہنوں سے داؤد کا مباحثہ

۱۱ تب داؤد نے صدوق اور ابی یاتر کاہنوں سے کہا کہ وہ اُس کے
پاس آئیں۔ داؤد نے اوری ایل، عسایاہ، یوایل، سمعیاہ اور عمّینداب
لاویوں کو بھی اپنے پاس بُلایا۔ ۱۲ اسنے اُن سے کہا، "تُم لوگ لاوی
خاندانوں کے قائدین ہو اور تُمہیں خدا کو اور دُوسرے لاویوں کو مُقدّس بنانا
چاہئے۔* تب خداوند، اسرائیل کے خدا کا مقدس صندوق کو اس جگہ پر لاؤ
جسے میں نے اسکے لئے بنایا ہے۔ ۱۳ کیونکہ پہلے ہم لوگوں نے اسے نہیں
لے گئے تھے اور ہم لوگوں نے خدا سے نہیں پوچھے تھے کہ اسے کیسے کیا جانا
چاہئے۔ خداوند ہم لوگوں کا خدا نے ہم لوگوں کو غصّہ دکھایا تھا۔"
۱۴ تب کاہنوں اور لاویوں نے اپنے کو پاک کیا جس سے وہ اسرائیل
کے خُداوند خُدا کے صندوق کو لے کر چل سکیں۔ ۱۵ لاویوں نے بڑے
ڈنڈوں کے سہارے معاہدے کے صندوق کو اپنے کندھوں پر لے آیا جیسا
کہ موسیٰ نے خداوند کی ہدایت کے مطابق حکم دیا تھا۔

## گلوکار

۱۶ داؤد نے لاویوں کے قائدین کو اپنے رشتے داروں سے گلوکاروں کو
بلند آواز اور خوشی کے ساتھ موسیقی کے آلات ستار، بربط اور مجیرا کا استعمال
کرکے گانے کے لئے بحال کرنے کے لئے کہا۔
۱۷ اسلئے لاویوں نے یوائل کے بیٹے ہیمان اور اسکے رشتے داروں سے
برکیاہ کے بیٹے آسف ، اور انکے رشتے داروں سے مراری کی نسلیں اور
قوسیاہ کا بیٹا ایتان، ۱۸ اور انلوگوں کے ساتھ انکے رشتے داروں میں سے
انکے مددگار: زکریاہ یعزی ایل، شمیراموت، یحی ایل ، عنّی ، الیاب، بنایاہ،
معسیاہ، متنیاہ، الیفلہو، مقنیاہ، عوبیدادوم اور یعی ایل۔

**مُقدّس بنانا چاہئے** بمعنی اپنے آپ کو خُداوند کی خدمت کے لئے تیّار کرنا۔

۱۹ گلوکار ہیمان، آسف، اور ایتان کانسہ کے مجیرے بجا رہے تھے۔
۲۰ زکریاہ، یعزی ایل، شمیراموت، یحی ایل، عنّی، الیاب، معسیاہ اور
بنایاہ کو علاموت * کے مطابق ستار بجانے تھے۔ ۲۱ متنیاہ، الیفلہو،
مقنیاہ، عوبیدادوم، یعی ایل اور عزریاہ کو ستارا شمنیت * کے حکم کے
مطابق بجانا تھا۔ وہ لوگ موسیقی کاروں کو ہدایت دے رہے تھے۔
۲۲ لاوی گلوکاروں کا قائد کنانیاہ گانے میں ہدایت کاری کر
رہے تھے کیونکہ وہ گانے میں بہت مہارت رکھتا تھا۔
۲۳ برکیاہ اور القانہ معاہدہ کے صندوق کے پہریداروں میں سے
دو تھے۔ ۲۴ کاہن شیبانیاہ، یہوسفط، نتنی ایل، عماسی، زکریاہ، بنایاہ اور
الیعزر کا کام معاہدہ کے صندوق کے سامنے چلتے ہوئے بگل بجانا تھا۔
عوبیدادوم اور یحیی معاہدہ کے صندوق کے دُوسرے محافظ تھا۔
۲۵ داؤد، اسرائیل کے بزرگ (قائدین) اور ہزاروں کے سپہ سالار
خداوند کے معاہدہ کا صندوق لینے گئے۔ وہ اُسے عوبید ادوم کے گھر
سے خوشی میں باہر لائے۔ ۲۶ خُدا نے لاویوں کی مدد کی جو خُداوند کے
معاہدہ کے صندوق کو لے کر چل رہے تھے۔ اُنہوں نے سات بیلوں اور
سات بینڈھوں کا نذرانہ پیش کیا۔ ۲۷ داؤد عمدہ کتانی چغّہ پہنے ہوئے
تھے، اور اسلئے تمام لاوی جو کہ صندوق لیکر چل رہے تھے، گلوکار اور کنانیاہ
جو کہ گانے اور موسیقی کا زیر نگراں تھا بھی کتانی ایفود پہنے ہوئے تھے۔
۲۸ اُس طرح اسرائیل کے تمام لوگ خُداند کے معاہدہ کے صندوق
کو چلّانے کی آواز ، بینڈھے کے سنگ کی آواز، بگل اور مجیرے کی آواز
کے ساتھ اور بربط اور ستار بجا کر لے آئے۔
۲۹ جب معاہدہ کا صندوق شہر داؤد میں پہنچا تو ساؤل کی بیٹی میکل
نے کھڑکی سے جھانک کر دیکھا۔ اُسنے بادشاہ داؤد کو ناچتے اور جشن مناتے
ہوئے دیکھا اور اسنے اسکے تئیں میں اپنی ساری عزّت واحترام کو کھودیا۔
**۱۶** وہ لوگ معاہدہ کا صندوق لے آئے۔ اور اُسے اُس خیمہ کے
اندر رکھا جسے داؤد نے اُس کے لئے تیّار کیا تھا۔ تب
اُنہوں نے خُدا کے سامنے جلانے اور ہمدردی کے نذرانے پیش کئے۔
۲ ہمدردی اور جلانے کے نذرانے کی قربانیاں ختم ہونے کے بعد داؤد نے
خداوند کے نام پر لوگوں کو دعاء دی۔
۳ پھر اُس نے ہر ایک اسرائیلی مرد اور عورت کو ایک ایک روٹی،
ایک ایک کھجور کا کیک اور کشمش دیا۔

**علاموت** اس لفظ کا صحیح مطلب معلوم نہیں ہے لیکن شاید کے اسکا مطلب اونچا نصب کیا ہوا۔

**شمینت** ہم لوگ اس لفظ کا صحیح مطلب نہیں جانتے، ہیں لیکن شاید کہ اسکا مطلب "نیچے نصب کیا ہوا۔"

۴ تب اسنے خداوند کے معاہدہ کے صندوق کے سامنے خدمت کے لئے کُچھ
لاویوں کو چُنا: اعلان کرنے کے لئے، شکریہ ادا کرنے کے لئے اور خداوند
اسرائیل کے خدا کی حمد کرنے کے لئے۔ ۵ آسف قائد تھا اور زکریاہ اسکا
مددگار تھا۔ دوسرے لاوی عزّی ایل ، شمیرا موت ، یحی ایل ، متّیتیاہ
،الیاب، بنایاہ، عوبیدادوم اور یعی ایل تھے۔ انلوگوں کا کام بربط اور ستار
بجانے کا تھاجبکہ آسف کا مجیرا بجانے کا کام تھا۔ ۶ کاہن یحزی ایل کا کام
بنایاہ اور ہمیشہ خداوند کےمعاہدہ کےصندوق کے سامنے بگل بجانے کا تھا۔
۷ اس دن داؤد نے آسف اور اُس کے ساتھیوں کو پہلی دفعہ حکم دیا کہ وہ
خداوند کا شکریہ ادا کرے۔

## داؤد کے شکرانہ کے گیت

۸ خُداوند کا شکریہ ادا کرو، اسکے نام کا اعلان کرو، قوموں کے درمیان
اسکے کارناموں کا ذکر کرو۔
۹ خُداوند کے لئے گیت گاؤ، خُداوند کی حمد کے ترانے گاؤ۔ اُس کے
تمام معجزات کے متعلق کہو۔
۱۰ خُداوند کے مقدس نام پر فخر کرو ان سبھوں کو جو خداوند کو تلاش
کرتا ہے خوشیاں منانے دو!
۱۱ خُداوند اور اُس کی طاقت کی تلاش کرو ہمیشہ اسکے رحم و کرم میں
رہنے کی خواہش کرو۔
۱۲ اُن عجیب غریب کاموں کو اسکے معجزے اور اسکے فیصلوں کو
یاد کرو جو اسنے کئے ہیں۔
۱۳ اسرائیل کی اولادیں اسکے خادم ہیں۔ یعقوب کی نسلیں اسکے چُنے
ہوئے لوگ ہیں!
۱۴ خُداوند ہمارا خدا ہے۔ اسکے فیصلے پوری زمین پر لاگو ہے۔
۱۵ اُسکے معاہدوں کو ہمیشہ یاد رکھو۔ اس وعدہ کو جو اسنے
ہزاروں نسلوں سے کئے تھے۔
۱۶ یہ معاہدہ ہے جسے خُداوند نے ابراہیم سے کیا تھا۔ وہ وعدہ جسے
اسنے اسحاق سے کیا تھا۔
۱۷ اسنے اسے یعقوب کے لئے قانون کے طور پر اور اسرائیل کے
لئے معاہدہ کے طور پر ہمیشہ کے لئے قائم کیا۔
۱۸ خُداوند نے اسرائیل سے کہا تھا، ”میں کنعان کا ملک تُجھے دوں گا
وعدہ کی ہوئی زمین تُمہاری ہو گی۔“
۱۹ جب وہ لوگ تعداد میں تھوڑے تھے، غیر اہم تھے اور ملک میں
اجنبی تھے،
۲۰ وہ ایک ملک سے دُوسرے ملک کو بھٹکتے تھے۔ وہ ایک
بادشاہت سے دُوسری بادشاہت کو گئے۔
۲۱ لیکن خُداوند نے کسی کو اُنہیں چوٹ پہنچانے نہ دیا۔ خُداوند نے
بادشاہوں کو انلوگوں کے لئے خبردار کیا:
۲۲ ”میرے چُنے ہوئے کو چوٹ نہ پہنچاؤ۔ میرے نبیوں کو چوٹ
نہ پہنچاؤ۔“
۲۳ خُداوند کے بارے میں ساری زمین پر گیت گاؤ! ہر روز اسکی
نجات کی خوش خبری کا اعلان کرو۔
۲۴ اسکے جلال کا اعلان قوموں کے درمیان کرو اور اسکے معجزاتی
کاموں کے بارے میں سبھی لوگوں کو کہو۔
۲۵ خُداوند عظیم ہے اور سب سے زیادہ حمد کے لائق ہے۔ اور
دوسرے تمام خداؤں سے زیادہ مہیب ہے۔
۲۶ کیوں؟ کیونکہ تمام دنیاوی خُدا صرف بے قیمت مجسّمے ہیں لیکن
خُداوند نے آسمانوں کو بنایا۔
۲۷ شان و شوکت اور جاہ و جلال اسے گھیرے ہوئے ہیں۔
۲۸ قوموں کے سبھی خاندانوں کی تمجید کرو، اسکی جلال اور قدرت کی
تمجید کرو۔
۲۹ خداوند کے پُر جلال نام کی تمجید کرو۔ نذرانہ پیش کرو اور اسکی
ہیکل میں آؤ۔ اسکے مقدس آرائش میں اسکی پرستش کرو۔
۳۰ اے روئے زمین کے تمام لوگو اسکے آگے کانپو، سچ مچ میں زمین
مضبوطی سے قائم ہے اسے ہلایا نہیں جاسکتا ہے۔
۳۱ آسمانوں کو خوشی منانے دو۔ زمین کو خوش ہونے دو۔ اُنہیں
قوموں کے درمیان اعلان کرنے دو، ”خداوند بادشاہ ہے!“
۳۲ سمندر اور اُس میں بھرے ہوئے ساری چیزوں کو گرجنے دو۔
بیرون شہر اور اسکی ساری چیزوں کو خوشی منانے دو!
۳۳ تب خُداوند کے سامنے جنگل کے درخت خوشی سے گائیں گے
کیوں کہ وہ دنیا کا فیصلہ کرنے کے لئے آئیگا۔
۳۴ خداوند کا شکریہ ادا کرو کیونکہ وہ اچھّا ہے اسکا پیار ہمیشہ ہمیشہ
رہیگا۔
۳۵ اُسے کہو: ”خدا ہملوگوں کا نجات دہندہ ہملوگوں کو بچا!
ہملوگوں کو جمع کر اور قوموں سے ہملوگوں کو آزاد کر۔ تاکہ ہملوگ تمہارے
مقدس نام کا شکریہ ادا کرسکتے ہیں۔ تاکہ ہملوگ فخر سے لوگوں کو کہہ سکیں کہ
تمہاری تعریف کی جائیگی۔“
۳۶ اِسرائیل کے خُداوند خُدا کی ہمیشہ ازل سے ابد تک تعریف ہو۔

تب تمام لوگوں نے کہا، ”آمین“ اور خُداوند کی حمد کی۔
۳۷ تب داؤد نے آسف اور اُس کے ساتھیوں کو وہاں خُداوند کے
معاہدہ کے صندوق کے سامنے چھوڑ دیا تا کہ دن بدن کے اصولوں کے تحت
صندوق کے سامنے ہمیشہ خدمت کریں۔ ۳۸ اور اسنے عوبید ادوم اور اپنے
۶۸ ساتھیوں کو چھوڑ دیا۔ عوبید ادوم جو کہ یدوتون کا بیٹا تھا اور ہوسع
دربان تھے۔
۳۹ داؤد نے کاہن صدوق اور اسکے ساتھی کاہنوں کو جبعون کے اونچے
مقام پر خداوند کے خیمہ میں خدمت کرنے کے لئے چھوڑا۔ ۴۰ خداوند کی
شریعت میں جو لکھا تھا جو کہ اسنے اسرائیلیوں کو دیا تھا کے مطابق جلانے
کے نذرانہ کے قربان گاہ پر خداوند کے لئے جلانے کا نذرانہ صبح و شام روزانہ
پیش کرو۔ ۴۱ انلوگوں کے ساتھ ہیمان، یدوتون اور دوسرے لوگ
تھے جو کہ نام بنام خداوند کا شکریہ ادا کرنے کے لئے چنے گئے تھے۔ کیونکہ
اسکا پیار ہمیشہ رہیگا۔ ۴۲ ہیمان اور یدوتون بھی بگل اور مجیرا اور
دوسرے موسیقی کے آلات کے ذمّہ دار تھے جسکا کہ حمد کا ترانہ گانے میں
استعمال کیا جاتا تھا۔ یدوتون کا بیٹا پھاٹکوں کی پہریداری کرتے تھے۔
۴۳ تقریب کے بعد تمام لوگ اُس جگہ سے چلے گئے ہر ایک آدمی
اپنے اپنے گھر چلے گئے اور داؤد بھی اپنے خاندان کو دُعاء دینے کے لئے گھر گیا۔

## خُدا کا داؤد سے وعدہ کرنا

۱۷ جب داؤد اپنا گھر واپس آیا تو اسنے ناتن نبی سے کہا،
”دیکھو میں دیودار کے لکڑی سے بنے گھر میں رہ رہا ہوں
لیکن خُداوند کے معاہدہ کا صندوق خیمہ میں رکھا گیا ہے۔“
۲ ناتن نے داؤد کو جواب دیا، ”تُم جو کُچھ کرنا چاہتے ہو اسے کرو۔ خُدا
تُمہارے ساتھ ہے۔“
۳ لیکن اُس رات خُدا کا کلام ناتن کو ملا۔ خُدا نے کہا، ۴ ”جاؤ، میرے
خادم داؤد سے کہو: خُداوند کہتا ہے، ’تُم وہ نہیں ہو جو میرے رہنے کے لئے
گھر بناؤ گے۔
۵-۶ جب سے میں اِسرائیل کو مصر سے باہر لایا تب سے آج تک
میں گھر میں نہیں رہا ہوں۔ میں ایک خیمہ سے دوسرے خیمہ میں ایک پناہ
گاہ سے دوسرے پناہ گاہ تک گھومتا رہا ہوں۔ اس پورے وقت میں جب
میں اسرائیل کے لوگوں کے ساتھ گھومتا رہتا تھا تو کیا میں نے اسرائیل کے
کسی بھی قائد سے جسے کہ میں نے اپنے لوگوں کا چرواہ ہونے کا حکم
دیا تھا کبھی بھی کہا تھا: ”تم نے میرے لئے دیودار کی لکڑی
سے گھر کیوں نہیں بنایا؟‘

۷ ”اب تم میرے خادم داؤد سے کہو: خداوند قادر مطلق تم سے
کہتا ہے، ’میں نے تم کو بھیڑوں کے چرنے کے میدان سے لیا اور میرے
اسرائیل کے لوگوں کا حکمراں بنایا۔“ ۸ تُم جہاں بھی گئے میں تُمہارے
ساتھ تھا میں نے تمہارے سامنے تمہارے سبھی دشمنوں کو کاٹ ڈالا۔ اب
میں تمہیں زمین پر کے سب سے عظیم آدمیوں کی طرح مشہور کردونگا۔
۹ اور میں اپنے اسرائیل کے لوگوں کو ایک جگہ دونگا۔ اور میں انلوگوں کو
وہاں پر بساؤنگا۔ وہ لوگ وہاں رہیں گے اور وہ لوگ اور مزید پریشان نہیں
کئے جائینگے۔ اور اب سے شریر لوگ ان لوگوں پر ظلم نہیں ڈھائینگے جیسا کہ
پہلے وہ لوگ کئے تھے۔ ۱۰ اس وقت سے جب میں نے اپنے اسرائیل کے
لوگوں کے اوپر قائدین بحال کیا۔ میں تُمہارے تمام دُشمنوں کو بھی ہراؤں
گا۔ میں تُم سے کہتا ہوں،
”’خُداوند تُمہارے لئے ایک گھر بنائے گا۔ * ۱۱ جب تم مروگے
اور اپنے اجداد سے جا ملوگے، میں تمہارے بچوں کو تمہاری جگہ لینے
کے لئے پالونگا۔ نیا بادشاہ تُمہارے بیٹوں میں سے ایک ہوگا اور میں اسکی
بادشاہت کو عظیم طاقتور بناؤں گا۔ ۱۲ تُمہارا بیٹا میرے لئے ایک گھر
بنائے گا۔ میں اسکے تخت کو ہمیشہ کے لئے قائم کرونگا۔ ۱۳ میں اُس کا
باپ بنوں گا اور وہ میرا بیٹا ہوگا۔ اور میں اپنا پیار اس سے نہیں
چھینونگا جیسا کہ میں نے ساؤل سے چھین لیا تھا جو کہ تم سے پہلے بادشاہ تھا۔
۱۴ اور میں اُسے ہمیشہ کے لئے اپنے گھر اور بادشاہت کا محافظ بناؤں گا۔
اُس کی بادشاہت ہمیشہ چلتی رہے گی۔“‘
۱۵ ناتن نے اِس رویا کے بارے میں تمام چیزوں کو داؤد سے کہا جو
خُدا نے کہا تھا۔

## داؤد کی دُعا

۱۶ تب داؤد مقدس خیمہ میں گیا، خداوند کے سامنے بیٹھا اور کہا،
”اے خداوند خدا میں کون ہوں اور میرا خاندان کیا ہے کہ تم نے
میرے لئے اتنا کچھ کیا ہے؟“ ۱۷ اُن باتوں کے علاوہ تو مجھے معلوم کرا کہ
مستقبل میں میرے خاندان پر کیا ہوگا تو نے میرے ساتھ ایسا برتاؤ کیا
ہے جیسے کہ میں بہت اہم آدمی تھا۔ ۱۸ تمہارے لئے داؤد اور کیا کرسکتا
ہے کہ تمہیں اپنے نوکر کی تعظیم کرنا چاہئے؟ تم اپنے نوکروں کو جانتے ہو!
۱۹ اے خداوند! تم نے اپنے نوکروں کی خاطر یہ عظیم کارنامے کئے اور
اپنی خواہش کے مطابق یہ سب عظیم کارنامہ ظاہر کررہے ہو۔ ۲۰ اے

**تُمہارے لئے ایک گھر بنائے گا** اُس کے معنی حقیقی مکان کے نہیں۔ بلکہ اُس کے معنی خُداوند داؤد کے خاندان سے ہی لوگوں کو کئی کئی سال تک بادشاہ بنائے گا۔

خداوند! اُن ساری چیزوں کی بنیاد پر جسے ہملوگوں نے سنا ہے۔ تُم جیسا اور
کوئی نہیں ہے تیرے علاوہ اور کوئی خُدا نہیں ہے۔ ۲۱ کیا
تمہارے اسرائیل کے لوگوں کے جیسی کوئی اور قوم ہے؟ اسرائیل ہی
صرف زمین پر وہ قوم ہے۔ جسکا خدا سے اپنا لوگ بنانے کے لئے
چھڑانے گیا۔ تو نے اپنی شہرت عظیم اور مہیب کارناموں کے لئے قائم
کیا۔ تم نے دوسری قوموں کو اپنے انلوگوں کے سامنے سے باہر ہانک دیا
جسے تونے مصر سے باہر نکالا تھا۔ ۲۲ تُو نے اسرائیل کو ہمیشہ کے لئے
اپنا لوگ بنایا اور اے خُداوند تو اُس کا خُدا ہو گیا۔

۲۳ "اور اب اے خداوندوہ باتیں جو تو نے اپنے خادم اور
اسکے خاندان کے لئے کہے تھے ہمیشہ ہمیشہ کے لئے سچ ہو، اور تونے جیسا
وعدہ کیا ہے کاش تو ویسا ہی کرے۔ ۲۴ اپنے وعدہ کو پُورا کر تا کہ لوگ
تیرے نام کی ہمیشہ تعظیم کریں۔ یہ کہتے ہوئے، 'خداوند قادر مطلق
اسرائیل کا خُدا ہے!' کاش تمہارا خادم داؤد کا گھر تمہارے سامنے قائم ہو۔
۲۵ "تو میرے خدا، اپنے خادم مجھ سے تُو میرے خاندان کو ایک
بادشاہوں کا خاندان بنائے گا۔ اسی لئے میں تمہارا خادم تمہاری عبادت
کرنے کا حوصلہ رکھتا ہوں۔ ۲۶ اے خُداوند! تُو خُدا ہے تو نے اپنے خادم
میرے لئے ان چیزوں کو کرنے کا وعدہ کیا ہے۔ ۲۷ اب تو اپنے خادم
کے خاندان کو فضل عطا کر کے خوش ہو تا کہ وہ لوگ تیرے حضور ہمیشہ
ہمیشہ خدمت کر سکے۔ کیونکہ اے خداوند تم اسے فضل عطا کیا ہے اور ہمیشہ
اس پر تیرا افضل ہوتا رہے گا۔"

### داؤد کی مختلف قوموں پر جیت

۱۸ بعد میں داؤد نے فلسطینی لوگوں پر حملہ کیا۔ اُس نے اُن کو
شکست دی۔ اور جات شہر اور اُسکے اطراف کے شہروں کو
فلسطینی لوگوں سے لے لیا۔
۲ تب داؤد نے ملک موآب کو شکست دی اور موآبی لوگ داؤد کے غلام
ہو گئے اور اسکو خراج عقیدت پیش کئے۔
۳ داؤد ہددعزر کی فوج کے خلاف بھی لڑا۔ ہددعزر ضوباہ کا بادشاہ تھا۔
داؤد اُس کی فوج کے خلاف مسلسل حمات شہرت تک لڑا۔ داؤد نے ایسا
اس لئے کیا کیونکہ ہددعزر اپنی حکومت کو دریائے فرات تک پھیلانا چاہا۔
۴ داؤد نے ہددعزر کی فوج سے ایک ہزار رتھ، سات ہزار رتھ بان لے
لئے اور بیس ہزار پیدل سپاہیوں کو قبضہ کر لیا۔ لیکن داؤد نے ایک سو
رتھوں کے گھوڑوں کو چھوڑ کر سبھی گھوڑوں کو لنگڑا لولا کر دیا۔
۵ ارامی لوگ دمشق شہر سے ضوباہ کا بادشاہ ہددعزر کی مدد کرنے کے
لئے آئے۔ داؤد نے بائیس ہزار ارامی سپاہیوں کو مار ڈالا۔ ۶ تب داؤد نے
دمشق شہر میں محافظ دستہ رکھّے۔ ارامی لوگ داؤد کے غلام بن گئے اور اسکو
خراج عقیدت پیش کئے۔ خُداوند نے داؤد کو جہاں بھی وہ گیا فتح دی۔
۷ داؤد نے ہددعزر کے سپہ سالار سے سونے کی ڈھالیں لے لئے اور
اُنہیں یروشلم لے آئے۔ ۸ داؤد نے طبحت اور کُون کے شہروں سے زیادہ
کانسہ لیا جو کہ ہددعزر کا تھا۔ بعد میں سُلیمان نے اُس کانسہ کا استعمال کانسہ
کا حوض، کانسہ کا ستون اور کانسہ کا برتن بنانے میں کیا۔
۹ توعو جو کہ حمات کا بادشاہ تھا نے سُنا کہ داؤد نے ضوباہ کے بادشاہ ہدد
عزر کی پوری فوج کو شکست دے دی ہے۔ ۱۰ اسلئے توعو نے اپنے بیٹے
ہدورم کو بادشاہ داؤد کے پاس اسکا خیر مقدم اور اسے مبارک باد دینے کے
لئے بھیجا۔ کیونکہ اسنے ہددعزر کے ساتھ لڑا اور اسے شکست دیا تھا اور جیسا کہ
توعو بھی ہددعزر سے جنگ کیا تھا۔ ہدورم سونے، چاندی اور کانسہ سے بنے
ہوئے ہر قسم کے تحفے لائے۔ ۱۱ داؤد بادشاہ نے اُن سب چیزوں کو اُن
سونے اور چاندی کے ساتھ جو اسنے اور قوموں یعنی ادومی، موآبی،
عمّونی، فلسطینی اور عمالیقی لوگوں سے حاصل کیا تھا خداوند کو وقف کر دیا۔
۱۲ ضرویاہ کے بیٹے ابی شئے نے نمک کی وادی میں ۱۸،۰۰۰
ادومی لوگوں کو مار ڈالا۔ ۱۳ اور اسنے ادوم میں محافظ دستہ رکھّا اور
سارے ادومی داؤد کے غلام بن گئے۔ اس طرح سے داؤد جہاں کہیں بھی گئے
خداوند نے اسے فتح دیا۔

### داؤد کے اہم عہدیدار

۱۴ داؤد سارے اسرائیل کا بادشاہ تھا اُس نے وہی کیا جو اسکے تمام
لوگوں کے لئے صحیح اور منصفانہ تھا۔ ۱۵ ضرویاہ کا بیٹا یوآب داؤد کی فوج
کا سپہ سالار تھا۔ اخیلود کا بیٹا یہوسفط معتمد تھا۔ ۱۶ اخیطوب کا بیٹا
صدوق اور ابی یاتر کا بیٹا ابی ملک کاہن تھے۔ شوشا منشی تھا۔ ۱۷ یہویدع کا
بیٹا بنایاہ کریتوں اور فلیتی لوگوں کی رہنمائی کا ذمّہ دار تھا۔ داؤد کے بیٹے
اہم عہدیدار تھے وہ بادشاہ کی طرف خدمت گار تھے۔

### عمّونی لوگ داؤد کے آدمیوں کو شرمندہ کرتے ہیں

۱۹ بعد میں ایسا ہوا کہ عمّونی لوگوں کا بادشاہ ناحس مر گیا اور اسکا
بیٹا نئے بادشاہ کے طور پر اسکا جانشین ہوا۔ ۲ تب داؤد نے
کہا، "میں ناحس کے بیٹے حنون کے ساتھ وفادار رہونگا کیونکہ اسکا باپ میرا
وفادار تھا۔" اسلئے داؤد نے قاصدوں کے حنون کے پاس اسکے باپ کی موت
پر تعزیتی پیغام دینے کے لئے بھیجا۔ جب داؤد کے آدمی تعزیتی پیغام لیکر
حنون کے پاس عمّونیوں کی سرزمین پر پہنچے تو،

۳عمّونی قائدین نے حنون سے کہا، ”کیا تم سچ مُچ میں یہ سوچتے ہو کہ
داؤد نے اپنے آدمیوں کو تیرے باپ کی عزّت واحترام میں تجھے تعزیتی
پیغام دینے کے لئے بھیجا ہے؟ کیا تم نہیں سوچتے ہو کہ انکے خادم کھوج
کرنے اور جاسوسی کرنے کے لئے آیا ہے تاکہ وہ لوگ ملک کو برباد کر سکے؟“
۴ اِس لئے حنون نے داؤد کے خادموں کو قیدی بنایا اور اُن کی ڈاڑھی منڈوا
دی۔ حنون نے اُن کے لباس کو کمر تک کتروادیا پھر اُس نے اُنہیں روانہ
کردیا۔
۵داؤد کو ان لوگوں کے بارے میں خبر دی گئی تھی اور انلوگوں سے
ملنے کے لئے قاصد بھیجا کیونکہ وہ بہت زیادہ شرمندہ تھے۔ اور اسلئے بادشاہ
نے انہیں یہ خبر بھیجا: ”یریحو میں تب تک رہو جب تک تمہاری ڈاڑھی
بڑھ نہ جائے اسکے بعد ہی لوٹ آنا۔“
۶ جب عمّونی لوگوں نے یہ محسوس کیا کہ وہ لوگ داؤد کو بہت زیادہ
رنجیدہ کیا ہے۔ تو انلوگوں نے ارام نہریم، ارام معکہ اورضوباہ سے
۷۵،۰۰۰ پاؤنڈ چاندی کا استعمال رتھوں اور رتھ بانوں کے لئے کیا۔
۷انلو گوں نے ۳۲،۰۰۰ رتھوں اور معکہ کے بادشاہ اوراسکی
فوجوں کو کرائے پر لیا جو کہ آئے اور میدبا کے نزدیک خیمہ زن ہوگئے۔
عمّونی لوگ اپنے شہروں سے جمع ہوئے اور جنگ کے لئے آئے۔
۸داؤد نے سُنا کہ عمّونی لوگ جنگ کے لئے تیّار ہو رہے ہیں اِس لئے
اُس نے یوآب اور اِسرائیل کی پوری فوج کو عمّونی لوگوں سے جنگ کرنے
کے لئے بھیجا۔ ۹ عمّونی لوگ باہر آئے اور شہر کے پھاٹک کے پاس صف
آرا ہوئے۔ جو بادشاہ مدد کے لئے آئے تھے وہ کھلے میدان میں خود ہی
کھڑے تھے۔
۱۰ یوآب نے دیکھا کہ اُس کے خِلاف لڑنے والی فوج کے دو گروہ
تھے۔ ایک گروہ اُس کے سامنے تھا اور دُوسرا گروہ اُس کے پیچھے۔ اس لئے
یوآب نے اسرائیل کے بہترین جنگجوؤں میں سے کچھ کو چُن لئے۔ اُس نے
اُن کو باہر ارام کی فوج سے لڑنے کے لئے بھیجا۔ ۱۱ یوآب نے بقیہ
اِسرائیلی فوج کو اپنے بھائی ابیشے کی سپہ سالاری میں رکھا۔ وہ سپاہی باہر
عمّونی فوج سے لڑنے کے لئے صف آرا ہوئے۔ ۱۲ یوآب نے ابیشے سے
کہا، ”اگر ارامی مجھے ہرا رہے ہوں تو تمہیں میری مدد کرنی چاہئے۔ لیکن اگر
عمونی تجھے ہرا رہے ہوں تب میں تمہاری مدد کرونگا۔ ۱۳ ہمیں اپنے
لوگوں اور اپنے خُدا کے شہروں کے لئے بہادر اور طاقتور بننے دو۔ اور خداوند
وہ کریگا جو اسکی نظر میں اچھّا ہے۔“
۱۴ یوآب اور اسکے ماتحت کا دستہ ارامیوں سے لڑنے کے لئے آگے
بڑھے اور انلوگوں کو بھگادیئے۔ ۱۵ جب عمّونی نے دیکھا کہ ارام کی فوج
بھاگ گئی تو وہ لوگ بھی ابی شے سے بھائی کے سامنے سے بھاگ
گئے۔ اور اسلئے عمّونی اپنے شہروں کو چلے گئے اور یوآب یروشلم کو واپس
ہوگیا۔
۱۶ جب ارام کے قائدین نے دیکھا کہ اسرائیل نے اُنہیں شکست
دی ہے تو اُنہوں نے خبر رسانوں کو ارامی لوگوں سے مدد لینے بھیجا جو
دریائے فرات کے مشرق میں رہتے تھے۔ ہدد عزر کی فوج کا سپہ سالار
سوفک نے انلوگوں کی رہنمائی کی۔
۱۷ جب داؤد اسکے بارے میں سُنا تو اسنے اسرائیلیوں کی یردن ندی
کے پار جمع کیا اور انلوگوں کی طرف آگے بڑھایا۔ اسنے اپنے
دستوں کو ارامیوں کے خلاف لڑنے کے لئے صف آرائی کروایا اور وہ لوگ
انکے خلاف لڑے۔ ۱۸ ارامی اسرائیلیوں سے بھاگ گئے۔ داؤد
اوراسرائیلیوں نے ۷۰۰۰ رتھ بان اور ۴۰۰۰۰ ارامی فوجوں کو مار
ڈالا۔ اورانہوں نے انکے سپہ سالار سوفک کو بھی مار ڈالا۔ ۱۹ جب ہددعزر
کے عہدیداروں نے دیکھا کہ اسرائیل نے انہیں شکست دے دی ہے،
اُنہوں نے داؤد کے ساتھ صلح کرلی۔ وہ داؤد کے رعایا بن گئے اسلئے ارامیوں
نے عمّونی لوگوں کو پھر سے مدد کرنے سے انکار کردیا۔

## یوآب عمّونیوں کو تباہ کرتا ہے

۲۰ موسم بہار میں، جب بادشاہ نے لڑائی شروع کردی تو
یوآب فوج کو باہر لے گیا۔ اسنے عمّون کی زمین کو
برباد کردیا اور ربّہ جا کر اسکی گھیرابندی کرلئے اور جب داؤد یروشلم میں ہی
ٹھہر گیا تھا، تو یوآب نے ربّہ پر حملہ کیا اور اُسے خاک میں ملادیا۔
۲ داؤد نے انکے بادشاہ کے سر سے تاج اُتار لیا۔ اس تاج کا وزن تقریباً
۷۵ پاؤنڈ تھا۔ تاج میں بیش قیمتی پتّھر جڑے تھے۔ تاج کو داؤد کے سر پر
رکھا گیا۔ داؤد نے شہر سے بہت ساری مال غنیمت بھی لے گئے۔ ۳داؤد ربّہ
کے لوگوں کو ساتھ لایا اور اُنہیں آرے لوہے کے کدال اور کلہاڑی سے کام
کرنے پر مجبور کیا۔ داؤد نے عمّونی لوگوں کے تمام شہروں کے ساتھ یہی
برتاؤ کیا۔ تب داؤد اور تمام فوج یروشلم کو واپس ہوگئی۔

## طاقتور فلسطینی مارے جاتے ہیں

۴ بعد میں اِسرائیل کے لوگوں کی جنگ جزر شہر میں فلسطینیوں کے
ساتھ ہوئی۔ اُس وقت حوساکے سبکی نے سفّی کو مار ڈالا۔ سفّی رفائی
لوگوں کی نسلوں میں سے ایک تھا اور فلسطینوں کو ہرادیا گیا تھا۔
۵دُوسرے موقع پر اِسرائیل کے لوگوں کی جنگ پھر سے فلسطینیوں
کے خِلاف ہوئی تھی۔ یعیر کے بیٹے الحنان نے جاتی جولیت کے بھائی لحمی کو
مارڈالا۔ لحمی کا بھالا کا چھڑ جولاہے کے کرگھے کی طرح تھا۔

۶ بعد میں اسرائیلیوں نے جات شہر کے پاس فلسطینیوں سے دُوسری
جنگ کی۔ اُس شہر میں ایک بڑا قد آور آدمی تھا اُس کے ہاتھوں اور پیروں
میں چوبیس اُنگلیاں تھیں۔ یعنی اس آدمی کے ہر ہاتھ میں چھ چھ اُنگلیاں اور
ہر پیر میں بھی چھ چھ اُنگلیاں تھی۔ وہ بھی رفائی نسلوں سے تھا۔ ۷ اِس لئے
جب اُس نے اسرائیل کا مذاق اُڑایا تو سمعی کا بیٹا یونتن نے اُس کو مار ڈالا۔
سمعی داؤد کا بھائی تھا۔ ۸ وہ سب فلسطینی آدمی رفا کے بیٹے تھے جو جات شہر
کے تھے۔ داؤد اور اُس کے خادموں نے اُن بہادروں کو مار ڈالا۔

## اسرائیلیوں کو گِننا داؤد کا گناہ

۲۱ شیطان اسرائیل کے لوگوں کے خلاف تھا۔ اُس نے داؤد
کو اسرائیل کے لوگوں کی گنتی کرنے کی ہمّت بندھائی۔
۲ اِس لئے داؤد نے یوآب سے اور لوگوں کے قائدین سے کہا، "جاؤ اور
اِسرائیل کے تمام لوگوں کی گنتی کرو۔" "ملک میں ہر ایک کی گنتی کرو۔
بیرسبع سے لیکر دان شہر تک۔ پھر مجھے کہو تا کہ مجھے معلوم ہو گا کہ وہاں کتنے
لوگ ہیں۔"
۳ لیکن یوآب نے جواب دیا، "خُداوند اپنے لوگوں کو سو گنا بڑھائے!
میرے خداوند اور بادشاہ کیا وہ سارے میرے خداوند کے خادم نہیں ہیں؟
میرا خداوند یہ کیوں کرنا چاہتا ہے؟ کیا وہ اسرائیل کو قصوروار نہیں بنا
رہا ہے؟"
۴ لیکن بادشاہ داؤد کو ضد تھی۔ یوآب کو وہ کرنا پڑا جو بادشاہ نے کہا
اس لئے یوآب گیا اور تمام ملک اسرائیل میں گنتی کرتا ہوا گھومتا رہا پھر
یوآب یروشلم واپس ہوا۔ ۵ اور داؤد کو بتایا کہ کتنے آدمی تھے۔ اِسرائیل
۱۱،۰۰،۰۰۰ مرد تھے اور تلوار کا استعمال کر سکتے تھے۔ اور تلوار کا
استعمال کرنے والے ۴،۷۰،۰۰۰ مرد یہوداہ میں تھے۔ ۶ یوآب نے
لاوی اور بنیمین کے قبیلوں کی گنتی نہیں کی کیوں کہ وہ بادشاہ داؤد کی
حکموں کو پسند نہیں کرتا تھا۔ ۷ خُدا کی نظر میں داؤد نے یہ بُرا کام کیا تھا
اِس لئے خُدا نے اِسرائیل کو سزا دی۔

## خُدا اِسرائیل کو سزا دیتا ہے

۸ تب داؤد نے خُدا سے کہا، "میں نے ان کاموں کو کر کے ایک بڑا
گناہ کیا ہے۔ اب میں دُعا کرتا ہوں کہ تو مجھے، اپنے خادم کے گناہوں کو
معاف کر دے کیونکہ میں بہت بے وقوف ہو چکا ہوں۔"
۹-۱۰ جاد داؤد کا سیر تھا۔ خُداوند نے جاد سے کہا، "جاؤ اور داؤد سے
کہو: 'خداوند جو کہتا ہے وہ یہ ہے: میں تُم کو تین اختیار دے رہا ہوں تُمہیں
اُس میں سے ایک کو چننا ہو گا۔ اور میں تم سے ویسا ہی کرونگا۔'"

۱۱-۱۲ تب جاد داؤد کے پاس گیا۔ اور کہا، "خُداوند کہتا
ہے، 'اپنا اختیار چنو: یا تو ملک کو تین سال قحط سالی کا سامنا کرنا ہو گا۔ یا پھر
تین مہینے تک تُمہارے دُشمن تلوار لے کر تُمہارا پیچھا کریں گے یا تین دن
تک تُمہارے ملک میں اسرائیل میں بھیانک وباء پھیلے گی۔ اور خُداوند
کا فرشتہ لوگوں کو تباہ کرتا ہوا سارے ملک میں جائے گا۔' اسلئے اب تم
فیصلہ کرو کہ مجھے کیا جواب دینا چاہئے جس نے مجھے بھیجا ہے۔
۱۳ داؤد نے جواب دیا، "میں بہت بڑی مصیبت میں ہوں لیکن میں
خداوند سے سزاوار ہونا چاہونگا بجائے انسان سے سزاوار ہونے کے کیونکہ
خداوند بہت رحم دل ہے۔"
۱۴ خُداوند نے اسرائیل میں بھیانک وباء بھیجی اور ستّر ہزار لوگ
مر گئے۔ ۱۵ اور خُدا نے یروشلم کو تباہ کرنے کے لئے ایک فرشتہ بھیجا۔
لیکن جب فرشتے نے ایسا کرنا شروع کیا تو خُداوند نے دیکھا اور وہ آفت سے
رنجیدہ ہوا۔ اسنے تباہی تباہ کرنے والا فرشتہ کو حکم دیا، "یہ کافی ہے اپنا ہاتھ
نیچے کرو!" خُداوند کا فرشتہ اُس وقت یبوسی ارنون کے کھلیان کے نزدیک
کھڑا تھا۔
۱۶ داؤد نے نظر اُٹھا کر دیکھا کہ خداوند کا فرشتہ آسمان اور زمین کے
بیچ کھڑا ہے۔ فرشتہ نے اپنی تلوار یروشلم پر کھینچ رکھی تھی۔ تب داؤد اور
بزرگ جو کہ ٹاٹ پہنے ہوئے تھے اوندھے منہ زمین پر گر پڑے۔ ۱۷ داؤد
نے خُدا سے کہا، "کیا وہ میں نہیں تھا جسنے لوگوں کو گِننے کا حکم دیا تھا؟ اسلئے
وہ میں ہی ہوں جسنے گناہ اور غلطی کی لیکن یہ لوگ جو میرے لئے بھیڑ جیسے ہیں
انہوں نے کیا کیا ہے؟ خُداوند میرے خُدا مجھے اور میرے خاندان کو سزا
دے لیکن اِس بھیانک وباء کو روک دے جو تیرے آدمیوں کے بیچ ہے۔"

۱۸ تب خُداوند کے فرشتہ نے جاد سے کہا، "داؤد سے کہو کہ وہ خُداوند
کے لئے یبوسی ارنون کے کھلیان پر ایک قربان گاہ بنائے۔" ۱۹ اور
اس طرح سے داؤد وہاں گیا جیسا کہ جاد نے خداوند کے نام پر اسے کہا تھا۔
۲۰ جب ارنون گیہوں مَل رہا تھا تو اسنے پلٹ کر فرشتہ کو دیکھا ارنون
کے چاروں لڑکے چھپنے کے لئے بھاگ گئے۔ ۲۱ داؤد ارنون کے پاس گیا
اور جب ارنون نے داؤد کو دیکھا تو وہ کھلیان سے گیا اور داؤد کے سامنے
اپنا سر جھکایا۔
۲۲ داؤد نے ارنون سے کہا، "تم اپنا کھلیان مُجھے پوری قیمت پر
دے دو۔ تب میں وہاں خداوند کے لئے قربان گاہ بنا سکتا ہوں تا کہ
لوگوں کے بیچ وباء رک جائے گی۔"
۲۳ ارنون داؤد سے کہا، "اسے لے لیجئے میرے آقا اور بادشاہ۔ آپ
جو چاہیں کر سکتے ہیں۔ دیکھئے میں جلانے کی قربانی کے لئے جانور اور جلاون

کے طور پر فرش کے لکڑی کے تختوں اوراناج کے نذرانے کے لئے
گیہوں بھی دونگا۔"
۲۴ لیکن بادشاہ داؤد نے ارنون کو جواب دیا، "نہیں! میں تمکو پُوری
قیمت دوں گا- میں کوئی بھی چیز جو تُمہاری ہے نذر پیش نہیں
کرونگا یاایسی کوئی چیز کی جلانے کی قربانی پیش نہیں کرونگا- جس کی میں
نے کوئی قیمت ادا نہیں کی۔"
۲۵ اِس لئے داؤد نےارنون کو اُس جگہ کے لئےپندرہ پاؤنڈ سونا
ادا کیا- ۲۶ اور اس طرح سے داؤد نے خداوند کےلئے اس جگہ پر ایک
قربان گاہ بنایا-اسنے جلانے کا نذرانہ اور ہمدردی کا نذرانہ پیش کیا- تب
داؤد نے خداوندسے یہ دعاء کیااورخداوندنے آسمان سے جلانے کے نذرانہ
کے قربان گاہ کے اوپر آگ بھیج کر جواب دیا- ۲۷ تب خُداوند نے
فرشتہ کو حکم دیا کہ وہ اپنی تلوار کو نیام میں رکھ دیا-
۲۸ داؤد نے دیکھا کہ خُداوند نےیبوسی ارنون کی کھلیان پر
اُسے جواب دیا- اوراسلئےاس نے اور زیادہ قربانیاں پیش کیا- ۲۹ خداوند
کا مقدس خیمہ جسے کہ موسٰی نے ریگستان میں بنایاتھا اورجلانے کے
نذرانے کا قربان گاہ اس وقت جبعون کے اونچےمقام پر تھا- ۳۰ لیکن
داؤد وہاں خداوند سے باتیں کرنے کےلئے نہیں جاسکا- کیونکہ وہ خداوند
کے فرشتہ کے تلوار سے ڈراہوا تھا-

۲۲ داؤد نے کہا، "خُداوند خُدا کی ہیکل اور اسرائیل کے
لوگوں کے لئے جلانے کا نذرانہ پیش کرنے کے لئے
قربان گاہ یہاں بنے گی۔"

### داؤد ہیکل کے لئے منصوبہ بناتا ہے

۲ داؤد نے حکم دیا کہ اسرائیل میں رہنے والے تمام غیر ملکی ایک
ساتھ جمع ہوں- غیر ملکیوں کے اُس گروہ میں سے داؤد نے سنگتراشوں کو
چُنااُن کا کام خُدا کی ہیکل بنانے کے لئے پتھّروں کو کاٹنا تھا- ۳ داؤد نے
دروازوں کے قبضوں اور کیلوں کے لئے لوہامہیّا کروایا- انہوں نے اتنازیادہ
کانسہ بھی مہیّا کروایا کہ اسے ناپا نہیں جاسکتا تھا- ۴ اسنے اتنے زیادہ دیودار کی
لکڑی بھی مہیّا کروایا کہ اسے گنا نہیں جاسکتا تھا- (صور اور صیدا کے لوگ داؤد
کو کافی مقدار میں دیودار کی لکڑی دیا کرتے تھے۔)
۵ داؤد نے سوچا، "خداوند کی ہیکل عالیشان ہوناچاہئے- وہ ہر ایک
قوموں میں اپنی خوبصورتی کی وجہ سےمشہور ہوناچاہئے- لیکن میرا بیٹا
سلیمان ابھی نوجوان اور ناتجربہ کار ہی ہے اسلئے میں اسکےلئے تیاری
کرونگا-" اوراسلئے داؤد نے مرنے سے پہلے زوروشور سے تیاری کی-
۶ تب داؤد نے اپنے بیٹے سُلیمان کو بُلایااور اُسے اسرائیل کے خُداوند
خدا کے لئے ہیکل بنانے کا حکم دیا- ۷ داؤد نے سُلیمان سے کہا، "میرے
بیٹے میں اپنے خداوند خدا کے نام کے لئے ایک ہیکل بنانا چاہتا تھا- ۸ لیکن
خُداوند نے مُجھ سے کہا، 'داؤد تُم نے بہت سی جنگیں کی ہیں اور بہت سے
لوگوں کا خون بہایاہے اسلئے تُم میرے نام کے لئے ہیکل نہیں بناسکتے-
کیونکہ تونے میری نظر کے سامنے بہت زیادہ خون بہایاہے- ۹ تمہیں
ایک بیٹا ہوگا- جوکہ امن وامان اور سکون کا آدمی ہوگا- میں انہیں اسکے
چاروں طرف کے تمام دشمنوں سے سکون دونگا- اسکا نام سلیمان ہوگا- اور
اسکے دنوں میں اسرائیل میں ہمیشہ ہمیشہ امن وامان اور سکون ہوگا-
۱۰ وہ میرے نام کے لئے ایک ہیکل بنائے گا- اوروہ میرا بیٹا اور میں
اُسکا باپ ہوں گا-میں اسرائیل پراسکی حکومت ہمیشہ کےلئےقائم
کرونگا-'"
۱۱ اور اب میرے بیٹے خداوند تُمہارے ساتھ رہے تُم کامیاب بنو
اور خداوند اپنے خدا کے لئے ہیکل بناؤجیسا اسنے کہا تم کروگے- ۱۲ خداوند
تمہیں سمجھ اور عقلمندی عطا کرے تاکہ جب خداوند تمہیں اسرائیل کے
بابت حکم کرے تو تم اپنےخداوند کی شریعت کا پالن کروگے-
۱۳ تم کامیاب ہوگے اگر تم شریعتوں اور اصولوں کا پالن ہوشیاری
سے کروگے جسے خداوند نے موسٰی کو پورے اسرائیل کے لئے دیئے تھے-
طاقتور اور حوصلہ مند رہو، ڈرومت اور نہ ہی پست ہمّت بنو-

۱۴ "میں نے خداوند کی ہیکل کے سامان کو مہیّا کرنے کے لئے کافی
محنت کی ہے- میں نے ۳،۷۵۰ ٹن سونا، اور تقریباً ۳۷،۵۰۰ ٹن
چاندی، اور کانسہ اور لوہا اِتنا زیادہ کہ وہ تولا نہیں جاسکتا دیاہے- میں نے
لکڑی اور پتّھر بھی مہیّا کرائی ہے- تمہیں اور بھی دیناہوگا- ۱۵ تمہارے
پاس بہت سے ماہر کاریگر ہیں جیسے: سنگ تراش، نجّاد اور بڑھی اور ہر طرح
کا کام کرنے والے فنّی آدمی- ۱۶ سونا، چاندی، کانسہ اور لوہے کےساتھ
وہاں بہت ہنرمند کاریگر ہیں جسے گنا نہیں جاسکتاہے- اب کام شروع
کرواور خداوند تمہارے ساتھ ہے-"
۱۷ تب داؤد نے اسرائیل کے تمام قائدین کو اپنے بیٹے سُلیمان کی
مدد کرنے کا حکم دیا- ۱۸ داؤد نے اُن قائدین سے کہا، "کیاخُداوند تُمہارا
خُدا تُمہارے ساتھ نہیں ہے؟ کیااسنے تمہیں پوری امن وامان نہیں دیاہے؟
خداوند نے سرزمین کے باشندوں کوشکست دینے میں میری مدد کی تھی-
اب خداونداور اسکےلوگ اس زمین پر اختیار چلاتاہے- ۱۹ اب یہ وقت
ہے تم اپنے دل اور روح کو خداونداپنے خدا کی تلاش میں وقف کردو- خداوند
اپنے خداکے مقدس جگہ کو بناؤ- اور خداوند کے نام سے بنائے گئے ہیکل میں
خداوند کا معاہدہ کا صندوق اور مقدس برتنوں کو لے آؤ-"

### ہیکل میں لاویوں کی خدمت کرنے کے لئے منصوبے

۲۳ داؤد بوڑھا ہو گیا۔ اِس لئے اُس نے اپنے بیٹے سُلیمان کو
اسرائیل کا نیا بادشاہ بنایا۔ ۲ داؤد نے اسرائیل کے
تمام قائدین، کاہنوں اور لاویوں کو جمع کیا۔ ۳ وہ لاوی جنکی عمر تیس سال
سے اوپر تھی گنے گئے۔ وہ لوگ کل ملا کر ۳۸،۰۰۰ تھے۔ ۴ داؤد نے کہا،
"ان میں سے ۲۴،۰۰۰ خداوند کی ہیکل کی تعمیر کی نگرانی کا کام
کرینگے اور اس میں سے ۶،۰۰۰ عہدیدار اور قاضی ہونگے۔ ۵ ان میں
سے ۴،۰۰۰ دربان ہونگے اور دوسرے ۴،۰۰۰ موسیقی کے آلات
کے ساتھ جسے کہ میں نے حمد کے لئے بنایا ہے۔ خداوند کی حمد کرینگے۔"
۶ داؤد نے لاویوں کو لاوی کے بیٹوں کے مطابق جیرشون، قہات اور
مراری تین گروہوں میں بانٹا۔

### جیرشون کے خاندانی گروہ

۷ جیرشون کے خاندانی گروہ سے لعدان اور سمعی تھے۔ ۸ لعدان کے
تین بیٹے تھے اُس کا سب سے بڑا لڑکا یحی ایل تھا۔ اُس کے دوسرے بیٹے
زیتام اور یوایل تھے۔ ۹ سمعی کے تین بیٹے تھے: وہ سلومیت، حزی ایل
اور ہاران تھے۔ یہ تینوں بیٹے لعدان خاندان کے قائدین تھے۔
۱۰ سمعی کے چار بیٹے تھے وہ یحت، زیزا، یعوس اور بریعہ تھے۔
۱۱ یحت بڑا بیٹا تھا اور زیزا دُوسرا بیٹا تھا۔ لیکن یعوس اور بریعہ کے
زیادہ بیٹے نہیں تھے اسلئے انہیں ایک ہی خاندان گنا گیا۔

### قہات کے خاندانی گروہ

۱۲ قہات کے چار بیٹے تھے وہ: عمرام، اظہار، حبرون اور عزی ایل
تھے۔ ۱۳ عمرام کے بیٹے: ہارون اور موسیٰ۔ ہارون اور اسکی نسلوں کو خاص
کاہنوں کے طور پر سب سے پاک چیزوں کو وقف کرنے کے لئے، خداوند
کے سامنے بخور جلانے کے لئے، اسکی خدمت کرنے کے لئے اور اسکے نام پر
ہمیشہ دعاء دینے کے لئے الگ کر دیئے گئے تھے۔
۱۴ جیسا کہ موسیٰ خُدا کا آدمی تھا، اسکے بیٹوں کو لاوی قبیلہ کے
ساتھ گنا گیا تھا۔ ۱۵ موسیٰ کے بیٹے جیرشون اور الیعزر تھے۔
۱۶ جیرشون کا بڑا بیٹا سبوایل تھا۔ ۱۷ الیعزر کا بڑا بیٹا رحبیاہ تھا۔
الیعزر کے دُوسرے بیٹے نہیں تھے لیکن رحبیاہ کے کئی بیٹے تھے۔
۱۸ اظہار کا بڑا بیٹا سلومیت تھا۔
۱۹ حبرون کا بڑا بیٹا یریاہ تھا حبرون کا دُوسرا بیٹا امریاہ، یحزی ایل
تیسرا بیٹا تھا اور یقمعام چوتھا بیٹا تھا۔
۲۰ عُزی ایل کا بڑا بیٹا میکاہ تھا اور یساہ دُوسرا بیٹا تھا۔

### مراری کے خاندانی گروہ

۲۱ مراری کے بیٹے محلی اور موشی تھے۔ محلی کے بیٹے الیعزر اور قیس
تھے۔ ۲۲ الیعزر بغیر بیٹوں کے مر گیا۔ اُس کو صرف بیٹیاں تھیں۔
الیعزر کی بیٹیوں نے اُن کے رشتہ داروں سے شادیاں کیں اُن کے رشتہ
دار قیس کے بیٹے تھے۔ ۲۳ موشی کے تین بیٹے تھے: وہ محلی، عیدو اور
یریموت تھے۔

### لاویوں کے کام

۲۴ لاوی کی نسلیں یہ تھے۔ وہ اپنے خاندان اور خاندان کے قائدین
کے مطابق فہرست میں تھے۔ وہ اپنے ناموں سے فہرست میں تھے اور فرداً
فرداً خداوند کی ہیکل میں خدمت کرنے لئے گنے گئے تھے۔ اور وہ سب کوئی
بیس سال سے زیادہ عمر کے تھے۔
۲۵ داؤد نے کہا تھا، "اسرائیل کے خُداوند خُدا نے اپنے لوگوں کو
سلامتی دی ہے۔ اور وہ ہمیشہ یروشلم میں رہیگا۔ ۲۶ اور اِس لئے لاویوں کو
مُقدس خیمہ یا اسکے کام میں آنے والی کسی بھی چیز کو اب اور لے جانے کی
کوئی ضرورت نہیں ہے۔"
۲۷ (داؤد کی آخری ہدایت کے مطابق وہ لاوی جو بیس سال یا اس
سے زیادہ عمر کے تھے گنے گئے تھے۔)
۲۸ لاویوں کا کام ہارون کی نسلوں کو خداوند کی ہیکل کی خدمت
میں مدد کرنا تھا۔ انلوگوں کا کام آنگن اور بغل کے کمروں کی دیکھ بھال کرنا
اور ہیکل کے تمام چیزوں کو مقدس کرنا اور انکی دیکھ بھال کرنا بھی تھا
اور ہیکل میں دوسرے کاموں کو بھی انجام دینا تھا۔ اسکے علاوہ وہ لوگ خدا کی
ہیکل میں خدمت کرنے کے لئے امید کئے جاتے تھے۔ ۲۹ ہیکل میں خاص
روٹی کو میز پر رکھنے کی ذمّہ داری بھی ان کی ہی تھی۔ وہ آٹا، اناج کے
نذرانے اور بغیر خمیر کے روٹی کے لئے بھی ذمّہ دار تھے۔ وہ پکانے کی
کڑھائیوں، ملانے اور ناپ تول کرنے کے بھی ذمّہ دار تھے۔ ۳۰ وہ لوگ
صبح کو شکریہ ادا کرنے اور حمد گانے کے لئے کھڑے ہوتے تھے اور ویسا ہی
شام کو کرتے تھے۔
۳۱ اور جب کبھی بھی سبت کے دنوں میں، نئے چاند کے دنوں میں
تقریب کے موقع پر جلانے کا نذرانہ پیش کرتے تھے ویسا ہی کرتے تھے۔
اور وہ لوگ حسب معمول خداوند کے سامنے اسی طرح سے اور اتنی ہی بار جوان
کے لئے مقرّر تھے کرتے تھے۔
۳۲ اور اسلئے وہ لوگ مقدس خیمہ کے اصولوں، مقدس جگہ کے اصولوں
اور ہارون کی نسلوں اور انکے رشتے داروں کی ہدایتوں پر جو کہ خداوند کی ہیکل
کی خدمت کے لئے تھے عمل کئے۔

## کاہنوں کے گروہ

۲۴ ہارون کے بیٹوں کے یہ گروہ تھے۔ ہارون کے بیٹے
ناداب، ابیہو، الیعزر اور اتمر تھے۔ ۲ لیکن ناداب اور ابیہو
اپنے باپ کی موت سے پہلے ہی مرگئے اور انلوگوں کے کوئی بیٹے نہیں
تھے۔ اس لئے الیعزر اور اتمر کاہن کی حیثیت سے کام کئے۔ ۳ داؤد نے
الیعزر کی نسلوں میں سے صدوق اور اتمر کی نسلوں میں سے اخیملک کو
خدمت کا کام سونپا۔ ۴ اتمر کی نسلوں کے بہ نسبت الیعزر کی نسلوں سے
بہت زیادہ قائدین تھے۔ اور اسلئے وہ لوگ انہیں تقسیم کردیئے۔ الیعزر کی
نسلوں سے سولہ قائد تھے جبکہ اتمر کی نسلوں سے صرف آٹھ ہی قائدین تھے۔
۵ ہر ایک خاندان سے آدمیوں کو وہ قرعہ ڈال کر چُنے گئے تھے۔ کیونکہ وہاں
الیعزر اور اتمر دونوں نسلوں سے مقدس جگہ اور خدا کے عہدیدار تھے۔
۶ نتنی ایل کا بیٹا منشی سمعیاہ جو کہ لاویوں سے تھا انکی نسلوں کے
ناموں کو بادشاہ اور قائدین کے سامنے لکھے۔ وہ قائدین تھے: کاہن صدوق،
ابی یاتر کا بیٹا اخیملک، کاہنوں کے خاندانوں کے قائدین اور لاویوں کے
قائدین۔ وہ لوگ ایک ایک کرکے خاندانوں کو چنتے اور ہمیشہ ایک الیعزر
اور دوسرا اتمر کے خاندان سے چنتے۔

۷ پہلا گروہ یہویریب کا گروہ تھا دُوسرا گروہ یدعیاہ کا گروہ تھا۔
۸ تیسرا گروہ حاریم کا گروہ تھا۔ چوتھا گروہ شعوریم کا گروہ تھا۔
۹ پانچواں گروہ ملکیاہ کا گروہ تھا۔ چھٹا گروہ میامین کا گروہ تھا۔
۱۰ ساتواں گروہ ہقوض کا گروہ تھا۔ آٹھواں گروہ ابیاہ کا گروہ تھا۔
۱۱ نواں گروہ یشوع کا گروہ تھا۔ دسواں گروہ سکانیاہ کا گروہ تھا۔
۱۲ گیارہواں گروہ الیاسب کا گروہ تھا۔ بارہواں گروہ یقیم کا گروہ تھا۔
۱۳ تیرہواں گروہ خفا کا گروہ تھا۔ چودہواں گروہ یسباب کا گروہ تھا۔
۱۴ پندرہواں گروہ بلجاہ کا گروہ تھا۔ سولھواں گروہ امیر کا گروہ تھا۔
۱۵ سترھواں گروہ حزیر کا گروہ تھا۔ اُٹھارواں گروہ ہفضیض کا تھا۔
۱۶ انیسواں گروہ فتحیاہ کا تھا۔ بیسواں گروہ یحزقیل کا تھا۔
۱۷ اکیسواں گروہ یاکن کا تھا۔ بائیسواں گروہ جمول کا تھا۔
۱۸ تیئیسواں گروہ دلایاہ تھا۔ چوبیسواں گروہ معزیاہ کا تھا۔

۱۹ یہ انلوگوں کی خدمت کرنے کی ترتیب تھی اور اسی ترتیب سے
ان اصولوں کے مطابق جوانکو انکے آباءواجداد ہارون سے ملی تھی خداوند کی
ہیکل میں داخل ہوتے تھے۔ جیسا کہ ہارون کو خداوند اسرائیل کے خدانے یہ
حکم دیا تھے۔

## دوسرے لاوی

۲۰ یہ نام بقیہ لاوی کی نسل کے ہیں:
عمرام کی نسلوں سے شوبائیل۔ شوبائیل کی نسلوں سے یہدیا۔
۲۱ رحبیاہ کی نسلوں سے بڑا بیٹا یسیاہ۔
۲۲ اظہار کے خاندانی گروہ سے سلوموت۔ سلوموت کے خاندان سے یحت۔
۲۳ حبرون کا سب سے بڑا یریاہ تھا۔ امریاہ حبرون کا دُوسرا بیٹا یحزی ایل اُس کا تیسرا بیٹا اوری یقیمعام چوتھا بیٹا۔
۲۴ عزّی ایل کا بیٹا میکاہ تھا۔ میکاہ کا بیٹا شمیر۔
۲۵ یسیاہ میکاہ کا بھائی تھا۔ یسیاہ کا بیٹا ذکریا تھا۔
۲۶ مراری کی نسلیں محلی، موشی اور اسکا بیٹا یعزیاہ کی نسلیں۔
۲۷ اسکا بیٹا یعزیاہ سے مراری کی نسلیں: سویم، زکور اور عبری تھے۔
۲۸ محلی کا بیٹا الیعزر۔ لیکن الیعزر کو بیٹے نہیں تھے۔
۲۹ قیس کا بیٹا یرحمیل تھا۔
۳۰ موشی کے بیٹے محلی، عیدر اور یریموت تھے۔ وہ

اپنے خاندانوں کے مطابق لاوی تھے۔ ۳۱ وہ لوگ بھی ٹھیک اسی طرح
سے جیسا انکے رشتےدار نے جوکہ ہارون کی نسلوں سے تھے کیا تھا بادشاہ
داؤد، صدوق، اخیملک اور کاہنوں اور لاوی کے خاندانوں کے قائدین کے
سامنے قرعے ڈالے۔ پہلوٹھے کے خاندانوں کے ساتھ ویسا ہی برتاؤ کیا گیا تھا
جیسا کہ چھوٹے بھائیوں کے خاندانوں کے ساتھ کیا گیا تھا۔

## موسیقی کا گروہ

۲۵ داؤد اور سپہ سالاروں نے آسف کے بیٹوں کو مخصوص
خدمت کے لئے الگ کیا۔ آسف کے بیٹے ہیمان اور

یدوتون تھے جسے بربط، ستار اور مجیرا کے ساتھ نبوت کرنا تھا۔ یہاں اُن
آدمیوں کی فہرست ہے جو اس طرح سے خدمت کئے۔
۲آسف کی نسلوں سے زکور، یوسف، نتنیاہ اور اسری لاہ۔ آسف
کے بیٹے آسف کی ہدایت کے ماتحت میں تھے جو کہ بادشاہ کی ہدایت
کے اندر نبوت کئے۔ ۳جہاں تک یدوتون کی بات ہے: یدوتون کے
بیٹوں میں سے چھ آدمی: جدلیاہ، ضری، اشعیا، سمعی، حشبیا اور متتیاہ اپنے
باپ یدوتون جو کہ ستار کے ساتھ نبوت کیا کے زیر ہدایت میں خداوند کا
شکریہ ادا کرتا ہے اور حمد پیش کرتا ہے۔
۴جہاں تک ہیمان کی بات ہے: انکے بیٹوں میں سے: بقیاہ، متنیاہ،
عُزّی ایل، سبوایل اور یریموت، حنانیاہ، الیاتہ، جدّالتی، رومّتی، عزر،
یسبقاشہ، ملوتی، ہوتیر اور محزیوت۔ ۵ یہ تمام آدمی ہیمان کے بیٹے تھے،
داؤد کا سیر تھا۔ خُدا کا اسے تعظیم کرنے کے وعدہ کے مطابق، خدا نے ہیمان
کو چودہ بیٹے اور تین بیٹیاں دی۔ ۶ انلوگوں میں سے سبھی خداوند کی ہیکل
میں خدمت کے طور پر مجیرا، ستار اور بربط کے ساتھ گیت گانے کے لئے
اپنے باپ ہیمان کی ہدایت میں تھے۔ جیسا کہ بادشاہ نے آسف یدوتون
اور ہیمان کو حکم دیا تھا۔ ۷وہ آدمی اور انکے رشتے دار گانے میں تربیت یافتہ
تھے۔ وہ لوگ کل ملا کر ۲۸۸ آدمی تھے۔ ۸وہ لوگ اپنے کام کے لئے قرعہ
ڈالتے تھے۔ ہر ایک آدمی کے ساتھ ایک سا برتاؤ ہوتا تھا چاہے وہ چھوٹا آدمی
ہو یا بڑا، استاد ہو یا شاگرد۔
۹ پہلا قرعہ جو کہ آسف کے لئے تھا یوسف کا نام نکلا۔ وہ اسکے بیٹے اور
رشتے دار ملا کر ۱۲ آدمی تھے۔
دوسرا جدلیاہ کے لئے تھا وہ اسکے رشتے دار اور اسکے بیٹے ملا کر ۱۲ آدمی
تھے۔
۱۰ تیسرے زکور کے بیٹوں اور رشتہ داروں میں سے ۱۲ آدمی چُنے
گئے۔
۱۱ چوتھے یضری کے بیٹوں اور رشتہ داروں میں سے ۱۲ آدمی چُنے
گئے۔
۱۲ پانچویں نتنیاہ کے بیٹوں اور رشتہ داروں میں سے ۱۲ آدمی چُنے
گئے۔
۱۳ چھٹے بقیاہ کے بیٹوں اور رشتہ داروں میں سے ۱۲ آدمی چُنے
گئے۔
۱۴ ساتویں یسری لاکے بیٹوں اور رشتہ داروں میں سے ۱۲ آدمی
چُنے گئے۔
۱۵ آٹھویں اشعیاکے بیٹوں اور رشتہ داروں میں سے ۱۲ آدمی چُنے
گئے۔
۱۶ نویں متنیاہ کے بیٹوں اور رشتہ داروں میں سے ۱۲ آدمی چُنے
گئے۔
۱۷ دسویں سمعی کے بیٹوں اور رشتہ داروں میں سے ۱۲ آدمی چُنے
گئے۔
۱۸ گیارہویں عزرایل کے بیٹوں اور رشتہ داروں میں سے ۱۲ آدمی
چُنے گئے۔
۱۹ بارہویں حشبیاہ بیٹوں اور رشتہ داروں میں سے ۱۲ آدمی چُنے
گئے۔
۲۰ تیرھویں سبوایل کے بیٹوں اور رشتہ داروں میں سے ۱۲ آدمی
چُنے گئے۔
۲۱ چودھویں متنیاہ کے بیٹوں اور رشتہ داروں میں سے ۱۲ آدمی چُنے
گئے۔
۲۲ پندرہویں یریموت کے بیٹوں اور رشتہ داروں میں سے ۱۲ آدمی
چُنے گئے۔
۲۳ سولھویں حنانیاہ کے بیٹوں اور رشتہ داروں میں سے ۱۲ آدمی
چُنے گئے۔
۲۴ سترھویں یشبیقاشہ کے بیٹوں اور رشتہ داروں میں سے ۱۲ آدمی
چُنے گئے۔
۲۵ اٹھارویں حنانی کے بیٹوں اور رشتہ داروں میں سے ۱۲ آدمی چُنے
گئے۔
۲۶ اُنیسویں ملوتی کے بیٹوں اور رشتہ داروں میں سے ۱۲ آدمی چُنے
گئے۔
۲۷ بیسویں الیاتہ کے بیٹوں اور رشتہ داروں میں سے ۱۲ آدمی چُنے
گئے۔
۲۸ اکیسویں ہوتیر کے بیٹوں اور رشتہ داروں میں سے ۱۲ آدمی چُنے
گئے۔
۲۹ بائیسویں جدّالتی کے بیٹوں اور رشتہ داروں میں سے ۱۲ آدمی
چُنے گئے۔
۳۰ تیئیسویں محازیوت کے بیٹوں اور رشتہ داروں میں سے ۱۲ آدمی
چُنے گئے۔ ۳۱ چوبیسویں رومّتی غزر کے بیٹوں اور رشتہ داروں میں سے
۱۲ آدمی چُنے گئے۔

## دربان

**۲۶** دربانوں کے گروہ:
قورحیوں میں سے۔ قورا کا بیٹا مسلمیاہ، قورا جو آسف

کے بیٹوں میں سے ایک تھا۔ ۲ مسلمیاہ کے بیٹے تھے: زکریاہ سب سے بڑا
بیٹا تھا، یدی عیل دوسرا بیٹا تھا، زبدیاہ تیسرا بیٹا تھااور نتنی ایل چوتھا
بیٹا تھا۔ ۳ عیلام پانچواں بیٹا تھا۔ یہوحانان چھٹا بیٹا تھا۔ اور الیوعینی
ساتواں بیٹا تھا۔
۴ عوبید ادوم اور اُس کے بیٹے: عوبید ادوم کا سب سے بڑا بیٹا سمعیاہ۔
یہوزا باد اُس کا دُوسرا بیٹا تھا۔ یوآخ اُس کا تیسرا بیٹا تھا۔ سکار چوتھا بیٹا۔
نتنی ایل اُس کا پانچواں بیٹا تھا۔ ۵ عمی ایل اُس کا چھٹا بیٹا تھا۔ اشکار کر
اُس کا ساتواں بیٹا تھا۔ اور فعلتی اُس کا آٹھواں بیٹا تھا۔ خُدا نے عوبید ادوم
پر حقیقی طور پر فضل کیا۔ ۶ عوبید ایدوم کا بیٹا سمعیاہ کے بھی بیٹے
تھے۔جو کہ اپنے باپ کے خاندان میں قائدین تھے کیونکہ وہ لوگ لیاقت
والے آدمی تھے۔ ۷ سمعیاہ کے بیٹے: عتنی، رفائیل، عوبید، ایلزا باد، جنکی
لیاقت والے بھائی الیہود اور سما کیاہ تھے۔ ۸ وہ تمام لوگ عوبید ادوم کی
نسل سے تھے۔وہ لوگ اور انکے رشتےدار کام کرنے کے لئے طاقتور قابِل لائق
آدمی تھے۔عوبید ادوم کے ۶۲ نسلیں تھی۔
۹ مسلمیاہ کے بیٹے اور رشتےدار تھے جو لیاقت والے آدمی تھےوہ کل
ملا کر ۱۸ تھے۔
۱۰ حوسہ جو کہ مراری خاندان سے تھے انکے بیٹے تھے: پہلا سمری تھا۔
دراصل میں سمری پہلوٹھا نہیں تھا لیکن اسکے باپ نے اسے پہلوٹھا کے طور
پر چن لیا تھا۔ ۱۱ خلقیاہ اُس کا دُوسرا بیٹا تھا۔ طبلیاہ اسکا تیسرا بیٹا تھا اور
زکریاہ اُس کا چوتھا بیٹا تھا۔ کُل ملا کر حوسہ کے ۱۳ بیٹے اور رشتہ دار تھے۔
۱۲ یہ سب دربانوں کے گروہ ہیں جنکی فہرست قائدین کے طور پر
بنائے گئے تھے۔جنکا کام خداوند کی ہیکل میں خدمت کرنے کا ویساہی تھا
جسے انکے رشتےدار کئے تھے۔ ۱۳ وہ لوگ ہر ایک خاندان کے لئے چاہےوہ
چھوٹاہو یا بڑاہر ایک پھاٹک کی ذمّہ داری کے لئے قرعہ اندازی کئے۔
۱۴ مسلمیاہ مشرقی پھاٹک کی حفاظت کے لئے چُنا گیا تھا۔ تب اس
کے بیٹے زکریاہ، عقلمند مشیر کے لئے قرعہ ڈالا گیا۔ وہ شمالی پھاٹک کے لئے
چُنا گیا۔
۱۵ عوبید ادوم جنوبی دروازہ کے لئے چُنا گیا۔ اور عوبید ادوم کے
بیٹے گودام کی پہریداری کے لئے چنے گئے تھے۔ ۱۶ سفیم اور حوسہ مغربی
دروازہ اور اوپری سڑک کے سلکت پھاٹک کے لئے چُنے گئے تھے۔
دربان ایک دُوسرے کے بغل میں کھڑے رہتے تھے۔ ۱۷ مشرقی
دروازہ پر چھ لاوی ہر روز کھڑے ہوتے تھے۔ شُمالی دروازہ چار لاوی ہر روز
کھڑے رہتے تھے اور چار لاوی ہر روز جنوبی دروازے پر کھڑے رہتے تھےاور
دو محافظ گودام پر پہرا دیتے تھے۔ ۱۸ دو محافظ مغربی عدالت پر رہتے تھے
اور چار محافظ عدالت کی سڑک پر رہتے تھے۔
۱۹ یہ دربانوں کے گروہ تھے۔جو قورا اور مراری کے خاندان سے
تھے۔

### خزانچی اور دوسرے عہدیدار

۲۰ دوسرے لاوی اورانکے رشتے دار خدا کی ہیکل کے خزانہ کے اور
وقف کئے گئے تحفوں کے زیرنگراں تھے۔
۲۱ لعدان کی نسلیں جو کہ جیر شون خاندان سے تھے اور لعدان کے
خاندانوں کے قائد تھے، وہ تھے: یحی ایل، ۲۲ اسکا بیٹا زیتام اور اسکا بھائی
یوایل تھا۔وہ خُداوند کی ہیکل کی خزانہ گاہ کے زیرنگراں تھے۔
۲۳ دُوسرے قائدین کو عمرام اظہار، حبرون اور عُزّی ایل کے
خاندانی گروہ سے چُنا گیا تھا۔ ۲۴ موسیٰ کا بیٹا جیرشون، جیرشون کا بیٹا
سبوایل اعلیٰ خزانچی تھا۔ ۲۵ اسکے رشتےدار جو کہ الیعزر سے تھے:الیعزر
کا بیٹا رحبیاہ، اسکا بیٹا اشعیاہ، اسکے بیٹا یورام، اسکا بیٹا زکری اور اسکا بیٹا
سلومیت۔ ۲۶ سلومیت اور انکے رشتےداران تمام چیزوں کا زیرنگراں
تھا جسے بادشاہ داؤد، ہزاروں اور سیکڑوں فوجوں کے عہدیداروں اور
دوسرے سپہ سالاروں نے وقف کیا تھا۔
۲۷ اُنھوں نے جنگوں میں لی گئی مال غنیمت میں سے کُچھ چیزیں
خُداوند کی ہیکل کو بنانے کے لئےوقف کئے۔
۲۸ سلومیت اور اُس کے رشتہ دار سموئیل سیر، قیس کا بیٹا ساؤل،
نیر کا بیٹا ابنیر اور ضرویاہ کا بیٹا یوآب کے ذریعہ دی گئی مُقدّس چیزوں
کی بھی دیکھ بھال کرتے تھے۔
۲۹ اظہاریوں میں سے: کنانیاہ اور اُس کے بیٹے ہیکل کے باہر کا
کام اسرائیل کے عہدیداروں اور منصفوں کی طرح انجام دیا کرتے تھے۔
۳۰ حبرونیوں میں سے: حسبیاہ اور اسکے رشتےدار جو کہ کل ملا کر
۱۷۰۰ لیاقت والےآدمی تھے دریائے یردن کےمغربی اسرائیل کے
لئے، خداوند کے تمام کاموں کے لئے اور بادشاہ کی خدمت کے لئے ذمّہ دار
تھے۔
۳۱ جہاں تک حبرونیوں کی بات ہے، یریاہ انکی خاندانی تاریخ کے
مطابق انلوگوں کا قائد تھا۔ داؤد کی دورِ حکومت کے چالیسویں سال
انلوگوں نے دستاویزات تلاش کیااور جلعاد کے یعزیر سے انلوگوں کے
درمیان سے لیاقت والےلوگوں کو پایا۔ ۳۲ یریاہ کے ۲،۷۰۰ رشتہ
دار تھے جو کہ انکے خاندان کے لیاقت والےقائدین تھے، اور بادشاہ داؤد
انلوگوں کو روبینیوں، جادیوں اور منسّیوں کےآدھے قبیلہ پر ذمّہ دار مقرّر
کیا۔ وہ سبھی خداسے متعلق سبھی کاموں اور بادشاہ کے تمام معاملوں کا
زیرنگراں تھے۔

## فوج کے گروہ

**۲۷** یہ اُن اِسرائیلی لوگوں کی فہرست ہے جو بادشاہ کی فوج میں خدمت کرتے تھے۔ ہر ایک گروہ ہر سال ایک مہینے اپنے کام پر رہتا تھا۔ اُس میں خاندانوں کے کپتان، جنرل اور پولیس کے لوگ تھے جو بادشاہ کی خدمت کرتے تھے۔ ہر فوجی گروہ میں ۲۴،۰۰۰ آدمی تھے۔

**۲** زبدی ایل کا بیٹا یسوبعام پہلے مہینے کے لئے پہلے گروہ کا قائد
تھا۔اسکے گروہ میں ۲۴،۰۰۰ آدمی تھے۔ **۳** یسوبعام فارس کی
نسلوں میں سے ایک تھا اور وہ پہلے مہینے کے لئے فوجی افسروں کا قائد تھا۔

**۴** دودائی دُوسرے مہینے کے لئے فوجی گروہ کا قائد تھا۔ وہ اخوح سے تھے۔ مکومت اسکے یونٹ میں سپہ سالار تھا، جسکی تعداد ۲۴،۰۰۰ تھی۔

**۵** تیسرا سپہ سالار بنایاہ تھا۔ بنایاہ تیسرے مہینے کے لئے سپہ سالار
تھا۔ بنایاہ یہویدع کا بیٹا تھا۔ یہویدع کاہن کا قائد تھا۔ بنایاہ کے گروہ میں
۲۴،۰۰۰ آدمی تھے۔ **۶** یہ وہی بنایاہ تھا جو تیس جانبازوں میں سے ایک
تھا اور تیس کا زیرِ نگراں تھا۔ اسکا بیٹا عمّیزباد اسکے یونٹ میں سپہ سالار تھا
جسکی تعداد ۲۴،۰۰۰ تھی۔

**۷** چوتھا سپہ سالار عساہیل تھا۔ عساہیل چوتھے مہینے کا سپہ سالار تھا۔ عساہیل یوآب کا بھائی تھا۔ بعد میں عساہیل کا بیٹا زبدیاہ اسکی جگہ سپہ سالار کے طور پر لیا۔ عساہیل کے گروہ میں ۲۴،۰۰۰ آدمی تھے۔

**۸** پانچواں سپہ سالار شمہوت تھا۔ وہ پانچویں مہینے کے لئے سپہ سالار تھا۔ شمہوت یزراحی کے خاندان سے تھا۔ اسکے گروہ میں ۲۴،۰۰۰ آدمی تھے۔

**۹** چھٹا سپہ سالار عیرا تھا۔ عیرا چھٹّے مہینے کا سپہ سالار تھا۔ عیرا عقّیس کا بیٹا تھا۔ عقّیس تقوعی شہر کا تھا۔ عیرا کے گروہ میں ۲۴،۰۰۰ آدمی تھے۔

**۱۰** ساتواں سپہ سالار خلص تھا۔ خلص ساتویں مہینے کے لئے سپہ سالار تھا۔ وہ فلونی لوگوں میں سے تھا اور افرائیم کی نسل میں سے تھا۔ خلص کے گروہ میں ۲۴،۰۰۰ آدمی تھے۔

**۱۱** آٹھواں سپہ سالار سبکی تھا۔ سبکی آٹھویں مہینے کے لئے سپہ سالار تھا۔ سبکی حوسہ کا تھا۔ سبکی زارح کے خاندان سے تھا۔ سبکی کے گروہ میں ۲۴،۰۰۰ آدمی تھے۔

**۱۲** نواں سپہ سالار ابیعزر تھا۔ ابیعزر نویں مہینے کے لئے سپہ سالار تھا۔ ابیعزر عنتوتی شہر کا تھا۔ ابیعزر بنیمین کے خاندانی گروہ کا تھا۔ ابیعزر کے گروہ میں ۲۴،۰۰۰ آدمی تھے۔

**۱۳** دسواں سپہ سالار مہرائی تھا۔ مہرائی دسویں مہینے کے لئے سپہ سالار تھا۔ مہرائی نطوفات سے تھا۔ وہ زارح کے خاندان سے تھا۔ مہرائی کے گروہ میں ۲۴،۰۰۰ آدمی تھے۔

**۱۴** گیارہواں سپہ سالار بنایاہ تھا۔ بنایاہ گیارہویں مہینے کے لئے سپہ سالار تھا۔ بنایاہ فرعاتون سے تھا۔ بنایاہ افرائیم کے خاندانی گروہ سے تھا۔ بنایاہ کے گروہ میں ۲۴،۰۰۰ آدمی تھے۔

**۱۵** بارہواں سپہ سالار خلدی تھا۔ خلدی بارہویں مہینے کے لئے سپہ سالار تھا۔خلدی نطوفات سے تھا۔ خلدی عتنی ایل کے خاندان سے تھا خلدی کے گروہ میں ۲۴،۰۰۰ آدمی تھے۔

## خاندانی گروہوں کے قائدین

**۱۶** اِسرائیل کے قبیلوں کے یہ قائدین تھے:

رُوبن: الیعزر ذکری کا بیٹا تھا۔ شمعون: معکہ کا بیٹا سفطیاہ تھا۔

**۱۷** لاوی: قموایل کا بیٹا حسبیاہ، ہارون، صدق،

**۱۸** یہودا، الیہو: الیہو داؤد کے بھائیوں میں سے ایک تھا۔ اشکار: میکائیکل کا بیٹا عمری۔

**۱۹** زبولون: عبدیاہ کا بیٹا اسماعیاہ۔ نفتالی: عزری ایل کا بیٹا یریموت۔

**۲۰** افرائیم: عزازیاہ کا بیٹا ہوسیع۔ منّسی کا آدھا قبیلہ: فدایاہ کا بیٹا یوایل۔

**۲۱** جلعاد میں منّسی کا آدھا قبیلہ: زکریاہ کا بیٹا عیدو۔ بنیمین: ابنیر کا بیٹا یعسی ایل۔

**۲۲** دان: یروحام کا بیٹا عزرایل۔

یہ اِسرائیل کے قبیلوں کے گروہ کے قائدین تھے۔

## داؤد اسرائیلیوں کو گنتا ہے

**۲۳** داؤد نے اِسرائیل کے لوگوں کو گِننے کا فیصلہ کیا۔اسنے بیس سال یا اس سے کم عمر کے لوگوں کو نہیں گنا کیونکہ خداوند نے وعدہ کیا تھا کہ اسرائیل کے لوگوں کی تعداد اتنی ہی ہوگی جتنا کہ آسمان میں تارے۔

**۲۴** ضرویاہ کے بیٹے یوآب نے لوگوں کو گننا شروع کیا لیکن وہ گنتی کو پُورا نہیں کرسکے۔ کیونکہ اسی وجہ سے خدا اسرائیل کے لوگوں پر غصّہ ہوا اوراسلئے لوگوں کی تعداد بادشاہ داؤد کے تاریخ کی کتاب میں درج نہیں کی گئی۔

## بادشاہ کے منتظم

۲۵ یہ اُن آدمیوں کی فہرست ہے جو بادشاہ کی جائیداد کے ذمّہ دار
تھے:

عدی ایل کا بیٹا عزماوت بادشاہ کے گودام کا زیر نگراں تھا۔
عزویاہ کا بیٹا یہونتن، بیرونِ شہر کے، شہروں کے،
گاؤں کے اور قلعوں کے گوداموں کا زیر نگراں تھا۔
۲۶ کالب کا بیٹا عزری کھیتوں میں کاشتکار ی کرنے والے
کسانوں کا زیر نگراں تھا۔
۲۷ رماتی سمعی انگور کے کھیتوں کا زیر نگراں تھا۔ شفامی زبدی
مئے فروخت کرنے والوں کے لئے انگوروں کا زیر نگراں تھا۔
۲۸ بعل حنان مغربی پہاڑی ملک میں زیتون اور گولر کے
درختوں کا زیر نگراں تھا۔ بعل حنان جادری تھا۔ یوآس
زیتون کے تیل کے گودام کا زیر نگراں تھا۔
۲۹ شارونی سطری شارون کے علاقہ میں چرنے والے جانوروں
کا زیر نگراں تھا۔ عدلی کا بیٹا سافط وادی میں مویشیوں کے
جھنڈ کا زیر نگراں تھا۔
۳۰ اوبِل اونٹوں کا زیر نگراں تھا۔ اوبل اسماعیلی تھا۔ یہدیا
گدھوں کا زیر نگراں تھا۔ یہدیا مرونی تھا۔
۳۱ یازیز بھیڑوں کا زیر نگراں تھا۔ یازیز ہاجری لوگوں میں سے
تھا۔

یہ تمام آدمی بادشاہ داؤد کی جائیداد کے زیر نگراں تھے۔

۳۲ داؤد کا چچا یونتن ایک دانشمند آدمی، ایک شاہی صلاح کار اور
ساتھ ہی ساتھ منشی بھی تھا۔ حکمونی کا بیٹا یحی ایل بادشاہ کے بیٹوں کی دیکھ
بھال کرتا تھا۔ ۳۳ اخیتفل بادشاہ کا مشیر تھا۔ حوسائی بادشاہ کا دوست
تھا۔ حوسائی ارکی لوگوں میں سے تھا۔ ۳۴ بعد میں یہویدع اور ابی یاتر
اخیتفل کے جانشین ہوئے۔ یہویدع بنایاہ کا بیٹا تھا۔ یوآب بادشاہ کی فوج
کا سپہ سالار تھا۔

## داؤد کی ہیکل کے لئے منصوبہ

۲۸ داؤد نے اِسرائیل کے تمام قائدین کو یروشلم میں جمع
کیا۔ اُس نے قبیلوں کے قائدین کو، بادشاہ کی خدمت
کرنے والی فوج کے گروہ کے سپہ سالاروں، ہزاروں اور سیکڑوں کے سپہ
سالاروں کو، ان عہدیداروں کو جو بادشاہ اور اسکے بیٹوں کے تمام جائیداد اور
مال مویشیوں کا زیر نگراں تھا، ساتھ میں محل کے عہدیداروں کو، جانبازوں کو
اور تمام بہادر سپاہیوں کو بلایا۔
۲ بادشاہ داؤد کھڑا ہوا اور کہا، "میرے بھائیو اور میرے لوگو مجھے سُنو۔
میں ایک گھر بنانا چاہونگا جہاں معاہدہ کی صندوق رہ سکے، اور وہ
خدا کے لئے پیروں کی چوکی ہوگی، اور میں نے اسے بنانے کی تیاری کی۔
۳ لیکن خُدا نے مُجھ سے کہا، "نہیں داؤد تُم میرے نام پر ہیکل نہیں
بناؤ گے کیونکہ تم نے بہت ساری جنگیں لڑے تھے اور بہت خون
بہایا تھا۔"
۴ "خُداوند اسرائیل کے خدا نے مجھے میرے باپ کے پورے خاندان
میں سے ہمیشہ کے لئے اسرائیل کے اوپر بادشاہ چُنا، کیونکہ اسنے یہوداہ کے
خاندانی گروہ کو قاصد ہونے کے لئے چنا۔ تب یہوداہ کے خاندان میں سے،
خداوند نے میرے باپ کے خاندان کو چُنا۔ اس خاندان سے خدا نے مجھے
اسرائیل پر بادشاہ بننے کے لئے چُنا۔ ۵ اور میرے بیٹوں میں سے اسنے،
کیونکہ خدا نے مجھے بہت سے بیٹے دیئے ہیں، سلیمان کو اسرائیل، خداوند کی
باشاہت کا نیا بادشاہ چُنا ہے۔ ۶ خُداوند نے مجھ سے کہا، 'داؤد تُمہارا بیٹا
سُلیمان میری ہیکل اور میرے لئے آنگن بنائے گا، جیسا کہ میں نے سُلیمان
کو اپنا بیٹا چُنا ہے۔ اور میں اُس کا باپ رہوں گا۔ ۷ میں اسکی بادشاہت کو
ہمیشہ کے لئے طاقتور بناؤنگا، اگروہ میرے احکامات اور اصولوں کو لگاتار
مانتا رہے گا۔ جیسا کہ وہ آج کرتا ہے۔'"
۸ پس اب سارے اسرائیل، "خداوند کی جماعت کے رو برو اور
ہمارے خدا کے حضور میں تُم سے یہ باتیں کہتا ہوں۔ خُداوند اپنے خُدا کے
تمام احکام کا ہوشیاری سے پالن کرو۔ تاکہ تم اس اچھی زمین کو حاصل
کر سکو اور اسے اپنی وراثت کے طور پر اپنی نسلوں کو ہمیشہ ہمیشہ کے لئے
دے سکو۔
۹ "اور اے میرے بیٹے تم اپنے باپ کے خدا کو جانو اور اسکی خدمت
پورے صدق دل اور چاہت سے کرو۔ کیونکہ خداوند ہر ایک کے دل کی
تلاشی لیتا ہے۔ اور ہر ایک کے سوچ و فکر کو سمجھتا ہے۔ اگر تم اسکو تلاشو گے
تو تم اسکو پاؤ گے لیکن اگر تم اسکو چھوڑ دوگے تو وہ تم کو ہمیشہ کے لئے چھوڑ
دیگا۔ ۱۰ سُلیمان! تُمہیں یہ ضرور سمجھنا چاہیئے کہ خُداوند نے تُم کو اپنا
مُقدّس ہیکل بنانے کے لئے چُنا ہے۔ طاقتور بنو اور کام کرو۔"
۱۱ تب داؤد نے اپنے بیٹے سُلیمان کو ہیکل بنانے کے منصوبے کو
سونپ دیا۔ اس منصوبے میں ہیکل کا دہلیز، اسکے مکان، گودام، بالا خانہ
اور اندرونی کمرے اور کفارہ گاہ شامل تھا۔ ۱۲ وہ سارے منصوبے بھی
جو کہ خداوند کی ہیکل کے صحنوں اور اسکے چاروں طرف کے کمروں کے لئے،
خدا کی ہیکل کے گودام کے لئے اور وقف کئے گئے چیزوں کے گوداموں

کے لئے، ۱۳ اور ساتھ ہی ساتھ وہ منصوبے جو کہ خداوند کی ہیکل میں
خدمت کے تمام کاموں کو کرنے کے لئے کاہنوں اور لاویوں کے
گروہوں کے لئے، اور ان تمام چیزوں کے لئے جو خداوند کی ہیکل کے
کاموں میں استعمال ہوتے تھے اسکے ذہن میں تھا۔ ۱۴ اس میں سونے
کے سامانوں کے لئے سونے کا وزن اور چاندی کے سامانوں کے لئے چاندی
کا وزن شامل تھے۔ ۱۵ سونے کے شمعدانوں اور اسکے چراغوں
کے لئے اسکے ایک ایک شمعدان اور چراغوں کے سونے کا وزن اور ہر ایک
چاندی کے شمعدانوں اور چراغوں کے لئے ایک ایک شمعدان اور چراغوں
کا ہر شمعدان کے استعمال کے بنا پر چاندی کا وزن۔ ۱۶ داؤد نے بتایا کہ
مُقدّس روٹی کے لئے کام میں آنے والی ہر ایک میز کے لئے کتنا سونا
استعمال کیا جانا چاہئے اسنے یہ بھی بتایا کہ چاندی کی میزوں کے لئے کتنی
چاندی استعمال کرنا چاہئے۔ ۱۷ داؤد نے یہ بھی بتایا کہ کتنا خالص سونا
کانٹوں، چھڑکاؤ کے کٹوروں اور گھڑوں کے بنانے میں استعمال کرنا ہوگا۔
اور ہر ایک سونے کی طشتری بنانے کے لئے کتنا سونا استعمال کرنا چاہئے
اور ہر ایک چاندی کی طشتری بنانے میں کتنی چاندی استعمال کرنا چاہئے۔
۱۸ داؤد نے بتایا کہ بخور کی قربان گاہ کے لئے کتنا خالص سونا استعمال
کرنا چاہئے۔ اور رتھ کے لئے سنہرے کروبی فرشتے کے لئے جو کہ خُداوند کے
معاہدہ کے صندوق کے اوپر اپنے پنکھوں کو پھیلائے ہوئے ہے کا منصوبہ
بھی دیا۔

۱۹ داؤد نے کہا، ”یہ سارے لکھے ہوئے خداوند نے دیئے تھے۔
خُداوند نے ان منصوبوں کی ہر ایک چیز کو سمجھنے میں مجھے مدد دی۔“

۲۰ داؤد نے اپنے بیٹے سُلیمان سے یہ بھی کہا، ”حوصلہ منداور بہادر
بنو ان منصوبوں کو پورا کرنے کے لئے۔ ڈرومت اور نہ ہی پست ہمّت ہو
کیونکہ خداوند میرا خدا تمہارے ساتھ ہے۔ خداوند تم کو نہ چھوڑیگا اور نہ ہی
ترک کریگا جب تک کہ خداوند کی ہیکل کی خدمت کا سارا کام ختم نہ
ہوجائے۔ ۲۱ خُدا کی ہیکل کا سب کام کرنے کے لئے کاہنوں اور لاویوں
کے سارے گروہ تیّار ہیں۔ ہر ایک ہنرمند کاریگر کسی بھی کام
کو کرنے کے لئے تمہارے حکم کے منتظر ہیں، اور لوگوں کے سارے قائدین
تمہارے سارے حکموں کو ماننے کے لئے تیار ہے۔“

## ہیکل بنانے کے لئے تحفہ

**۲۹** بادشاہ داؤد نے ان سبھی اسرائیل سے جو وہاں جمع
ہوئے تھے کہا، ”میرا بیٹا سلیمان وہ جسے خدا نے چنا ہے،
جوان اور ناتجربہ کار ہے۔ لیکن یہ ایک بہت بڑا کام ہے۔ یہ عمارت لوگوں
کے لئے نہیں ہے بلکہ خُداوند خُدا کے لئے ہے۔ ۲ میں نے اپنے خدا کی
ہیکل کی تعمیر کی تیاری میں ہر ممکن کوشش کی۔ میں نے سونے سے بننے
والی چیزوں کے لئے سونا، چاندی سے بننے والی چیزوں کے لئے چاندی،
کانسہ سے بننے والی چیزوں کے لئے کانسہ، لوہے سے بننے والی چیزوں کے
لئے لوہا، لکڑی سے بننے والی چیزوں کے لئے لکڑی، سجاوٹ کے لئے نیلم
کے پتّھر دوسرے رنگین پتھّر، ہر طرح سے قیمتی پتھر بہت زیادہ مقدار
میں سنگ مرمر مہیّا کرایا۔ ۳ ان سب کے علاوہ، میرے پاس سونا چاندی
کی ذاتی خزانہ ہے، اور کیونکہ میں خدا کی ہیکل کے لئے وقف ہوں، اب
میں اسے خدا کی ہیکل کو ان چیزوں کے علاوہ دے رہا ہوں جسے میں نے
پہلے سے ہی پاک ہیکل کے لئے تیار کیا ہے: ۴ ایک سو دس ٹن سونا (خالص
اوفیر سونا) اور دوسو ساٹھ ٹن چاندی ہیکل کی دیوار کو مڑھنے کے لئے۔
۵ سونے اور چاندی کے سبھی کاموں کے لئے اور دست کاروں کے کسی بھی
کام کے لئے اب میں اسرائیل کے لوگوں سے پوچھتا ہوں، تم میں سے
کتنے لوگ اپنے آپ کو آج کے دن خداوند کو وقف کرنے کے خواہش مند ہو؟“

۶ خاندانی قائدین، اسرائیلی خاندان کے قائدین، ہزاروں اور سیکڑوں
کے سپہ سالار اور بادشاہ کے انتظامیہ کے دوسرے عہدیدار اپنے آپ کو
خداوند کے لئے وقف کردیا۔ ۷ وہ لوگ خداوند کی ہیکل کے لئے ۱۹۰ ٹن
سونا، ۳۷۵ ٹن چاندی، ۶۷۵ ٹن کانسہ اور ۳،۷۵۰ ٹن لوہا عطیہ میں
دیئے۔ ۸ جن لوگوں کے پاس قیمتی پتھر تھے اسے انہوں نے جیر شومی یحی
ایل کے تحویل میں خداوند کی ہیکل کے خزانہ میں دے دیئے۔ ۹ لوگ اپنے
رضامندی سے دیئے ہوئے عطیہ پر بہت خوش ہوئے کیونکہ وہ خلوص دل
اور چاہت سے خداوند کو دیئے تھے۔ اور بادشاہ داؤد بھی بہت زیادہ خوش
ہوئے تھے۔

## داؤد کی خوبصورت دُعا

۱۰ تب داؤد نے اُن لوگوں کے سامنے جو وہاں ایک ساتھ جمع تھے
خُداوند کی تعریف کی۔ داؤد نے کہا،
”خُداوند ہمارے آباء واجداد اِسرائیل کا خُدا ہمیشہ ہمیشہ کے لئے
تیری تعریف ہو۔
۱۱ عظمت، طاقت، جلال، شان وشوکت اور تعظیم تُمہارے لئے
ہے۔ کیوں کہ زمین اور آسمان پر کی ساری چیز تمہاری ہے۔ بادشاہت
تُمہاری ہے۔ اے خُداوند! تم سبھی لوگوں پر سرفراز کئے گئے ہو۔
۱۲ دولت اور عزّت تُجھ سے آتی ہے۔ تُم ہر چیز پر حکومت
کرتے ہو۔ طاقت اور قوّت تمہارے ہاتھوں میں ہے۔ تُم کسی کو عظیم
اور طاقتور بناتا ہے۔

۱۳ اب ہمارے خُدا ہم تیرے شکریہ ادا کرتے ہیں۔ اور ہم
تیرے پُرجلال نام کی تعریف کرتے ہیں۔
۱۴ کیونکہ میں کون ہوں اور میرے لوگوں کی کیا حقیقت ہے کہ
ہملوگ اس طرح سخاوت سے دینے کے قابل ہوں؟ سچ مچ میں تو ہم لوگوں کو
یہ ساری چیزیں عطا کیا ہے اور ہملوگ صرف اسے تجھے واپس کر رہے ہیں۔
۱۵ ہم لوگ ہمارے تمام آباءواجداد کی طرح تمہارے سامنے اجنبی
اور غیر ملکی ہیں۔ ہمارے دن اس روئے زمین پر گذرتے سایہ کی مانند بے
امید ہے۔
۱۶ اے خداوند ہمارے خدا یہ ساری دولت جسے ہملوگوں نے
تیرے مقدس نام کے لئے اس ہیکل کو بنانے کے لئے عطیہ دیا ہے وہ تجھ
ہی سے آتا ہے اور ہر کچھ جسے تیرے ہی ماتحت ہے۔
۱۷ میرے خُدا میں یہ بھی جانتا ہوں کہ تو لوگوں کے دلوں کی
آزمائش کرتا ہے اور تو اسکے اچھے کارناموں سے خوش ہوتا ہے۔ میں نے ان
ساری چیزوں کو خلوص دل اور رضامندی سے دیا ہے۔ اب میں دیکھ
سکتا ہوں کہ یہاں پر جمع ہوئے تیرے لوگ ان چیزوں کو تجھے وقف
کر کے خوش ہیں۔
۱۸ اے خُداوند ہمارے آباءواجداد ابراہیم، اسحاق اور یعقوب کے
خدا، اس خواہش کو ہمیشہ کے لئے اپنے لوگوں کے دِلوں میں رکھّو اور انکے
دِلوں کو اپنی طرف موڑ دو۔
۱۹ اور میرے بیٹے سُلیمان کو تیرے احکام، اصول اور قوانین کو
خلوص دل سے پالن کرنے کی خواہش دے، اور ان ساری چیزوں کو
دے جسکی ضرورت اس ہیکل کو بنانے کے لئے ہے جس کے لئے میں نے
تیّار کی ہے۔"

۲۰ تب داؤد نے وہیں ایک ساتھ جمع ہوئے لوگوں کے گروہ سے کہا،
"اب خُداوند اپنے خُدا کی تمجید کرو!" اِسلئے سب نے خُداوند اپنے آباء واجداد
کے خدا کی تمجید کی۔ اُنہوں نے خُداوند اور بادشاہ کے سامنے زمین پر سجدہ
کیا۔

## سُلیمان بادشاہ ہوتا ہے

۲۱ دُوسرے دن لوگوں نے خُداوند کو قربانی اور جلانے کا نذرانہ
پیش کیا۔ اُنہوں نے ایک ہزار بیل، ایک ہزار بینڈھے ایک ہزار
میمنے اور اپنے مئے کا نذرانہ بھی پیش کیا۔ انلوگوں نے اِسرائیل کے لوگوں
کے بدلے میں بہت سی قربانیاں دیئے۔ ۲۲ اُس دن لوگوں نے کھایا اور
پیا اور خُداوند اُن کے ساتھ تھا۔ وہ بہت خُوش تھے۔
اور اُنہوں نے داؤد کے بیٹے سُلیمان کو دُوسری دفعہ بادشاہ
بنایا۔ انلوگوں نے اسے خداوند کے بادشاہ کے طور پر مسح کیا اور صدوق
کو کاہن کے طور پر مسح کیا۔
۲۳ تب سُلیمان بادشاہ کی طرح خُداوند کے تخت پر اپنے باپ داؤد کی
جگہ بیٹھا۔ وہ بہت کامیاب تھا اور اِسرائیل کے تمام لوگ اس کا حکم مانتے
تھے۔ ۲۴ تمام قائدوں، سپاہیوں اور بادشاہ داؤد کے سبھی بیٹوں نے
بادشاہ سلیمان سے وفادار رہنے کا وعدہ کیا۔ ۲۵ خداوند نے سلیمان کو
اسرائیل کے تمام لوگوں کی نظر میں بہت عظیم بنایا اور اسے ایسا شاہی
شان و شوکت دیا جو کہ اسرائیل کے پہلے کے کسی بھی بادشاہ کو نہیں تھا۔

## داؤد کی موت

۲۶ یسّی کا بیٹا داؤد سارے اِسرائیل کا بادشاہ تھا۔ ۲۷ اسنے
اسرائیل پر چالیس سال تک حکومت کیا۔ اسنے حبرون شہر میں سات سال
تک حکومت کیا۔ تب پھر اسنے یروشلم پر ۳۳ سال تک حکومت کیا۔
۲۸ جب داؤد مرا وہ بہت بوڑھا تھا۔ اسنے ایک اچھی لمبی زندگی گذاری
تھی، اسنے اپنی دولت، عزّت، شہرت سے لطف اندوز ہوا تھا۔ تب اسکا
بیٹا سلیمان بادشاہ کے طور پر اسکا جانشیں بنا۔
۲۹ بادشاہ داؤد کی حکومت کے دوران ہوئے شروع سے آخر تک کے
واقعات سموئیل سیر، ناتن نبی اور جادسیر کے کتابوں میں درج کئے گئے
تھے۔ ۳۰ جو کہ اسکے پوری حکومت اور قوت اور ان واقعات پر مشتمل ہے
جو اسکے ساتھ، اسرائیل کے ساتھ اور اسکے آس پاس کے قوموں کے ساتھ
ہوئے تھے۔

# License Agreement for Bible Texts

***World Bible Translation Center***
***Last Updated: September 21, 2006***

Copyright © 2006 by World Bible Translation Center
All rights reserved.

**These Scriptures:**
- Are copyrighted by World Bible Translation Center.
- Are not public domain.
- May not be altered or modified in any form.
- May not be sold or offered for sale in any form.
- May not be used for commercial purposes (including, but not limited to, use in advertising or Web banners used for the purpose of selling online add space).
- May be distributed without modification in electronic form for non-commercial use. However, they may not be hosted on any kind of server (including a Web or ftp server) without written permission. A copy of this license (without modification) must also be included.
- May be quoted for any purpose, up to 1,000 verses, without written permission. However, the extent of quotation must not comprise a complete book nor should it amount to more than 50% of the work in which it is quoted. A copyright notice must appear on the title or copyright page using this pattern: "Taken from the HOLY BIBLE: EASY-TO-READ VERSION™ © 2006 by World Bible Translation Center, Inc. and used by permission." If the text quoted is from one of WBTC's non-English versions, the printed title of the actual text quoted will be substituted for "HOLY BIBLE: EASY-TO-READ VERSION™." The copyright notice must appear in English or be translated into another language. When quotations from WBTC's text are used in non-saleable media, such as church bulletins, orders of service, posters, transparencies or similar media, a complete copyright notice is not required, but the initials of the version (such as "ERV" for the Easy-to-Read Version™ in English) must appear at the end of each quotation.

Any use of these Scriptures other than those listed above is prohibited. For additional rights and permission for usage, such as the use of WBTC's text on a Web site, or for clarification of any of the above, please contact World Bible Translation Center in writing or by email at distribution@wbtc.com.

World Bible Translation Center
P.O. Box 820648
Fort Worth, Texas 76182, USA
Telephone: 1-817-595-1664
Toll-Free in US: 1-888-54-BIBLE
E-mail: info@wbtc.com

**WBTC's web site –** World Bible Translation Center's web site: http://www.wbtc.org

**Order online –** To order a copy of our texts online, go to: http://www.wbtc.org

**Current license agreement –** *This license is subject to change without notice. The current license can be found at:* http://www.wbtc.org/downloads/biblelicense.htm

**Trouble viewing this file –** If the text in this document does not display correctly, use Adobe Acrobat Reader 5.0 or higher. Download Adobe Acrobat Reader from:
http://www.adobe.com/products/acrobat/readstep2.html

**Viewing Chinese or Korean PDFs –** To view the Chinese or Korean PDFs, it may be necessary to download the Chinese Simplified or Korean font pack from Adobe. Download the font packs from:
http://www.adobe.com/products/acrobat/acrrasianfontpack.html